Education as a Discipline

Theory & Practice

تعلیم بطور ڈسپلن

(نظریہ و عمل)

www.kitabosunnat.com





عشرت حسین بصری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب...عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے
کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی
کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے
درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ

محترم و مکرم پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود صدیقی صاحب

کی خدمت اقدس میں

25788

عشرت صدیقی

22/5/97

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

نام کتاب : تعلیم بطور ڈسپلن (نظریہ و عمل)

مؤلف : عشرت حسین بصری

یونیورسٹی کالج آف ایجوکیشن بوسن روڈ ملتان

اشاعت اول: جنوری 2005ء

ناشر : الماس سنز ، R-888/65 سادات کالونی بوسن روڈ ملتان

کمپوزر : حافظ محمد نعمان حامد 0300-7334677، مدثر علی

تعداد : ایک ہزار

قیمت : 200 روپے

Institute of Islamic Studies
LIBRARY
Punjab University Lhr.

اسٹاکسٹ

- علمی بک ہاؤس، 38۔اردو بازار لاہور
- جناح بک سنٹر، اردو بازار گلگشت ملتان، 520624
- مجید بک ڈپو ، بھوانہ بازار فیصل آباد
- مکتبہ زکریا، بلاک نمبر 10 ڈیرہ غازی خان، 0641-470685

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

25788

فہرست

انتساب 6
پیش لفظ 7

باب اوّل

ڈسپلن بطور مضمون اور اس کا تاریخی پس منظر 9
قدیم مضامین 11
وسطی دور اور وسطی عہد بعید کے تعلیمی اداروں کا خاصہ 13
یونانی مواد کا عربی ترجمہ 14
سائنسی انقلاب 15
ادبی معاشرے اور یونیورسٹیاں 16
مضامین کا دھماکہ 18
رجحانات 22

باب دوم

ڈسپلن (معنی و مفہوم) 26
ڈسپلن کی اہمیت 29
وسعتِ ڈسپلن 34

باب سوم

تعلیمی ڈسپلن بطور مضمون 35

باب چہارم

ڈسپلن اور اس کی خصوصیات 40

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بابِ پنجم

ڈسپلن کا معیار......45
سوسائٹی کا رجحان......49
تعلیم کی مارکیٹ ویلیو اور تقسیم......50

بابِ ششم

تصورِ تعلیم ڈسپلن کی روشنی میں......54
تعلیم کے مقاصد......63
پاکستان میں مقاصد تعلیم......72
تعلیم کی سطحیں......76
تعلیم ایک نئے تناظر میں......90

بابِ ہفتم

تعلیمی ڈسپلن بطور ایک مضمون......102
تعلیم کا نصاب بطور ایک مضمون کے......109
تعلیم کی کثیر مضمونی بطور معاشرتی سائنس......117
تعلیم بطور سائنس......123
سائنسی رجحان......125
تعلیم بطور معاشرتی سائنس......130
تعلیم اور سماجی تبدیلی......132
سکول اور معاشرہ......135
تعلیم ایک فن ہے......137

بابِ ہشتم

نصابِ ڈسپلن......140
ڈسپلن کا مواد (نصاب) اور اس کے اصول......146
مقاصد کی تقسیم بندی کی مختصر تاریخ......152
مستقبل کی ضروریات کی نشاندہی......162

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باب نہم

ڈسپلن کی حالتیں/اشکال 165

ڈسپلن کی حالتیں بطور نصاب کی منصوبہ بندی 179

باب دہم

گفتگو میں دانائی کا نظریہ (Discourse Theory) 181

تھیوری کے نتائج 183

تنقیدی جائزہ 192

خلاصہ 193

باب یازدہم

تعلیم اور دانائی کی گفتگو کا تجزیہ 196

ہم عصر تعلیمی منظر 200

باب دوازدہم

فو کالٹ اور ڈریڈا کے نظریات کا تعلیم پر اثر 201

تعلیم میں تجزیاتی مباحثے کا استعمال 204

باب سیزدہم

تعلیمی نظریہ اور عمل 212

باب چہاردہم

تعلیمی تحقیق بطور ڈسپلن 225

معاشرتی سائنسی تحقیق کے نمونے 226

تعلیمی تحقیق 233

اوصافی تحقیقی نمونہ......ایک نقطۂ تغیر 235

کتابیات 240

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

انتساب

اُس ہستی (صلی اللہ علیہ وسلم) کے نام

جو

وجہ کائنات

اور

شارح علوم

ہے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پیش لفظ

بس! ہم تو صرف اتنا جانتے ہیں کہ یہ بھی ایک روایت ہے کہ پیش لفظ لکھا جائے۔ نہ جانے کیوں؟

مگر!...... اس روایت کو جب ہم درایت کی عینک پہن کر دیکھتے ہیں تو عینک کے شیشوں کے رنگ برنگے ہونے سے بعض چیزیں کبھی کبھی بھلی بھی لگنی ''لگ'' جاتی ہیں........!

یہی حال آج کے اس لفظ پیش کا ہے، پیش لفظ کا نہیں، اگر مجھ سے سچ پوچھو ....!

تو کوئی ''لفظ'' پیش پر نہیں اور نہ ہی کوئی ''پیش'' لفظ پر ہے..............؟

مگر علم، طالب علم اور ماہرین علم ان سبھوں کا دعویٰ یہی ہے کہ ہم سب پیشِ لفظ پر قائم ہیں!

لیکن ابھی تلک میری چشم بینا نے شاید یہ منظر نہیں دیکھا! خدا کرے یہ بھی کبھی ایسا ہو اور میں خیرہ ہو جاؤں۔ تاکہ علمِ حق کو پہچان کر عملِ حق بن کر سفیر علم میں جاؤں۔ خدا کرے ایسا ہو!

جہاں تک کتاب ہذا کے پیش لفظ کا تعلق ہے اس میں علم التعلیم کو بطور ڈسپلن (Discipline) پیش کیا گیا ہے۔ کیونکہ جدید ماہرین تعلیم کے نزدیک یہ دور ''نظری و عملی تعلیم'' کا ہے۔ جبکہ اس سے پہلے کے ادوار اصول تعلیم (فلسفہ و مذہب) اور فن تعلیم (سائنس و تجربہ) کے ادوار سمجھے جاتے رہے ہیں۔ مگر دور جدید انتہائی سبک رفتار ہے۔ کیونکہ یہ الیکٹرانک میڈیا کا دور ہے۔ جب تلک ہمارا معلم/ طالب علم زمانے کی رفتار کے ساتھ ساتھ نہ چل پائیں گے تو پھر پیچھے رہ جائیں گے اور زمانہ کہیں سے کہیں پہنچ جائے گا۔ میرے خیال میں اب یہ وہ وقت آن پہنچا ہے کہ ہمیں خصوصاً اہلِ بصر کو اپنی بصارتی طاقتوں کو تیز کرتے ہوئے، زمانے کی آواز کے ساتھ آواز اور نظروں کے ساتھ نظریں ملا کر چلنا ہوگا۔ وگرنہ پھر یہ نہ کہنا کہ ہائے...... ہائے ....

زمانہ قیامت کی چال چل گیا

دورِ جدید کے نظری فلسفیوں اور ماہرین تعلیم کے افکار کا عکس تو ہمیں انگریزی زبان میں لکھی ہوئی بے شمار کتب میں نظر آتا ہے۔ مگر اردو زبان میں اس نوع کی کتاب شاید ہی پاکستان و ہندوستان میں ہو۔ (بہت مشکل کیونکہ ابھی تک ہماری نظروں سے ایسی کوئی کتاب نہیں گزری)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کتاب ہٰذا اس حقیقت کو مدنظر رکھتے ہوئے تحریر کی گئی ہے کہ طلباء و اساتذہ و قارئین کرام میں علم ایک نئے ڈسپلن کے تحت پروان چڑھے۔اور جدید انداز میں تعلیمی فکر کی آبیاری ہو۔

اِس کتاب میں تعلیم کے طالب علموں و اساتذہ کیلئے جو موضوعات بیان کئے گئے ہیں وہ اپنی موزونیت کے اعتبار سے انتہائی اہم ہیں، جس میں خصوصاً تعلیم بطور ڈسپلن اور اس کا تاریخی پسِ منظر، ڈسپلن کی ضرورت و اہمیت، معیار اور خصوصیات پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔اس کے علاوہ نصابِ ڈسپلن ، ڈسپلن کی مختلف اشکال خصوصاً (Discourse Theory) تعلیمی تھیوری، فوکالٹ اور ڈیریڈا کے نظریات اور ان کے تعلیم پر اثرات اور تعلیمی ڈسپلن و تحقیق جیسے موضوعات پر بڑی تفصیل سے گفتگو کی گئی ہے۔ یہ سب موضوعات جدید تعلیمی فلسفیوں کے نظریات کی عکاسی کرتے ہیں۔

المختصر: میں ان عزیز شاگردوں کا از حد شکر گزار ہوں جنھوں نے مجھ سے اس کتاب کی تیاری کے لئے ''اصرار'' کئے رکھا، اور خصوصاً عزیزہ ثروت جبیں (طالبہ ایم.ایڈ) و عابدہ بی بی (طالبہ ایم.اے ایجوکیشن) کا انتہائی شکر گزار ہوں جنہوں نے اس کتاب کی تیاری میں انگریزی مواد کا اردو میں ترجمہ کیا اور لیکچرز کو تحریر کر کے ترتیب دینے میں بہت مدد کی۔

میں اپنے مہربان پرنسپل جناب پروفیسر عبدالعزیز بلوچ صاحب اور عزیز دوست پروفیسر ڈاکٹر عزیز اللہ ملک صاحب کا بھی خصوصی شکریہ ادا کرنا اپنا فرض سمجھتا ہوں جنھوں نے ہر لمحہ حوصلہ افزائی فرمائی۔ جناب حافظ محمد نعمان حامد صاحب جو صاحب علم و حکمت و دانش ہیں اور مدثر علی صاحب جو اُستادِ کمپیوٹر ہیں، انہوں نے کمپوزنگ میں خصوصی معاونت کی۔

آخر میں میری قارئین کرام سے گزارش ہے کہ اگر دورانِ مطالعہ کوئی سقم نظر آئے تو اصلاح فرما کر مطلع کریں گے اور ہم اِن شاء اللہ العزیز بصد شکریہ آپ کی اعلیٰ علمی آراء و تجاویز کو عملی شکل دینے کی کوشش کریں گے۔

ہے خوبیٔ دو عالم اِک حسنِ خاتمہ پر
سر کرنا اس مہم کا ادنیٰ ہے کام تیرا

عشرت حسین بصری

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

باب اوّل

ڈسپلن بطور مضمون اور اُس کا تاریخی پس منظر

Discipline as a subject & its Historical Background

ایک مضمون کی تعریف ان الفاظ میں کی جا سکتی ہے کہ "یہ عقلی علوم کے دائرے میں تسلیم شدہ علم کی ایک شاخ ہو۔ اور ہر جگہ جانا پہچانا جائے۔"

اگر چہ ہر مضمون کے کچھ عمومی معیارات اور قوانین ہوتے ہیں جس پر سب متفق ہوتے ہیں، لیکن یہ جامد نہیں ہوتا۔ بے شک ایک دعویٰ یہ بھی کیا جا سکتا ہے کہ اگر کوئی مضمون پھلنا پھولنا یا نشوونما پانا چھوڑ دے تو وہ مضمون نہیں کہلایا جا سکتا۔ ایسے مضمون کا کیا حاصل جب ایک عہد اپنے آئندہ کے لئے بے معنی اور اوہام پرستی کا نمونہ بن جائے۔

علم فلکیات کے مطابق کچھ یقینی ستارے یا سیارے نیک فال ہیں یا بد فال ہیں، اب بہت سے لوگوں کے نزدیک ایک باطل عقیدہ ہے۔ گو ماضی میں یہ مضمون ہی تھا جس نے ان شاندار دماغوں کو متاثر کیا تھا جو اس موجودہ دنیا کی عقلی توجیہ تلاش کر رہے تھے۔

اب ہر مضمون کو علم کی واضح اور وسیع اقسام میں سے کسی ایک میں شمار کیا جاتا ہے۔

(۱) وہ مضامین جن کا تعلق انسانی علم و فن سے ہے۔

(۲) سماجی سائنس (علوم)۔ (۳) طبعی سائنس (علوم)۔

ایک مضمون ان حدود کار سے ہٹ کر بھی ہو سکتا ہے۔ مثال کے طور پر تاریخ جس کو کچھ لوگ انسانی مضمون مانتے ہیں اور کچھ معاشرتی یا سماجی سائنس۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وہ کسوٹی یا معیار جو امریکہ (U.S.A) میں کسی بھی مضمون کو پرکھنے کے لئے استعمال ہوتا ہے اس میں درج ذیل عوامل کا جائزہ لیا جاتا ہے

i۔ اس مضمون میں کتنے لوگ دلچسپی رکھتے ہیں اور اس کے مطالعے کے شائق ہیں۔

ii۔ ان افراد کی نسبتی اہمیت۔

iii۔ اداراتی ڈھانچے خاص طور پر اعلیٰ تعلیم میں اس کی مسلمہ اہمیت اور اس کا زمانۂ عرصہ دراز وغیرہ۔

تاہم اس کے تعین میں مزید قابلِ فہم عوامل یہ ہیں کہ آیا کوئی علمی وادبی معاشرہ جس میں یہ مضمون رائج تھا اب موجود ہے۔ اور یہ کہ آیا وہ معاشرہ ان تین کونسلز میں سے کسی ایک کا رُکن ہے:

(i) American Council of Learned Societies.

(ii) The Social Science Research Council.

(iii) The National Academy of Sciences.

National Academy of Engineering.

National Research Council.

جو کہ علم کی تین وسیع حدود (areas) کی نمائندگی کرتی ہیں۔ یہ کونسلز معاشروں کو ممبر بنانے کے علاوہ اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ وہ کس مضمون کی نمائندہ ہیں، انہیں آزمائش کے مرحلے سے گزارتی ہیں۔ اگرچہ موجودہ مضامین کی صحیح تعداد کے بارے میں ان اندازوں/تخمینوں میں یقیناً تنوع ہوگا۔ ایک قرین قیاس ٹوٹل ان نیشنل کونسلز کے علمی معاشروں کی نمائندہ/پیش کردہ تعداد کے مقابلے میں 60 سے کچھ اوپر ہوگا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

25788

قدیم مضامین:

تاریخ میں دیئے گئے عہد کے مضامین چاہے وہ مضامین میں شمار ہوں یا تعداد میں کم یا زیادہ ہوں، ان میں مادی، روحانی اور فنی مواد ہوتا تھا جو ان کی نشو ونما اور ابتداء کے لئے اساس کا کام سرانجام دیتا تھا۔ شاملِ حال وہ مضامین بھی تدریس اور تعلیم کے عمل میں شمار ہو چکے ہیں۔ چین، انڈیا اور مشرق قریب میں تہذیب کی ابتداء سے یہ بات سچ ثابت ہو چکی ہے۔

علمِ فلکیات جس کو ''تہذیب کی ماں'' کے نام سے پکارا جاتا ہے غالبًا ان قدیم تہذیبوں میں ظاہر ہونے والا سب سے ابتدائی اور واضح مضمون ہے۔ پادریوں کے کیے ہوئے فلکی مشاہدات (2000BC to 3000BC) قبل مسیح ہم تک ان تہذیبوں کے ذریعے ہی پہنچے ہیں جو دریائے یوفریٹس اور ٹیگوس کی وادیوں میں پھلی پھولیں۔ بلا شک و شبہ یہ مشاہدات ایک مذہبی سبب اور وجہ رکھنے کے ساتھ ساتھ کسانوں کو بوائی اور کٹائی بتانے کے لئے ایک کیلنڈر یا ریکارڈ جیسی عملی وصف بھی رکھتی تھیں۔

دریائے نیل کی طغیانیوں نے قدیم مصریوں کو اپنے کھیتوں کی پیمائش (مٹے ہوئے نشاناتِ کے ذریعے) کرنے پر مجبور کر دیا۔ اس طرح جیومیٹری جو کہ زمین کی پیمائش سے متعلق ہے اور ایک ریاضیاتی مضمون ہے کا آغاز ہوا۔ دھاتوں کے بڑھتے ہوئے استعمال نے دھاتوں کے آمیزے اور دھاتوں کے عمل کاری طریقۂ کار کے مطالعے کی ضرورت محسوس کی۔ جانوروں کی گوشت فروشی، خوراک اور قربانی کے لئے اور مصریوں کے ہاں مُردوں کو مصالحہ لگانے اور حنوط کرنے کے عمل (مذہبی مقاصد کے لئے) نے ایسے علم کی راہ ہموار کی جس کا تعلق انسانی اجسام اور جانوروں کے ڈھانچے کے مطالعے سے تھا۔ اسی طرح اشیائے صرف کی پیداواریت میں اضافے سے بلا شک و شبہ انسانی و عمارتی سج دھج و آرائش میں دلچسپی بڑھا دی، جس کا نتیجہ مصری اہراموں میں خوبصورت، دیدہ زیب تصاویر اور آرٹ کی صورت میں ظاہر ہوا۔ ان مختلف تراکیب میں ہم ریاضی، طبیعات، علم اجسام، حیاتیات، مصوری اور مجسمہ سازی کے حوالے سے دیکھ سکتے ہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس کے علاوہ اس ابتدائی دور میں ہمیں واضح ثبوت پایا جاتا ہے کہ تدریس اور تعلّم کا عمل جو کہ مضمون میں مستند حیثیت رکھتا ہے، اُس وقت شروع ہو چکا تھا۔ مثلاً ایڈون سمتھ کے سرجری کے کاغذات، مثال کے طور پر سترھویں (17) صدی قبل مسیح میں 1000 سال قدیم اصلی مصری کام میں سے نقل کئے گئے۔ اس میں انسانی جسم کے زخموں سے متعلق 48 کیس ہیں۔ اصطلاحات اور تنظیم جو کہ اس میں استعمال کی گئی ہیں۔ اس بات کی طرف واضح اشارہ ہے کہ یہ کاغذات تدریس اور تعلیم کے مقاصد کے لئے استعمال کئے جاتے رہے ہیں۔ (۱)

یونانی ثقافت کے سنہری دور میں چار صدی قبل مسیح میں، علم کی واضح اور مکمل تفریق/ درجہ بندی اور امتیاز کے لئے مکمل تیاری کی گئی وہ علم جو بیسویں (20) صدی سے قبل کا تھا، اس دور کے حکمران مجلس ثلاثہ کا غیر معمولی کام یعنی (سقراط، افلاطون) اور ارسطو، یہ ظاہر کرتا ہے کہ اُن لوگوں نے علم کی واضح شناخت اور درجہ بندی کو بہت اہمیت دی اور اس پر زور دیا۔ ان کی علم تک رسائی خالصتاً معلوماتی تھی۔ خاص طور پر ارسطو نے اس کائنات کی وضاحت و تشریح ایک بیان اور فہرست کے ذریعے کی جس میں کائنات سے متعلق تمام اہم معلومات جو وہ سمجھتا تھا، درج کیں۔ اس کے کام کا تقریباً ایک چوتھائی حصہ ہمیں ملا ہے، بقیہ گم ہو گیا۔ اس میں طبعیات، علم فلکیات، علم موسمیات، علم ارضیات، علم حیوانات، نفسیات، معاشیات، پولیٹیکل سائنس اور ریاضی کے متعلق خاص تفصیل اور حوالے موجود ہیں۔ المختصر ارسطو نے ہر مضمون کے علم تک ایک منظّم مضامینی رسائی پیش کی۔

چوتھی صدی قبل مسیح اور چوتھی صدی بعد از مسیح کے درمیانی عرصہ میں، یونانیوں کی علم تک منظّم مضامینی رسائی اسکندریہ اور روم میں منتقل کی گئی۔ جہاں علماء نے اس میں قابلِ قدر اضافہ کیا۔ "Skeptical" جیسے فرقوں کا ظہور، جو اس بات کے حامی تھے کہ انسان ہر چیز کا حقیقی علم حاصل نہیں کر سکتا، تبدیلی کا پیش خیمہ بنا۔ رومی حکومت کا زوال اور یورپ میں عیسائیت کے قیام نے مغربی انسان کے ذہنی نظریہ میں تبدیلی کا عمل مکمل کر دیا۔

---

1. (Breasted, James Henry, 1930, The Edwin Smith Surgical Papyrus 2 Volume University of Chicago Press)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وسطی دور:

جبکہ علماء اس بحث میں مصروف تھے کہ آیا وسطی دور قدیم اور جدید دنیاؤں میں کوئی رخنہ تھا یا بہترین انسانی کامیابیوں کی مجسم تہذیب۔ اس دور کی کچھ ایسی خصوصیات ہیں جن پر سب کا اتفاق رائے ہے:

(۱) ابتدائی علم کا سب سے بڑا حصہ، خاص طور پر یونانیوں کا، جس نے مغربی دُنیا کو صدیوں تک متاثر کیا۔

(۲) یہ عارضی دماغی تعطل شدید تھا اور یونانی / رومی شہری تہذیب کے زوال/ انتشار سے مزید شدید ہو گیا۔ کیونکہ وسطی دنیا مکمل طور پر ایک غیر شہری دنیا تھی۔

(۳) رومی کیتھولک چرچ اس دور کا ایک نمایاں اور غیر معمولی ادارہ بن گیا۔

(۴) وسطی انسان اور چرچ یونانی رومی ثقافت کا پابند نہیں تھا۔ بڑی حد تک جامد اور دیہاتی طرزِ زندگی میں مقید تھا۔ اس دور کا انسان اور چرچ اس تصور پر قائم تھے کہ طبعی دنیا اپنی بہترین حالت میں یا تو اگلی دنیا کی تیاری کے لئے کوئی جگہ تھی یا بدترین حالت میں سعی، بدمعاشی اور مصیبتوں کی جگہ تھی۔ اسی عقیدہ کو سینٹ آگسٹائین نے واضح انداز میں بیان کیا، جو کہ مغربی فکر میں ایک اہم شخصیت تھا۔ پانچویں صدی میں اپنی بہترین کتاب City of God میں اس نے اپنا یہ عقیدہ بیان کیا۔

آگسٹائین کا خیال وسطی دور میں چرچ میں نفوذ کر گیا، جو کہ عقل و دانائی کا سب سے بڑا مرکز تھا۔ اور چرچ سکولوں کے چاروں طرف یونیورسٹیاں بن گئیں۔

وسطی عہد بعید کے تعلیمی اداروں کا خاصہ

تیرھویں (13) صدی میں یہ یونیورسٹیاں آرٹس، علم الٰہی، قانون اور ادویات کے شعبوں میں تقسیم ہو گئیں۔ اور یہ کون سا ایسا شعبہ جس نے اس دور کے مضامین نہ پڑھائے ہوں مثلاً:

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

Trivium (grammar, logic, rhetoric)،
Quadrivium (astronomy, music, arithmatic & geometry)

قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ اس فہرست میں سے تجرباتی سائنسی مضامین غائب تھے۔لیکن اس میں بہت سا مواد وہ بھی شامل تھا جو لبرل ایجوکیشن کی بنیاد قائم تھا۔لاطینی زبان کی بنیادی تعلیم اوران مضامین کا مطالعہ سرشدانہ یا پادری کے علم یا قانون اورادویات میں داخلے کے لئے مقدم یا ضروری شرط تھی۔گیارھویں اور بارھویں صدی میں وسطی علم میں ایک نئے عنصر کا اضافہ ہوا۔

یونانی مواد کا عربی ترجمہ

اس میں بہت سا مواد مغرب کے لئے بالکل نیا تھا۔اور کچھ عربوں کی حقیقی سائنسی ترقی بھی شامل تھی۔اس ملغوبہ، نے رسمی وسطی خیال/فکر یعنی Scholastiaism کو جنم دیا۔سادہ ترین اصطلاحات میں اور کچھ بھی مشکل نہیں ہے۔اس کے سادہ انداز میں، مدرسیت دراصل نظریاتی مقصد پر مشتمل تھا۔جس نے وحی اور عقل کے مابین کشمکش سے جنم لیا۔بلاشک وشبہ سینٹ تھامس ایکوینز مدرسیت کی عظیم ترین شخصیت نے وحی کی بالادستی کوتسلیم کیا کہ یہ خدا کی طرف سے سچائی ہے۔بلکہ اُس نے اس عقیدہ کی وضاحت کی کہ عقلی خیال/فکر نے اس سچائی کو صحیح ثابت کیا تھا۔اگر کوئی فرد تسلیم شدہ عیسائی اصولوں کے برخلاف نتیجہ پر پہنچتا ہے، تاہم اس کی منطق یا استدلال میں کہیں کوئی خامی تھی۔

جبکہ جدیدیت کا یہ نظریہ ہے کہ ایسا رویّہ اس کے پیروؤں کو عقلی اندھا پن کی حالت اختیار کرنے پر مجبور کر رہا ہے۔مدرسیت ایک طاقت تھی جو دو مخالف تصورات کے درمیان مصالحت یا میل ملاپ کے لئے کوشاں تھی۔مزید برآں مدرسیت کا ایک حصہ جو عقلیت پر یقین رکھتا تھا (مجربیت) عملیت اور تجرباتی سائنس مستقبل کی پیش گوئیوں یا نشانیوں کا حامل تھا۔مدرسیت کی اصل دلیل ارسطو کے استدلال کے استخراجی طریقہ کو پھر رواج دینا اور بلاشک وشبہ دو فلسفیانہ رویوں میں مشابہت نے دلچسپی میں اضافہ کیا اور ارسطو کی دوبارہ دریافت شدہ تحریروں

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے حقیقی مواد کا معائنہ، یہ سب مدرسیت کی اصل بحث تھی۔ ان واقعات کے تسلسل سے سترھویں (17) صدی کے سائنسی انقلاب اور بعد میں ہونے والا علم اور مضامین میں اضافے کا کھوج لگایا جا سکتا ہے۔ بے شک ایک دعویٰ یہ بھی کیا جا سکتا ہے کہ ہر دور میں انسانی علم کی ہر قسم انسان کی ان تمام کوششوں کا نتیجہ ہے جو پیدائشی کٹر مخالف چیزوں کو دوبارہ ملانے کے لئے کی گئیں۔

سائنسی انقلاب:

اگرچہ کوپرنیکس، کیپلر گیلیلیو اور دوسروں کے نیم تجرباتی اور ریاضیاتی کام کا پیش رو تھا۔ لیکن جدید سائنس کی ترقی میں سب سے اہم کام اسحاق نیوٹن نے کیا، جو 1687ء میں اس کی کتاب "Principia Mortematica" کی اشاعت سے عروج پر پہنچا۔ اس کتاب کا حقیقی انقلابی عنصر یہ تھا کہ نیوٹن نے یہ تصور پیش کیا اور تسلی بخش وضاحت بھی کی کہ یہ ساری کائنات روحانی ترتیب کے لحاظ سے مکمل طور پر خود مختار ہے۔ وہی قانون جو سیب کے زمین پر گرنے میں استعمال ہوا تھا اس نے چاند کے اپنے مدار میں گردش پر استعمال کیا۔ اس طرح فلکی اجسام جو ارسطو اور مدرسیوں نے اپنی بناوٹ اور عمل میں مختلف تصور کئے ناقص زمین سے، ان کو ایک مہیب ریاضیاتی تناسب میں حرکت کرتے ہوئے دکھایا گیا۔ اگر یہ سب صحیح تھا تو تمام فطری منظر نامہ زیر تفتیش آ سکتا تھا۔ اور یہی وجہ ہے کہ سائنس کے بہت سے تاریخ دان یہ سمجھتے ہیں کہ "Principia" کی اشاعت شاید تاریخ سائنس میں سب سے بڑا واقعہ ہے۔(1)

---

1. Dampier William Cecil, 1961 "A History of Science and its relation with Philosophy and Religion", 4th Edition, New York, Cambridge University Press. P-154

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تاہم رسوم و رواج کا بندھن توڑنا آسان نہ تھا۔ یہ ایک طویل، بہت پیچیدہ اور باہم منسلک عمل تھا جس نے نیوٹن کے انقلاب کے زیر اثر Trivium اور Quadrivium کے مضامینی نظام کے انتشار کا مشاہدہ کیا۔ اس کے ساتھ ساتھ اور اس کا ایک لازمی جزو آہستہ لیکن مستقل ثقافتی اور ٹیکنالوجی کی ترقی تھی۔ مثلاً قطب نما پرکار، گھڑیاں، حرکت نما اور دھماکہ خیز، موسیقی، مصوری، مجسمہ سازی کی نئی حالتوں، ٹیکنیک کی دریافت، کھوج کے بحری سفر، جس نے پورے کرہ ارض پر بڑھتی ہوئی مغربی سائنس اور تہذیب کو پھیلا دیا۔ یہ اور اس قسم کی دوسری تبدیلیوں نے تقویت دی اور معاشرتی اداروں کے موجودہ/ قائم شدہ ڈھانچے میں ردّو بدل میں معاون ثابت ہوئیں۔ بشمول اُن تبدیلیوں کے جو علم کی ترسیل کے لئے تراشی گئیں۔ ان میں سب سے اہم تبدیلی ایک نئے ادارے میں ''علمی/ادبی معاشرہ'' کا قیام تھا۔

ادبی معاشرے اور یونیورسٹیاں:

جیسا کہ بیان کیا جا چکا ہے، وسطی دور کی یونیورسٹیاں چرچ کے زیر اثر تھیں۔ دونوں اداروں کا مقصد لاطینی علم کا مطالعہ تھا جو کہ چرچ کے آباء کی تحریروں کے مطالعہ کا ذریعہ تھا، یعنی کہ علمِ الٰہی۔ Trivium اور Quadrivium کے مضامین سیکولر علم کے بارے میں زیادہ مواد پر مشتمل تھے۔ ان کو ابھی تک علم الٰہی سے کم درجے کا تصور کیا جاتا تھا۔ اور ان میں تجرباتی سائنس کے بارے میں کوئی مواد نہیں تھا۔ عربوں کے علم و فضل کا ظہور اور مدرسیت کے عروج نے یونیورسٹیوں میں تبدیلی کی ابتداء کو متعارف کرایا۔ یہی وجہ تھی کہ نیوٹن کی سائنس کو نئی سائنس اور نیا فلسفہ دیا گیا۔ جس نے ایک ادارے کو جنم دیا۔ علمی معاشرہ جو کہ نئی سائنس میں مضمر تجرباتی طریقہ کے لئے زیادہ فیاض یا موزوں یا کارآمد تھا۔ (1)

1. (Kiger Joseph C. 1963, "American Learned Societies" Washington, D.C., Public Affairs Press.)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

انیسویں (19) صدی میں اُن کے زیرِ اثر جو ادبی و علمی معاشروں سے منسلک تھے یا خودمختار اور غیر معمولی خیالات رکھنے والے افراد سے، یورپ اور امریکہ میں یونیورسٹیوں کے مضامینی ڈھانچے میں نمایاں تبدیلیاں رونما ہوئیں، اگرچہ Trivium اور Quadrivium کے عناصر ابھی بھی تراشے جاسکتے ہیں۔ مضامین کی تنظیم کی مقبول عام قسم نے تیزی سے بڑھتے ہوئے سائنسی انقلاب اور وسطی فکر کا مرکب پیش کیا۔ اس مرکب/آمیزہ کی بنیاد اس عقیدہ پر تھی کہ حقیقت ایک مرتب اور قابلِ فہم ڈھانچہ ہے۔ حقائق کو طبعی حواس کی مدد سے سمجھا جاتا تھا۔ اور حقائق کے مابین تعلق عقلی دلیلوں سے قائم کیا جاتا تھا۔ ان دانشوروں کے مطابق جیسے ولیم پالے اور چارلس لائل، جب یہ حقائق، چاہے وہ فطرت کے ہوں یا انسانی زندگی کے، ان کو ایک پختہ ذہنیت کے ذریعے سمجھا جاسکتا تھا۔ یہ حقائق پروردگار اور اس کی پروردگاری کے بارے میں واضح ثبوت مہیا کرتے تھے۔ انہی حقائق نے فطری/حقیقی اور الہامی مذہب کے درمیان فرق کے لئے بنیاد قائم کی اور عیسائیت کے لاتعداد شہادتوں کے کورس کی وضاحت کی۔ اور یہ کورس آخری اٹھارویں (18) صدی اور ابتدائی انیسویں (19) صدی کے کالج کے نصاب میں شامل تھے۔ یہ کورسز فطرت اور تجربہ کے مختلف پہلوؤں کی تفصیل یا شمار پر مشتمل تھے، جن کو تخلیق میں ایک مقدس مقصدیت کی شہادتوں کے طور پر دیکھا اور سمجھا گیا۔

اس ہیئت کے ساتھ علم کو ایک مرتب نمونہ میں منظّم کیا گیا جو کہ فطرت سے ہم آہنگ تھا۔ بے جان مواد سے شروع کرتے ہوئے، کوئی بھی زندگی کی حالتوں کے مطالعے کی طرف آگے بڑھ سکتا ہے۔ زندگی کی حالتیں، انسان کی اپنے، معاشرے کی، اور آخرکار انسان اور معاشرے کا خدا کے ساتھ تعلق کا مطالعہ، اس کے ساتھ ساتھ اس وقت کی یونیورسٹیوں اور کالجوں میں بھی علم کو تعلم کے تین وسیع areas میں تقسیم کیا۔ فطری، انسانی اور اخلاقی سائنس یا فلسفہ (سائنس اور فلسفہ ادل بدل میں استعمال ہوسکتے ہیں) فطری فلسفہ میں طبعی اور حیاتیاتی سائنس بھی شامل تھی۔ عقلی فلسفہ ان عنوانات کو ڈیل کرتا (نپٹاتا) تھا جن کو آج کے دور کی معاشرتی سائنس

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں تغیر پذیر ہوتا تھا۔ جیسے سیاسیات، اخلاقی فلسفہ کو اب اخلاقیات کہا جائے گا۔ اور ان areas میں اخلاقیات کے اطلاق کو ہم اب سماجی سائنس یا سماجی مطالعہ کہتے ہیں۔

یہ علم کے تین وسیع دائرے، کلاسیکی زبانوں کے ساتھ (ان علوم کو حاصل کرنے کا ایک ذریعہ) اور غیر ملکی زبانوں اور ریاضی کی معمولی لیاقت نے انیسویں صدی کی آخری چند دہائیوں میں نمایاں مضامین کو مرتب کیا۔ اس دور میں پورے ڈھانچے کو مکمل اور جلدی سے تبدیل کیا گیا تاکہ بیسویں صدی کے عمدگی سے اکٹھے یا منسلک کئے ہوئے اور اعلیٰ پیمانے پر محدود کئے ہوئے سائنسی اور انسانی مضامین کے پریشان کن تنوع کا مقابلہ کیا جا سکے۔

مضامین کا دھماکہ:

یوں معلوم ہوتا ہے کہ انیسویں صدی کے آخیر اور بیسویں (20) صدی کے مضامین کا دھماکہ اس سائنسی انقلاب کا نتیجہ تھا جو سترہویں (17) ویں صدی میں شروع ہوا تھا۔ واقعات کا تسلسل جن کو یہاں مجتمع کیا گیا ہے، کچھ اس طرح سے رُونما ہوئے۔ نئی سائنس کے پیشہ وروں نے اس نظریہ پر کام شروع کر دیا کہ سائنسی طریقہ جس نے علم فلکیات میں اپنے چونکا دینے والے نتائج مہیا کئے اس کو فطری منظر نامہ میں کہیں بھی استعمال کیا جا سکتا تھا۔ آہستہ لیکن یقینی طور پر ان کے ابتدائی اور بظاہر پوشیدہ تخفیف اور تجربات نے ٹھوس نتائج مہیا کرنے شروع کر دیئے۔ بینجمن فرینکلن (Benjiman Franklin) نے ایک پتنگ کے ساتھ تجربہ کرتے ہوئے ایک چمکتی ہوئی روشن چھڑی ایجاد کی۔ جیمز واٹ (James Watt) ایک لڑکا ہوتے ہوئے بھاپ دینے والی کیتلی سے متحیر ہو گیا اور اس نے تخلیقیت اور بھاپ کے ممکنہ استعمال کے بارے میں علم حاصل کرنے کے لئے طبیعات کا مطالعہ کیا۔ 1800ء میں اس کا ایٹمی انجن وہ توانائی مہیا کر رہا تھا جس نے دنیا کو تبدیل کر کے رکھ دیا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

1900ء میں یہ اور اس طرح کی دوسری تیکنیکی ایجادات واختراعات نے ان رہائشی سہولیات کو تخلیق کیا جو اُن سے کئی درجے بہتر تھیں، جن سے انسان پہلے واقف تھا۔ بہت سے لوگ اپنے آباء واجداد اور اپنے پچھلے حکمرانوں کی نسبت زیادہ اچھی زندگی گزار سکتے تھے۔ حرارت، روشنی، اور بہت سے گھروں میں چالو پانی ماضی کے محلات اور جاگیرداروں کی دیہاتی رہائش گاہوں کو کہیں درجے اعلیٰ بنا دیا۔(1)

فطری طور پر انسانیت کا ہجوم، اس کے ساتھ ساتھ سائنسدان اور تیکنیک کاران کامیابیوں سے متاثر تھے۔ اگرچہ نئے صنعتی مزدوروں کا طرزِ زندگی اور معیار جنہوں نے وہ مشین بنائیں اور استعمال کیں، جدید معیار کے مقابلے میں ناقابلِ برداشت ہے۔ کچھ سرکردہ اعلیٰ کے مطابق یہ مزدور اپنے دیہاتی بھائیوں کے نزدیک زیادہ بہتر تھے جو ان سے پیچھے رہ گئے تھے۔ جب اُنہوں نے شہروں اور قصبوں کا رُخ کیا۔(2)

انیسویں(19) صدی کے وسط میں تیکنیکی ایجادات اور تبدیلیوں نے بہت سے لوگوں کے لئے بھاری جسمانی کام کی کمی کو ممکن بنا دیا۔ اس کے علاوہ حیاتیات اور ادویات میں ترقی، طویل زندگی اور اونچی شرح پیدائش بھی ممکن بنا دی۔ جس سے موجودہ دور میں انسانی آبادی میں شاندار اضافہ ہونا شروع ہوا۔ آخرکار ان تبدیلیوں نے بڑے اور زیادہ بڑے شہروں میں زیادہ سے زیادہ لوگوں کی رہائش بھی آسان اور ممکن الحصول بنا دی۔ مشکلات جو کبھی ناقابلِ عبور دکھائی دیتی تھیں، خوراک کی سپلائی، مواصلات، صحت جیسے مسئلے حل ہو گئے۔ اور انیسویں(19) اور بیسویں(20) صدی میں بڑے شہروں میں بڑھوتری نے تاریخ کے تمام ریکارڈ توڑ دیئے۔ نیویارک، لندن، ٹوکیو جن میں پانچ سے دس ملین افراد کا اندازہ لگایا گیا تھا، قدیم شہر روم سے بھی کئی گنا زیادہ آگے بڑھ گیا۔ اپنی ایک ملین آبادی کے تخمینے کے ساتھ ان بڑے شہروں کو کام جاری رکھنے کے لئے اور آگے بڑھنے کے لئے مخصوص مضامین میں ماہر اور تربیت یافتہ افراد بہت زیادہ تعداد میں درکار تھے۔

1. Brigs Asa, 1970, Victorian Cities, New York.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

2. Harper and Snow C.P., 1959, The two cultures and the scientific Revolution, New York, Cambridge University Press.)

شہری بیماریوں کے بڑھتے ہوئے مختلف پہلوؤں کو کنٹرول کرنے کے لئے، مثال کے طور پر، صحت کے مضامین کی بڑھتی ہوئی مقدار کے پیش نظر تربیت یافتہ سرکاری عہدیداران کی ضرورت تھی۔شہری مالیاتی ڈھانچہ کے نظم ونسق کے لئے معاشیات کے مختلف پہلوؤں میں ماہرین درکار تھے۔

جملہ معترضہ کے طور پر وسطی تہذیب جو کہ بنیادی طور پر دیہی تھی، جن میں بہت کم تعداد میں مضامین تھے، کلاسیکی تہذیب (ابتدائی شہری تہذیب) میں اُس سے زیادہ اور جدید شہری تہذیب میں اس سے بھی زیادہ مضامین تھے۔

جدید شہروں میں زیادہ سے زیادہ لوگوں کو کسی بھی ایسی چیز سے معنی خیز تعلق یا ربط سے روک دیا گیا جو انسان کے بنے ہوئے اور مفید ماحول سے بڑھ کر ہو۔ دانشوروں کے کام جیسے ڈارون، مارکس اور فرائیڈ نے حاضر و ناظر خدا کے وسیع علاقے کو سمیٹنے کا فریضہ سرانجام دیا۔ دانشوروں اور شہری آبادی دونوں نے اس عقیدے کو پھیلا دیا جس کو ہم انسان یا مادہ کی پرستش کہتے ہیں۔

انیسویں (19) اور بیسویں (20) صدی میں یہ تصور مقبول عام ہو گیا کہ انسان غیر مادی کرّہ میں بھی کام کر سکتا ہے جو کہ وہ کچھ ہی عرصہ پہلے مادہ (Metal) میں کر چکا تھا۔ اس طرح سائنسی رویہ کو اُن دائرہ کاروں میں بھی استعمال کیا جا سکتا تھا جو انسان اور انسانوں کے تعلقات سے منسلک تھے۔

وہ حصے، علاقے جن کو کچھ ہی عرصہ قبل قابل حل تصور کیا گیا تھا، اگر انسانی اور سماجی مسائل کو جدا کیا جاتا اور ان کے ساتھ وہی حقائق اکٹھے کرنے والا اور تجزیاتی طریقہ استعمال کیا جاتا جو کہ فطری یا طبعی سائنس میں استعمال کیا گیا، تب فارمولے اور ان کے حل کے قوانین جلد واقع ہوتے۔ یہ نئے مضامین کے ظاہر ہونے کی بنیادی وجوہات معلوم ہوتی ہیں، جس کو اب ہم معاشرتی سائنس کہتے ہیں، جیسے سوشیالوجی، سیاسیات اور سائنسی کی تاریخ۔ ان تبدیلیوں کے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ساتھ مضبوط بندھن اور ان کو معاونت، تعلیم کے جدید اداروں کی مضمونی اور ساختی حالتوں میں تبدیلی کا نتیجہ تھی۔

معاشرتی تبدیلیوں میں ان اداروں کے کردار کے بارے میں بہت کم معلوم ہوسکا ہے۔ یا ان کی اپنی تبدیلیٔ حالت کے لئے بنیادی تبدیلی میں کردار نامعلوم ہے۔ شہریت کے عمل میں یونیورسٹی اور کالجوں کے کردار کے بارے میں کبھی بھی منظم کھوج نہیں لگائی گئی۔ یہ معلوم کیا گیا کہ 1880ء میں امریکہ کے کالج اور یونیورسٹیوں میں تاریخ کے مضمون میں 11 پروفیسرز تھے۔ اسی طرح انگلش، آرٹس اور موسیقی کے پروفیسر بھی کم تعداد میں تھے۔ آج ان کی تعداد ہزاروں میں ہے۔ اسی طرح کی ترقی کیمسٹری، جانوروں یا پودوں کے باقیات کا مطالعہ (جو کافی عرصہ تک زمین میں دبے رہنے کے بعد پتھر میں تبدیل ہوجاتے ہیں) Parasitology، سیاسیات اور عمرانیات۔ ان میں 50 یا 60 کے قریب اشد ضروری مضامین کے نام ہیں۔ یہ معلوم ہوا ہے کہ کالج اور یونیورسٹی کی تدریس کے لئے Sine quanon اب پی. ایچ. ڈی کی ڈگری بن چکا ہے۔ اور یہ ڈگری جرمن یونیورسٹی کی درآمد شدہ تھی۔ جہاں عمیق خصوصی مہارت پیدا کی گئی۔ ایک Ph.D پروفیسر سے یہ توقع کی جاتی تھی کہ وہ ایک محدود دائرہ علم کے بارے میں ہر چیز جانتا ہوگا۔ جتنا زیادہ محدود اتنا زیادہ بہتر۔ اس وقت کے تنقید نگار اور بعد میں آنے والوں نے اسے نیم ظرافت آمیزی سے اسے تبدیل change کردیا۔ پی. ایچ. ڈی کی ڈگری کا حامل فرد کم سے کم چیز کے بارے میں زیادہ سے زیادہ جانتا تھا۔ مختلف مضامین میں Ph.D کرنے والوں کی بڑھتی تعداد یا اضافہ یک مضمونی علمی وادبی معاشروں کی بیک وقت تخلیق کا باعث بنا۔

کوئی بھی بآسانی یہ نتیجہ اخذ کرسکتا ہے کہ اس اضافے اور امریکی کالج اور یونیورسٹیوں کے شعبہ جاتی تنظیمی ڈھانچے کی پیہم و مسلسل تخلیق میں کوئی تعلق تھا۔ وہ دلائل، نظریات اور خیالات جو ایسی ڈرامائی تبدیلیوں کے ذمہ داران کی طرف سے بڑھائے گئے ان کی ابھی تک تحریری شہادت پیش نہیں کی گئی۔ کسی بھی ءوے میں طبعی سائنس کا مضامینی نام، سماجی سائنس اور

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

انسانیت، مکمل تخلیق شدہ تھے۔ اور جنگ عظیم اوّل میں مصروفِ عمل ہے اور ابھی بھی قائم ہے۔ اگرچہ اس پر ابھی بھی تنقید کی جاتی ہے۔

رجحانات:

1930ء تک، قائم شدہ تعلیمی اداروں کے اندر اور باہر نسبتاً کم سوالات کیے گئے۔ مضامینی، شعبہ جاتی، پی۔ ایچ۔ ڈی مرکز ساخت کے بارے میں بھی کم سوالات ہوئے۔ ایک نمایاں اعتراض اس وقت کے Jose ortega Y.Gasset نے 1932ء میں کتاب The Revolt of Masses، میں کیا تھا۔ بارھویں باب ''اسپشلائزیشن کی بربریت'' میں اورٹیگا (Ortega) نے دانشورانہ سائنسی طریقے کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا، جو کہ نئے مضمونی نظام کی پیداوار تھی۔ اس نے یہ بھی کہا کہ تاریخ میں پہلی بار ایسے لوگ بھی تھے جو نہ صرف سوچتے تھے بلکہ عمل بھی کرتے تھے۔ اس عقیدے پر کہ وہ اس وقت تعلیم یافتہ ہوئے جب وہ حقیقتاً جاہل اور وحشی تھے۔ اور علم کے چھوٹے سے سیکٹر کے بہت بڑے ماہر تھے۔ اورٹیگا (Ortega) کے پرگسی تصورات موجودہ تہذیب کے مستقبل کے بارے میں اُس کے اس عقیدے پر قائم تھے کہ یہ نایاب قسم کا انسان انسانی واقعات کی سمت یا رُخ میں ایک پُراثر کردار ادا کر رہا تھا۔

ایک اور کتاب 1968ء The Dehumanization of art میں ایک اسپینی فلسفی نے آرٹ کی مختلف اقسام میں تبدیلیاں تلاش کیں جو اس کے خیال میں کوئی عام انسان نہیں بلکہ آرٹسٹ ہی دیکھ سکتا تھا۔ اورٹیگا نے اعتراض کیا کہ یہ نافہمی آرٹسٹ کے اس کلچر سے نفرت کا نتیجہ ہے جو سائنسی انقلاب کے بعد پیدا ہوا۔ اورٹیگا کی یہ تنقید دوسروں سے ملتی جلتی ہے۔ علمی و ادبی معاشروں نے دو یا اس سے زیادہ مضامین کو منظم کرنے کے لئے اپنی کوششیں کیں۔ ایک مثال دیکھئے: Econo-metric معاشرہ 1931ء میں منظم ہوا۔ کیونکہ معاشیات دانوں، ریاضی دانوں اور شماریات والوں نے یہ محسوس کیا کہ قائم شدہ مضمونی و ادبی معاشروں اور روزناموں اور یونیورسٹی ڈیپارٹمنٹ جو ان مضامین کی نمائندگی کرتے ہیں، نے ان کو مختلف حصوں میں بانٹ دیا تھا۔ ان کو ایک مضمون بنا دینا چاہیے۔ کونسلز اور اداروں کی ایک

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تعداد جیسے Social Science Research Council، 1924ء میں قائم ہوئی۔ اور American Institute of Physic، 1931ء میں قائم ہوا، نے ان کے آغاز و ابتداء کا کھوج لگایا تا کہ ان مضامین کو دوبارہ اکٹھا کیا جاسکے۔

1955ء میں ایک میگزین Daedalus امریکی اکیڈمی آف آرٹس اور سائنس نے شروع کیا۔ کیونکہ اس کے ارکان کا یہ عقیدہ تھا کہ ایک نیا چیلنج، نئی ضرورت اس میگزین کے لئے پہلے سے موجود ہے۔ جدید علم کی Specialization اور حصہ بخری کی وجہ سے۔(1)

C.P.Snow نے اپنی مشہور کتاب

The two Cultures and the Scientific revolution (1959)

میں دلیل دی ہے کہ مغربی معاشرہ بہت سارے ٹکڑوں میں اس طرح بٹ گیا ہے کہ مختلف مضامین کے تعلیم یافتہ افراد کا بہت کم معنی خیز میل جول یا تعلق رہ گیا تھا۔ اسنو نے یہ بھی دعویٰ کیا کہ معاشرہ ایک نئے دور میں داخل ہونے والا ہے جس میں طبعی سائنس دان، معاشرتی سائنس دان اور انسانی فطرت کا مطالعہ کرنے والا چاہے ان کے مضامین کی کوئی Choice نہ ہو، لیکن انہیں اس منتشر تہذیب کو جوڑنا اور اکٹھا کرنا ہے، جیسا کہ ہم جانتے ہیں۔

کالج اور یونیورسٹیوں میں بھی ہلچل تھی۔ وسیع شعبوں میں Ph.D کی ڈگری کے ایوارڈز جیسے لبرل آرٹس یا امریکی تہذیب کی تاریخ بڑی ہوشیاری سے متعارف کرائی گئی۔ 1950ء اور 1960ء کے عشرے میں نمایاں یونیورسٹیاں مزید آگے بڑھ چکی تھیں۔ مثلاً Massachusetts Institute of Technology نے صرف انتظامی مقصد کے لئے شعبے برقرار رکھے۔ ایک عمارت اس کی تدریس و تحقیق کے لئے تقریباً پانچ مضمونی گروپس کے لئے قائم رکھی گئی۔ اس کے فرض منصبی اور تنظیم کو بیان کرتے ہوئے Rocke Feller ادارہ، اب راک فیلر یونیورسٹی، جس کا اس ادارہ کے بارے میں یہ تصور ہے کہ یہ شعبہ جات کی نسبت افراد کے لئے قائم کی گئی ہے۔(2)

1. (American Academy of Arts and Science, 1959, P-4)
2. (Rockefeller Institute, 1960-1961, Bulletin5 No.2, Entire issue)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جبکہ فلسفیانہ اور فنکارانہ دلائل اور اداراتی تبدیلیاں نمایاں ہیں۔ یوں لگتا ہے جیسے بڑے شہروں میں لوگوں کے طرزِ حیات میں مقداری اور اوصافی تبدیلیاں موجودہ مضمونی نظام کے معائنہ و جانچ پڑتال کے لئے نمایاں و بڑا محرک ثابت ہوگا۔ طبعی سائنس دان، معاشرتی سائنس دان اور انسانی فطرت کا مطالعہ کرنے والے انسان کا پورے ماحول اور دوسری اشیاء و اجسام کے ساتھ تعلق کے بارے میں ان کی تشویش بڑھتی جا رہی ہے۔ اور اس تشویش سے جانداروں کا ماحول کے ساتھ تعلق کے مضمون میں دلچسپی بڑھ گئی ہے۔

کوئی بھی عام آدمی دیکھ سکتا ہے، چکھ سکتا ہے، محسوس کر سکتا ہے اور سونگھ سکتا ہے۔ ماحول میں موجود آلودہ مواد سے وہ یہ محسوس کرتا ہے کہ کچھ غلط ہوا ہے۔ اور اس مضمون کے ماہر اس کا حل تلاش کرنے میں ناکام رہے ہیں۔ بے شک یہ اس کے شک وشبہ کا آغاز ہے کہ وہی ماہرین جنہوں نے کچھ ہی عرصہ قبل بہتر طرزِ حیات تخلیق کیا تھا، کسی جادوگر کے نوآموز شاگرد کی مانند ان چیزوں پر قابو پانے میں ناکام رہے ہیں، جہاں اُنہوں نے اپنا پورا زور لگایا تھا۔ موٹر کاروں کی زیادہ سے زیادہ ہارس پاور کے ساتھ پیداوار قابلِ اطمینان ہے، حتیٰ کہ لاس اینجلس میں دن رات کی مانند لگنا شروع کر دے۔

جہاں تک ان کی جسمانی صحت اور خوشحالی کا تعلق ہے انسانوں نے یہ محسوس کیا ہے کہ سائنس دانوں کی خاص مضامین میں ایجادات نے انسان کو دو دھاری تلوار کے ساتھ بروقت مدد کے لئے تیار کیا ہے۔ اُنہوں نے یہ بھی محسوس کیا ہے کہ انہی سائنس دانوں نے ان کی Contribution کے ممکنہ نقصان دہ اثرات کی تفتیش کرنے، حتیٰ کہ ماننے سے انکار کر دیا تھا۔

1962ء میں راشیل کارسن کی کتاب "Silent Spring" نے لوگوں کی توجہ DDT کے بلاتفریق استعمال سے انسانوں اور جانوروں کے لئے خطرات کی طرف مبذول کرائی۔ کیمیکل پر پابندی لگانے کے لئے مخالفت کو ختم کرنے میں تقریباً ایک دہائی کا عرصہ لگا۔ انسان کی بنائی ہوئی کیڑے مار ادویات، کیمیائی کھاد اور پیک شدہ کھانے کی اشیاء میں اضافی مواد کا بے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تحاشا استعمال بڑھ گیا ہے اور اس کے ممکنہ اثرات پر کوئی توجہ نہیں دی جاتی بہ نسبت جلد اثرات کے۔ اب دیر سے ہی سہی۔ اس بات کا نوٹس لیا گیا ہے کہ یہ کیمیکل انسانوں پر خصوصاً اور ماحول پر کچھ مضر رساں اثرات پیدا کر رہے ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ زیادہ سے زیادہ مفکر اب یہ سمجھتے ہیں کہ مخصوص مضمونی نظام جس نے تقریباً ایک صدی تک ترقی کی، اب اس مرحلے میں پہنچ گیا ہے کہ اس کو دوبارہ اصلی حالت میں لانا اور ایک نئی آمیزش کی ضرورت ہے۔ وہ یہ دلیل دیتے ہیں کہ ایسے افراد کی ضرورت ہے جو پہلے سے موجود مخصوص مضامین کا احاطہ کر سکیں۔ جائزے اور یقین دہانی کے لئے نہ صرف یہ کہ کسی بھی چیز کو کس طرح مکمل کیا جا سکتا ہے بلکہ اس کے ممکنہ نتائج و اثرات کیا ہوں گے اور شاید یہ سب سے بڑھ کر اہم ہے کہ اس کو ہر صورت میں ہونا چاہئے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باب دوم

ڈسپلن

Discipline

Discipline انگریزی زبان کا لفظ ہے جو کہ لاطینی زبان کے لفظ Disciple سے ماخوذ ہے۔ اس کے لغوی معنی شاگرد کے ہیں۔ آکسفورڈ ریفرنسز ڈکشنری میں ''ڈسپلن'' کی تعریف کچھ یوں بیان کی گئی ہے:

The oxford references Dictionary:

(1) Training or a way of life aimed at self control and obedience.
(2) Ordered maintained or observed among pupils.
(3) A branch of instruction or Learning.
(4) Authoritative control and direction.
(5) Training in obedience and order.

''نیو سٹینڈرڈ ڈکشنری'' میں ڈسپلن کی کچھ یوں تعریف کی گئی ہے:

New standard Dictionary:

(1) A course of exercise and practice in order to bring and keep. ____ central
(2) Punishment for the sake of training.
(3) A system of rules or methods of practice.

Mental Discipline:

Unity of different issues, problems is known as discipline.

Insight problem (Insight بذات خود مسائل کا حاصل نہیں ہے)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

Sources of knowledge

Senses, Intution, Insight, Revealation

Insight علم و تجربات سے سابقہ معلومات کے ذریعے حاصل ہوتی ہے۔

حواس خمسہ (insight) کو (Improve) کرتے ہیں اس کے ذریعے ہی

ہم پرانے تجربات کو نئے تجربات میں پیش کر سکتے ہیں۔

Disciple اس کو کہتے ہیں جس کے (data) کے اپنے method ہوتے ہیں اس کی اپنی (collection boundries) ہوتی ہیں جس کے اپنے (sources of knowledge) ہوتے ہیں۔

Defination:

☆ Body of knowledge with its own rules.
☆ Discipline in activity guided by submission to rules.

Discipline of knowledge:

Knowledge is level of thinking process.
(i) body of knowledge
(ii) content
(iii) system of evaluation
(iv) source of knowledge.

ان سب کو اگر اکٹھا کیا جائے تو Discipline of knowledge جنم لیتا ہے۔ ہر سبجیکٹ کے اپنے meaning اور terminology ہوتی ہے۔ ہر ڈسپلن کے اندر اپنا Depth of analysis ہوتا ہے اور (analysis system) ہوتا ہے۔ اور یہی Discipline کو بڑھانے میں مدد کرتا ہے۔

مثال کے طور پر ہم اس میں تین (subjects) کو لیتے ہیں

History, Philosophy, Physics

پہلے دو میں arguments اور logic شامل ہیں اور physics میں Scientific method استعمال ہوتے ہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

Content:

یہ(curriculum)میں آتا ہے۔اور یہ استاد اور شاگرد کے درمیان توجہ پیدا کرتا ہے۔
It provide structural tested knowledge.
یعنی ایسا (knowledge) جو کہ آزمودہ ہو اور اس میں کسی قسم کا (doubt) نہ ہو تو یہ (Tested) کہلاتا ہے اور یہ(content) بھی مہیا کرتا ہے۔

Dilemma of Education:

ماہرین تعلیم نے(Education as Discipline) پر سب سے زیادہ گفتگو Dilemma of Discipline پر کی اور اس میں دو(issues) پر زیادہ بات کی ہے۔

Shortage of time to receive primary secondary education.

(i) Primary Education — پرائمری تعلیم

(ii) Secondary Education — ثانوی تعلیم

Problem of Structure of the Discipline

تعلیمی ڈھانچے کا مسئلہ

اس میں تین قسم کے Problems ہیں:

(i) Problems of organization of the discipline.

(ii) Problems of the substantive conceptual structure used by each discipline.

(iii) Problems of the syntax of each discipline.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ڈسپلن کی اہمیت Importance of Discipline

مندرجہ ذیل نکات کی روشنی میں وضاحت کے ساتھ ڈسپلن کی اہمیت کو اُجاگر کیا جا سکتا ہے:

۱۔ مقاصد کی تشکیل
۲۔ تشکیل و کردار
۳۔ باہمی اشتراک و تعاون
۴۔ قیادت
۵۔ نفسیاتی تقاضوں کی تشکیل
۶۔ تعلیم، استاد اور شاگرد
۷۔ عمومی لوگ
۸۔ انتظامی اُمور
۹۔ پالیسی سازی
۱۰۔ ثقافت اور تعلیم
۱۱۔ مذہبی تعلیم
۱۲۔ سیاست اور تعلیم
۱۳۔ معاشی حالات
۱۴۔ ماحولیات
۱۵۔ ذہنی تربیت
۱۶۔ کردار و اخلاق
۱۷۔ خود شناسی
۱۸۔ عرفان الٰہی
۱۹۔ کائنات کا علم
۲۰۔ زندگی کا حسن اور رعنائی

۱۔ مقاصد کی تشکیل:

فرد کی شخصیت کی ہمہ پہلو نشوونما کا اعلیٰ ترین حلقہ ہے۔ اس مقصد کے حصول کے لئے تعلیمی ماحول میں ڈسپلن کا ماحول ہونا بہت ضروری ہے۔ (Discipline) کا صحت مندانہ ماحول فرد کی شخصیت میں تنظیم و اطاعت اور ضبط نفسی جیسی اعلیٰ کرداری صفات پیدا کرتے ہیں اور اس کو قوم کا مطلوبہ فرد بناتے ہیں۔

۲۔ تشکیل و کردار:

Discipline کے ذریعے ہی طلبہ کے کردار و شخصیت کو مطلوبہ مقاصد میں ڈھالا جاتا ہے۔ اس سے فرد کے کردار کی تشکیل و تعمیر ہوتی ہے جو کہ نظم و ضبط کے عمل کے بغیر ممکن نہیں ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳۔ باہمی اشتراک وتعاون:

Discipline کی اہمیت اس لئے بھی ہے کیونکہ اس سے مراد طلبہ اور افراد میں باہمی اشتراک وتعاون اور اخوت ومحبت کو فروغ ملتا ہے۔

۴۔ قیادت:

فرد میں قائدانہ صلاحیتیں (Discipline) ہی کے ذریعے آتی ہیں۔

۵۔ نفسیاتی تقاضوں کی تشکیل:

Discipline کی بدولت تعلیمی ادارے کے خوشگوار ماحول میں طلبہ کے نفسیاتی تقاضوں کی تکمیل ہوتی ہے۔ درس وتدریس کے اصولوں میں بھی مدد ملتی ہے۔ اور اس سے ان کے نفسیاتی تقاضوں کی تشکیل میں مدد ملتی ہے۔

۶۔ تعلیم بطور اُستاد اور شاگرد: (Education and teachers and student)

استاد اور تعلیم کا آپس میں بہت گہرا تعلق ہے۔ استاد اور شاگرد کا آپس میں چولی دامن کا ساتھ ہے۔ وہی subject صحیح معنوں میں ڈسپلن کہلانے کا مستحق ہے۔ جس میں ان تینوں میں آپس میں (relation) پایا جاتا ہو۔

معلم ...... متعلم ...... تعلیمی ماحول ...... تعلم = تعلیمی تجربہ

متعلم سے / معلم جنم لیتا ہے اس سے تعلم اور تعلیمی ماحول جنم لیتے ہیں اور ان دونوں کے باہمی اشتراک سے تعلیمی تجربات معرض وجود میں آتے ہیں۔

Education teaches to produce education work. behaviour attitude, ability, because education is investment

سب سے پہلے جب بھی انسان کو کوئی مسئلہ یا مشکل درپیش ہوتی ہے خیالات جنم لیتے ہیں۔ خیالات سب سے پہلے دماغ میں اور دماغ سے ذہن میں اور اس طرح آگے ضمیر میں اور ضمیر سے سوچ، سوچ سے خیالات جنم لیتے ہیں الفاظ opinion اور attitude جنم لیتے ہیں اور ان دونوں سے behaviour بنتا ہے اور یہ مثبت بھی ہوسکتا ہے اور منفی بھی ہوسکتا ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۷۔ عمومی تعلیم General Educaiton:

General Education سے مراد عام تعلیم ہے۔ یعنی کہ اگر معاشرے سوسائٹی اور گھر کے تمام افراد عام تعلیم سے واقف ہونگے تو گھر میں اور معاشرہ میں بہتر ماحول پیدا ہوگا امن ہوگا خوشحالی ہوگی اس لئے ہم کہہ سکتے ہیں کہ تعلیم اور عام لوگوں کا آپس میں گہرا تعلق ہے۔

۸۔ انتظامی امور Administration:

اس سے مراد انتظامیہ ہے۔ اگر ایک فرد معاشرے کے حالات واقعات سے بخوبی واقف ہوگا تو وہ ملک کے حالات کو بہتر سے بہتر طریقے سے چلائے گا۔ تمام مسائل کو بڑی آسانی اور جلدی سے سمجھ لے گا اور بڑی جلدی حل کرنے کی کوشش کرے گا اگر ان پڑھ ہوگا تو کچھ بھی نہیں ہوگا۔

۹۔ پالیسی سازی Policy Making:

پالیسی ملک کی ثقافت، نشست و برخاست خیالات جنرل الفاظ، تمیز وغیرہ پر مشتمل ہوتی ہے۔ سب سے پہلے پالیسی ساز اس ملک کی رسم ورواج کو دیکھتے ہیں اگر نصاب اور ہو اور رسم ورواج اور ہوں تو ہم خود ہی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ کیسے لوگ پیدا ہونگے پاکستان میں سات سالہ پالیسی چل رہی ہے جس میں کوئی تبدیلی نہیں لائی گئی لوگوں کا مزاج کچھ اور ہے اور گورنمنٹ کا کچھ اور اس لئے کسی پالیسی پر عمل درآمد نہ ہوسکا۔ واحد یہ علم ہے جو لوگوں کا مزاج بناتا ہے۔ پھر پالیسی اور پھر نصاب۔ افریقہ اور ایشیا کے بہت سے ممالک پسماندہ ہیں بلکہ ناخواندہ ہیں بنگلہ دیش میں خواندگی کا تناسب 86% ہے۔ ہماری پالیسیاں صرف اس وجہ سے کامیاب نہ ہوسکیں۔ ہمارے ملک میں خواندگی کا تناسب 36% ہے۔ ایجوکیشن پالیسی سرے سے ناکام ہے۔ ہم عرب ممالک کی مثال لیں۔ ان کے پاس تیل وافر مقدار میں موجود ہے لیکن لوگ تعلیم یافتہ نہیں ہیں جس کی وجہ سے ان کے پاس اتنی اتھارٹی نہیں ہے کہ اسے فروخت کرسکیں۔ اگر ان ممالک میں تعلیم عام ہوتی تو یہ صورتحال نہ ہوتی۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۱۰۔ثقافت اور تعلیم:

اگر ہم ثقافت کو نکال دیں تو تعلیم صفر رہ جائے گی کسی ملک کی ثقافت اس کا پرزہ ہوتی ہے۔ جہاں تعلیم ہوگی وہاں سے منفی ثقافت کو نکالا جا سکتا ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ جن علاقوں میں منفی ثقافت ہوتی ہے یعنی سمگلنگ وغیرہ ہوتی ہے۔ ان کو دیکھ کر دوسرے لوگ بھی شروع ہوتے ہیں اس لئے ثقافت اور تعلیم کا آپس میں چولی دامن کا ساتھ ہے۔

۱۱۔مذہبی تعلیم:

''اللہ کے نیک بندوں سے ہمیشہ عقل مند لوگ نصیحتیں پکڑتے ہیں''۔ جہاں مذہب ہوگا وہاں معاشرہ فلاح پائے گا۔ مذہب انسانوں کے حقوق کا درس دیتا ہے۔ باز پرس کرتا ہے۔ ایک طرف تو ہم مذہب سے تعلیم حاصل کرتے ہیں اور ان سب باتوں پر عمل کرتے ہیں جہاں علم ہوگا وہاں تعلیم ہوگی۔

۱۲۔سیاست اور تعلیم:

ملک میں تعلیم وہاں ہوگی جہاں سیاست ہوگی وہ معاشرے کی مضبوطی کے قائل ہونگے۔ سیاست دان ہونگے تو پالیسی بنے گی امن ہوگا تعلیم ہوگی۔

۱۳۔معاشی حالات:

پڑھے لکھے لوگ ہمیشہ معاشرے کو پروان چڑھاتے ہیں جس فیلڈ میں جتنے زیادہ پڑھے لکھے لوگ ہونگے وہاں معاشرہ اتنا ہی زیادہ ترقی کرے گا۔ ہم عرب ممالک کی مثال لیں ان کے پاس تیل وافر مقدار میں موجود ہے لیکن لوگ تعلیم یافتہ نہیں ہیں جس کی وجہ سے ان کے پاس اتنی اتھارٹی نہیں ہے کہ اسے فروخت کرسکیں۔ اگر ان ممالک میں تعلیم عام ہوتی تو یہ صورتحال نہ ہوتی۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۱۴۔ ماحولیات:

بیماریاں بہت زیادہ ہیں حالانکہ سائنسی تحقیق بھی بہت زیادہ ہے۔ یہ تعلیم ہی ہمیں سکھاتی ہے کہ ماحول کو کیسے صاف ستھرا رکھنا ہے۔ اٹلی کی مثال لیں وہاں بہت آتش فشاں پہاڑ پھٹتے تھے انہوں نے اپنی تعلیم کی بدولت کنٹرول کر کے گیس پیدا کی ہے۔ گیس سے بجلی حالانکہ یہ ایک آفت تھی لہٰذا ہر قسم کے ماحول کو تعلیم کی بدولت کنٹرول کیا جا سکتا ہے۔

۱۵۔ ذہنی تربیت:

انسان ذہن کی بدولت ایک دوسرے کو پہچان سکتا ہے اور اللہ تعالیٰ کو اور باقی ساری مخلوق کو ذہن کے ہی ذریعے پہچان سکتا ہے۔

۱۶۔ کردار و اخلاق:

تعلیم انسان کے اچھے اور برے اخلاق کی آئینہ دار ہوتی ہے۔ یہی انسان کو اچھا اور برا اخلاق سکھاتی ہے کہ وہ کیسے اور کس طرح لوگوں کے ساتھ (bahave) کرے۔ اور تعلیم کے ہی ذریعے انسان کے اچھے یا برے اخلاق کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

۱۷۔ خود شناسی:

تعلیم کے ہی ذریعے انسان اپنے آپ کو اور دوسروں کو پہچان سکتا ہے۔ تعلیم کے بغیر تو انسان اپنے آپ کو بھی نہیں پہچان سکتا۔

۱۸۔ عرفان الٰہی:

تعلیم کے ہی ذریعے انسان اللہ تعالیٰ کو پہچان سکتا ہے کہ مجھے اس کائنات میں کس مد کے لئے بھیجا گیا ہے۔

۱۹۔ کائنات کا علم:

کائنات کا علم بھی ایک تعلیم یافتہ شخص حاصل کر سکتا ہے۔ اس کو معلوم ہوتا ہے کہ کائنات کیا ہے۔ کائنات میں خدا کے کیا کرشمے ہیں۔..................؟

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲۰۔ زندگی کا حسن اور رعنائی:

زندگی کا تمام تر حسن اور رعنائی بھی تعلیم کی بدولت حاصل ہوتی ہے۔اس کا اندازہ ایک تعلیم یافتہ گھریلو خاتون اور ایک ان پڑھ گھریلو خاتون کی زندگی سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔

Scope of Discipline وسعتِ ڈسپلن

i. School administration.
ii. Education perspectives
iii. Educational psychology
iv. Philosophy of education
v. Educational evaluation, testing, assesement and measurement.
vi. Educational Research.
vii. Computer education.
viii. Islamic system of education.
ix. Management educational supervision.
x. Guidence and counselling etc.

ایجوکیشن کا مضمون اس لئے بھی ڈسپلن کہلانے کا مستحق ہے کیونکہ اس کی بہت ساری شاخیں ہیں وہ مضمون ڈسپلن کہلانے کا حق دار نہیں ہے۔جس کی مختصر شاخیں یا حدیں ہوں۔کوئی بھی مضمون چاہیے وہ دنیا میں کتنا ہی مشہور کیوں نہ ہو اس کی اتنی شاخیں اور سرحدیں نہیں ہیں جتنی کہ ایجوکیشن کی ہیں۔اس میں مختصر سکول کا انتظام، تناظرات تعلیم، تعلیمی نفسیات، تعلیمی فلسفہ اور تعلیمی جائزہ۔ پیمائش وغیرہ شامل ہیں اور اس میں تعلیمی تحقیق وغیرہ کمپیوٹر کی تعلیم اسلامی نظام تعلیم تعلیمی انتظامات اور رہنمائی اور کونسلنگ وغیرہ شامل ہیں۔اتنی مشہوری (Popularity) کسی بھی مضمون کی نہیں ہے جتنی کہ ایجوکیشن کی ہے یہ مضمون گویا بین الاقوامی شہرت کا حامل ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باب سوم

تعلیمی ڈسپلن بطور مضمون

Educational Discipline as a Subject

☆ کیا Discipline پڑھنے کے قابل مضمون ہے؟

☆ کیا یہ واقعی کوئی مضمون بھی ہے؟

لارڈ سکلڈ یلسکائی اور ہنسارڈ. Lord Skildelsky, Hansard (1993) کہتے ہیں:

''تعلیم ایک ناپختہ/خام مضمون ہے اور سیاسیات، نظریات اور وسیع سماجی مقاصد کے ساتھ ربط کی وجہ سے جو کہ اس نظریہ کا ہمیشہ سے حصہ رہے ہیں کہ کس طرح پڑھایا جائے اور یہ مسئلہ یوں ہی درپیش رہے گا اور تعلیمی تھیوری بھی ہمیشہ متنازعہ رہے گی''۔ (1)

کانٹ Kant

''تعلیم کو بطور انسانی کردار کی نشو ونما کے لیتے ہیں کیونکہ kant اس کو ''انسان کا سب سے بڑا اور سب سے مشکل مسئلہ سمجھتا تھا''۔

تعلیم مختلف آراء اور وضاحت کا ایک پیچیدہ تصور ہے اس کو مختلف زاویوں سے پرکھا جاتا ہے۔ قدیم تصور میں تعلیم کی ضرورت کو سب سے پہلے بقاء کا ذریعہ سمجھا جاتا تھا۔ بچوں کو ایسی مہارتیں سکھائی جاتی تھیں جو زندہ رہنے کے لئے ضروری تھیں۔ بتدریج، اس کو مختلف مقاصد کے لئے استعمال کیا جانے لگا۔ تعلیم فرصت کے اوقات کا بہترین استعمال بن گئی اور ثقافتی و معاشرتی زندگی کی اصلاح کا ذریعہ بھی۔ بقاء کے محرکات، ثقافتی محرکات میں تبدیل ہو گئے اور اس تصور نے سماجی ترقی کے لئے ایک نیا رخ بدلا۔ اس طرح مہارتی تربیت نے رخ بدل کر فہم و فراست کو

1. Chris woodhead, Guardian/Institute of Education Debate(1998).

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

انسانی تشویش میں بدل دیا گیا۔اس لئے تعلیم کا اعلیٰ ترین مقصد، عقلی اور تصوراتی فہم وفراست پر مرکوز ہو گیا۔ بعد میں یہ علم کی صورت میں ظاہر ہوا۔ اور اس کو ایک مضمون کا درجہ دینے کے لئے کوششیں شروع ہو گئیں۔اس واسطے تعلیم کی ایک جامع تعریف کی ضرورت بڑھ گئی۔

تعلیم کی مختلف زاویوں سے تعریف کی گئی ہے لیکن ان تعریفوں کا مسئلہ بھی اتنا ہی پیچیدہ ہے جتنا کہ اسکا تصور۔

(Isreal Scheffler) نے تعلیم کی تین طرح کی تعریفیں بیان کی ہیں۔

ا۔شرطیہ یا طے شدہ۔ ۲۔ بیانیہ ۳۔ پروگرامیہ۔

مقررہ تعریف سے مراد وہ تعریف ہے جو کہ مصنف دوسرے تصورات کو نکال کر لفظ تعلیم کا مطلب سمجھتا ہے۔ دوسری طرف، بیانیہ تعریف کا منشاء تعلیم کو اس کے تمام مطالب کے ساتھ اچھی طرح بیان کرنا اور اس کو مختلف سیاق وسباق میں مناسب طریقے سے استعمال کرنا شامل ہے۔ یہ عمومی خیال تعلیم کے مستعمل لوازمات کو اکٹھا کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ پروگرامیہ تعریف ہمیں یہ بتاتی ہے کہ تعلیم کا مطلب ایک دیے گئے معاشرتی متن سے ہے۔ یہ تصور ممکن ہے اس کی کچھ اقدار کی وضاحت کر سکے۔ان تعریفاتی ابہام نے R.S Peters کو نتار کرنے پر مجبور کر دیا کہ تعلیم کا کوئی جامع مطلب بھی تلاش کیا جائے۔

Peters یہ دعویٰ کرتا ہے کہ تعلیم کی تعریف کرنا نہ تو آسان ہے اور نہ قابل خواہش۔ وہ یہ محسوس کرتا ہے کہ تعلیم تصورات وخیالات کا مجموعہ ہے جو کہ مشابہات کے پیچیدہ حال میں جکڑا ہوا ہے جو دوسرے تصورات کو قطع کرتا ہے جیسے تربیت تدریس، ہدایت اور پڑھائی وغیرہ۔ یہ قابل تبدیل تصورات ممکن ہیں تعلیمی ہوں لیکن یہ تعلیم نہیں ہیں۔ Peters کے مطابق، تعلیم کی تعریف ایک بہت مشکل امر ہے اور اس کے ساتھ کوئی جامع مطلب بھی منسلک نہیں کیا جا سکتا۔ چنانچہ وہ واحد جامع و مرکب تعریف کے لئے تعلیم کا تین نکاتی معیار پیش کرتا ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۱) تعلیم کا مطلب کارآمد کی ترسیل ہے۔

(۲) اس میں علم وفہم ،مفہوم اور وقوفی پہلو بھی شامل ہونا چاہیے۔

(۳) متعلم کی تعلیمی مراحل کی رضا کارانہ چوائس۔

پہلے معیار سے بنیادی مسئلہ یہ پیدا ہو گیا ہے کہ ''کارآمد'' کا فیصلہ کون کرے گا۔ اگر ایک معاشرہ یا علماء کا گروہ کارآمد کا فیصلہ کرے وہ ان اشیاء کو اہمیت دیں گے جن کو وہ قابل قدر سمجھتے ہیں اس طرح صرف انہی تصورات، رواج، عقائد و اقدار کو ہی قابل قدر یا کارآمد سمجھا جائے گا جن کو وہ چاہیں گے۔ اس سے اصول تعلیم کی راہ ہموار ہوگی۔ اصول تعلیم میں فرد کی عقلیت کا احترام بہت کم پایا جاتا ہے جو کہ اخلاقاً ناقابل قبول ہے اور اسی لئے اس کو تعلیم کا درجہ نہیں دیا جا سکتا۔ بعض اوقات، حتی کہ اصول تعلیم (جو کہ فرد کی صلاحیتوں اس کے سوال کرنے کے حق اور متعلم کی آگاہی کی تردید کرتی ہے) میں کارآمد کی ترسیل ممکن ہے شامل ہو۔

علم کا دوسرا معیار، فہم وفراست اور وقوفی پہلو تعلیم کی بہتر تعریف کرتا ہے۔ اور ممکن ہے اس میں قدر اور لیاقت کی خوبیاں بھی شامل ہوں یہ دونوں تصورات جن کا تعلق کسوٹی سے تھا تعلیم کی اچھی تعریف کرنے میں ناکام ثابت ہوئے ہیں اور ان کو عملی جانچ کے اضافے کی ضرورت ہے۔

تیسرا معیار تعلیم کے لئے قطعی معیار مہیا کرتا ہے کیونکہ اس میں ترسیل کے طریقے شامل ہیں جہاں متعلم کے انتخاب کو تعلیمی مراحل میں محفوظ کیا جاتا ہے آگاہی، رضا کاریت اور عقلی پسند پر زور کو عقلی پیمانہ کہا جاتا ہے۔

عقلی پیمانہ:

بے شک یہ بات شک وشبہ سے بالاتر ہے کہ دوسرے مضامین تعلیمی مقاصد، طریقہ تدریس، تحقیق تکنیک وغیرہ میں نمایاں کردار ادا کرتے ہیں۔ معاشرتی، اخلاقی اور نفسیاتی حقائق و تصورات کو تعلیم کے مطابق و موزوں کرنے کے لئے ایک سنجیدہ کوشش کی جانی چاہیے۔ اگر دوسرے مضامین سے ضروری فرضیے اخذ کرنے ہوں تو وہی فرضیے تعلیمی نظریہ میں کس طرح تصدیق کئے جاسکتے ہیں۔ پوری کی پوری بحث فیصلہ کن مسئلہ پر مبنی ہے یعنی کہ تعلیم کا مقام بطور ایک آزاد و خود مختار مضمون کے اور بطور منفرد علم کے شاید اس سوال کا جواب تعلیم کی نوعیت کے کثیر مضمونی اوصاف کی پہچان میں پوشیدہ ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تعلیم کا نصاب بطور ایک مضمون کے

Educational Curriculum Discipline As a Subject

نفس مضمون کا تصور و مفہوم:

وسیع تعلیمی تناظر میں، نفس مضمون کا تصور واضح کرتے ہوئے عموماً یہ تصور کیا جاتا ہے کہ نفس مضمون تین اصطلاحوں کے مابین ایک درمیانی اصطلاح ہے۔

کوئی فرد (استاد) کسی فرد (طلباء) کو کوئی چیز (xyz) سکھاتا ہے لیکن یہاں ہمارا مرکز نگاہ نفس مضمون پر ہے جو کہ تدریس اور تعلیم کے لئے مواد ہے۔ تاہم بطور ایک عقلی تصور کے، اس کو متعلقہ چیزوں کے حوالے کے بغیر سمجھنا یا برتاؤ کرنا ناممکن ہوگا۔

شیفلر (Scheffler) کے تجزیہ "The Language of Education" کو بیان کرتے ہوئے، ہم طلباء کو صرف نفس مضمون ہی نہیں پڑھاتے، بلکہ ہمیں طلباء کو کچھ سکھانا بھی ہوتا ہے

ہینڈرسن (Henderson) اپنے مضمون "Uses of Subject Matter" میں دلیل دیتے ہوئے کہتا ہے کہ ''ثمر آور نفس مضمون کے تصور کے لئے یہ ضروری ہے کہ استاد کی کم از کم تین اہم امور میں مدد کرنی چاہیے۔

۱۔ جماعت میں تفکر، مقاصد کے لئے نفس مضمون کا انتخاب۔

۲۔ نفس مضمون کی تنظیم کیونکہ اس کے مرکب اجزاء میں کوئی تعلق ہے۔

۳۔ طلباء کا جائزہ اور نفس مضمون کا حصول۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نصاب تعلیم بطور ایک مضمون کے

اب ہم تعلیم اور نصاب کے قریبی تعلق کو دیکھتے ہیں۔ ''نصاب'' کی شکل میں تعلیم کیسی ہوتی ہے؟ یا ''تعلیم'' نصاب کی شکل میں کیسا ہوتا ہے؟

جب تناظرات کو خصوصی توجہ دی جائے لگی اور قائم شدہ فرضوں اور توضیحات کو سوالات کی شکل میں ڈھالنے سے جوش و جذبہ کے ذریعے تعلیم کا تصور تبدیل ہو گیا۔ تو نصاب کا قدیم تصور تعلیم کے ساتھ بطور ترسیل منسلک ہوا جس کے نتیجے میں Reproduction Theory نصاب میں نمایاں ہوگئی۔ تب تعلیم کو اصول تعلیم و تربیت سے زیادہ بطور تعلیم کو اہمیت دی جانے لگی تو Critical Theory نمایاں ہوگئی چنانچہ تعلیم نے اپنا کھیل نصاب بطور ایک آلہ کی مدد کے ساتھ کھیلا۔

جان لینن John Lennon، (1970) اپنی مشہور زمانہ کتاب "working class Hero" میں لکھتا ہے کہ تعلیم کا عمل ایک مداخلت ہے کسی بھی فرد چیز کو یا تو بطور نمایاں ثقافت کے ایک حصے کے دریافت کرنے کے بعد اس کو کوئی نام دیا جاتا ہے (Folks on Hill) یا بطور مغلوب کے اس کا مشاہدہ کیا جاتا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ ''تعلیم گھر جانے والے راستہ پر چلنے کا نام ہے۔ تا کہ وہ بھی ''پہاڑی باشندے'' کی مانند بن سکیں''۔

لینن کہتا ہے کہ گھر ایک پھندا ہے اور یہ کہ سکول راستہ کی نشاندہی اور تراش کر دینے کے ساتھ مختلف منازل کی یقین دہانی کی خدمت بھی سرانجام دیتا ہے۔ سکول اور نصاب دراصل گول قید خانے ہیں۔ سکولوں میں نصاب طلباء اور اساتذہ کی روزمرہ زندگی کی بطور نامنظوری کا کام بھی کرتا ہے۔ ہماری وضاحت وتشریح اور خلاف قیاس بطور پر نفی کی جاتی ہے۔(1)

---

1. Lenon Jhon, "Working Class Hero", Jhon Lennon and the Plasttc one Band, Apple Music Landon, 1970. (P.106)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فوکالٹ (Foucault) اپنے ایک انٹرویو میں pierce Boncenne کے ساتھ اپنے اس تصور کہ لوگوں کو عادات اور جسمانی حرکات کے ساتھ محدود کر دیا جائے جو کہ تعلیمی نظام کی پریکٹس بھی ہے۔ یہ عمل دراصل تعریف اور نفی کا عمل ہے۔ اس کے نتیجے میں جو چیز عمل میں آئی وہ موقع کے ذریعے انسانی اطاعت پذیری کی ایک مکمل تیکنیک تھی۔ محدودیت، حفاظت، کڑی نگرانی، افعال کی مسلسل نگرانی مختصر یہ کہ انتظام وانصرام کی ایک مکمل تیکنیک تھی جس کا قیدی اپنی سزا کی حدود میں تبدیلی کا ایک محض مظاہرہ تھا۔ (1)

نصاب نے ورکنگ کلاس ہیروز کی تخلیق کی کوششوں کو بطور تعلیمی نظام کی پیداوار مربوط کر دیا۔ دوسرے علمی مضامین میں نصابی نظریات اور علماء نے تعلیم میں Reproduction تھیوری کا مطالعہ کیا ہے۔ ایسا عمل جس میں تعلیم نہ صرف پہاڑی لوگ / باشندے تخلیق کرتی ہے بلکہ وہ بھی جن تک رسائی ناممکن ہے اور جوان کی خدمت کے لئے بنے ہیں۔ آسان الفاظ میں، ری پروڈکشن کا تصور یہ ہے کہ سکول (عیاں اور پوشیدہ دونوں قسم کے نصاب کے ذریعے سکول اسٹرکچر اور کنٹرول پر اس کا زور و تاکید) حالیہ معاشی نظام اور ناہموار معاشرتی کلاس کی تقسیم کے تسلسل کو قائم رکھنے کا فریضہ سرانجام دیتے ہیں۔ اس تھیوری پر انحصار کرتے ہوئے، سکول طلباء کو اس معاشی نظام میں داخل ہونے کے لئے تیار کرتے ہیں، ایک بہت بڑے معاشی کرہ / حلقے میں پیداواریت کا اسٹرکچر اور سکول کے اسٹرکچر کے مابین مطابقت کے ذریعے سے۔ دوسرے الفاظ میں سکول بااختیار افراد کو اپنا اسٹیٹس برقرار رکھنے میں مدد کرتے ہیں۔ تعلیم میں معاشرتی تعلقات کا اسٹرکچر نہ صرف طلبا کو مضامین کے سوالات کا عادی / خوگر بناتا ہے بلکہ ذاتی وضع، ذاتی اظہار کے طریقے، ذاتی تشخص اور معاشرتی کلاس کی پہچان بھی پیدا کرتا ہے جو کہ نوکری / ملازمت کی مطابقت حاصل کرنے کے لئے ناگزیر لوازمات ہیں خصوصاً تعلیم کے معاشرتی تعلقات، منتظموں اور اساتذہ کے تعلقات، استاد اور طلباء کے تعلقات، طلباء اور ان کے کام کی نقل کام کی درجاتی تقسیم ہیں۔ (2)

---

1. Kritzman "Michel Foucault: politics, Philosophy culture: Interviews and other writings" (1977-1984) Routledge Crape Hall. New York. 1988.(p.105)
2. Bowles and Gintis (p-131)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نتیجہ خیز ادب نے نصاب کو معاشی اسٹرکچر کی پیداواریت کرنے والا ثابت کیا ہے اور اسے ری پروڈکشن تھیوری سے منسوب کیا ہے۔ ری پروڈکشن تھیوری نے ورکنگ کلاس ہیروز کو جنم دیا۔ ان پر جو جبر کیا گیا اور دوسروں پر سکولوں میں کیا گیا اور ایسے ذرائع بیان کیے کہ ان کی پہاڑ تک رسائی ناممکن تھی سوائے غلاموں کے ری پروڈکشن تھیوری سخت قائدانہ کنٹرول میں بطور ایک معمولی آغاز کے قابل قدر تھی جس نے تعلیمی نظام کو تنقید سے آزاد کیے رکھا۔ سوائے مثالی تعلیمی فلسفیانہ موقف کے لیکن ری پروڈکشن تھیوری پر بھی جلد ہی تنقید کی گئی اس کی سادگی اور استقلال کی وجہ سے عورت اور مرد کو اتنا سادہ اور مستقل مزاج نہیں بنایا گیا بلکہ وہ مزاحمت کرتے ہیں۔ اس فہم کے ساتھ ایک مزاحمتی ادب نے جنم لیا۔

Resistance theory میں کام کا آغاز سیاسی نصاب میں ری پروڈکشن کی تاکید و دباؤ کو ختم کرنے کے لئے ہوا۔ اور پھر Reproduction Resistance/ بطور ایک منطقی عمل کی طرف مڑ گیا۔ 1980ء کے وسط میں، اس نے روزمرہ تعلیمی مشق کو اپنا فوکس بنالیا بالخصوص نسل، کلاس اور جنس کے تدریسی اور سیاسی مسائل۔ مزاحمت تقریباً وضع شدہ مضمون کے تعلم کا عمل بن جاتا ہے۔ اور مزاحمتی عمل جو نئے مضامین کی ممکنہ تخلیق کی طرف نشاندہی کرتا ہے۔ مزاحمت یہاں تعلیم کا ''حاصل'' یعنی مختتم پیداوار ہے۔ اس کی سب سے زیادہ پڑھی جانے والی کتاب ''Learning to Labour'' کس طرح ورکنگ کلاس کے بچے جاب حاصل کرتے ہیں۔

پاول ولز (Pawl Willis, 1977) نے مزاحمت کے تصور کی اہمیت کی وضاحت کی سکول اور وسیع تر معاشرتی اور معاشی اسٹرکچر کے مابین تعلقات کی پیچیدگیاں اور تضادات کے زیادہ سے زیادہ فہم حاصل کرنے کیلئے ولز نے یہ مشاہدہ کیا کہ ورکنگ کلاس کے لڑکوں نے اپنے انگلش سیکنڈری سکول کے خفیہ نصاب اور سرکاری نصاب کے خلاف مزاحمت کی۔ اس نے لکھا کہ اس مزاحمت کی جڑیں شاپ فلور ثقافتوں میں ہیں جوان کے خاندان کے افراد اور معاشرے / طبقے کے ارکان سے متاثر زدہ ہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ولز (willis) کے تصور مزاحمت میں یہ واضح ہے کہ پیداواریت کا عمل قابل بحث تھا۔ اوراس وجہ سے ری پروڈکشن تھیوری کی مستقل مزاجی کی اصلاح ضروری تھی۔

Resistance Theory تعلیم کے سیاسی تجزیہ میں ایک بہت مشہور تصور رہا ہے۔ بے شک 1985 کے بعد سے، سکولوں میں اساتذہ اور طلباء کے روزہ مرہ تجربات کے تجزیے میں نقطۂ آغاز کے طور پر استعمال ہوتا رہا ہے۔ کس طرح اساتذہ اور طلباء دونوں سکول کی جبری پالیسیوں practicesاور تنظیم/ڈھانچہ کے خلاف مزاحمت کرتے ہیں۔ اور ان روزمرہ مخالفتوں کا کیا نتیجہ نکلتا ہے؟

ان سوالات سے بچنے کیلئے ایک مختصر پھلانگ لی جاتی ہے وہ سوالات جن کا تعلق تدریسی مشقوں کی متبادل اقسام کی تخلیق سے ہے جو طلباء اور اساتذہ کو علیحدہ کرسکیں اور ان تعلیمی اور معاشرتی تنظیم/ڈھانچہ کی تبدیلی کی طرف رہنمائی کرسکیں۔

اس طرح critical pedagogy کی بحث نے تنقیدی تعلیمی طبقہ میں اہمیت و شہرت حاصل کرلی۔ نصاب میں یہ مکمل اور جزوی تفسیر نے ری پروڈکشن تھیوری اور Resistance theory کی شکل میں، critical pedagogy کی طرف رخ موڑ لیا۔ جب تدریس کی نمایاں اقسام دریافت ہوگئیں۔ Freire (فریرے) نے اس طرح کی تدریس کو (Bacnking Sducetion) قرار دیا۔

فریرے (Freire1971) کے نزدیک طلباء کو خالی بنک تصور کیا جاتا ہے اور اساتذہ کا کام ان خالی بنکوں کو جہاں تک ممکن ہوسکے علم کے کھاتوں سے بھرنا ہے۔ اس نظام میں تدریس کا بنیادی مقصد ترسیل ہے۔ معلومات اور اختیارات ایک ہی رخ میں بہتے ہیں۔ استاد بطور ذریعۂ علم اور اساتذہ اور طلباء خرچ کرنے کا ضبط وتحمل سے بننے والے ہیں۔ تعلیم خرچ کا عمل ہے۔ یہ تدریسی طریقہ ایک معاشرتی و معاشی نظام کی تخلیق ہمیں مدد دیتا ہے جس کو صرف اور بقاء کے لئے اختیارات سے وابستگی درکار ہوتی ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترسیل پر اس تاکید کے برعکس (Critrical Pedagogy) تبدیلی پر زور دیتی ہے۔ یہ تدریس اساتذہ کو بطور دانشور تصور کرتی ہے اور طلباء کو بطور علم منظر عام پر لانے والا تصور کرتی ہے بجائے علم کو صرف کرنے والے۔ critical pedagogy بنیادی سوالات کیوں اور کیسے پر تنقید کرتی ہے اور طلباء میں یہ شعور پیدا کرتی ہے۔ اور یہ شعور طلباء کی نہ صرف تدریس تعلم اور نصاب میں مدد کرتا ہے بلکہ زندگی کے تمام شعبوں میں ہوشیاری سے اور دانائی سے ردعمل میں help مدد کرتا ہے۔ بے شک یہ ایک حقیقت ہے کہ تعلیم نے علم کو منظم کرنے میں بہت مددی ہے نصابی تھیوری کو منظر عام پر لانے میں اور مختلف لیولز/ مدارج کے لئے اور مقاصد کے لئے نفس مضمون کے انتخاب میں بھی مددی ہے۔ حالیہ ادب نے نصاب میں بنکاری نظام کی مضر اثرات کی طرف نشاندہی کی ہے۔

لیکن تعلیم کے مضمون میں بنکاری تعلیم اور تعلیم کے مفید اثرات بغیر کمی کے جاری ہیں۔ ان سب سے بڑھ کر، نصاب کی تدوین کرنے والے اس مضمون کی اصل روح کی خلاف ورزی کئے جا رہے ہیں۔ غیر ضروری مواد شامل کر کے اور اس کو بطور تعلیم پیش کر دیتے ہیں۔ تحقیق اور مطالعہ کے طریقہ کار مضمون کی اصل نوعیت کے خلاف ر برعکس ہیں اور اس مضمون کے دائرہ کار اور وضع دونوں کی ضروریات سے انحراف کرتے ہیں۔ بحث طلب سوال یہ ہے کہ نصاب کس نوعیت اور شکل کا ہونا چاہیے جہاں تک تعلیم بطور مضمون کا تعلق ہے؟ جیسا کہ اوپر ہم بیان کر چکے ہیں کہ تعلیم نا صرف ایک نظریاتی مضمون ہے بلکہ ایک عمل اور ایک مشق ہے۔

بطور تصوراتی قواعد، یہ پیچیدگی سے مختلف معاشرتی سائنس جیسے فلسفہ، نفسیات اور عمرانیات سے جکڑی ہوئی ہے۔ مزید برآں بطور ایک گفتگو کے، جس کا موضوع علم کے بارے انسانی تعامل ہے۔ اس نے بنیادی طور پر مفہوم اور فہم و فراست سے ڈیل کرنا ہے۔ اس لئے ساختہ نصاب تعلیم کے مضمون کے لئے موزوں نہیں ہے اضافی طور پر تعلیم ایک مضمون ہے جو کہ نا قابل تقسیم طور پر ثقافت اور انسانی نشوونما سے منسلک ہے جو کہ نصاب سازی کے عمل کو مزید پیچیدہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بنا دیتا ہے۔ اسی لئے یہ قابل ترجیح ہے کہ ایک ڈھیلی ڈھالی ساخت سے متعلق علم کی رسائی نفس مضمون کے انتخاب کے سلسلے میں طریقہ تدریس سے متعلق، مطالعہ کے طریقے، تخمینہ اور جائزے کے حکمت عملی کے متعلق استعمال کیا جائے۔

تعلیم کے مضمون میں مطالعاتی (areas) کی شناخت نازک مسئلہ ہے۔ بے شک ایسا مواد مہیا کرتا ہے جو تعلیمی مسائل پر اپنی توجہ مرکوز کرتا ہے۔ تعلیمی اصطلاحات کا ایک یقینی مجموعہ بھی دستیاب ہے۔ تاہم زیادہ تر تعلیمی بحث اصل حقیقت میں باہم متن سے متعلق ہے مثلاً "تعلیم کیا ہے" کا مفہوم اور وضاحت کے لئے ہمیں نفسیات کے سیکھنے کے نظریے کو سمجھنا ہوگا۔ اکثر اوقات یہ خالصتاً فلسفیانہ یا نفسیاتی عبارت ہے جو متعلم کو تعلیمی مسائل کی صحیح اور جامع مفہوم کو حاصل کرنے کے قابل بناتی ہے۔ اسی طرح بطور ایک عمل اور سرگرمی کے، یہ زیادہ قابل قبول ہے کہ متعلقہ مواد کی تشریح اور جائزے کے لئے شماریاتی طریقے استعمال کئے جائیں۔ منتخب شدہ نفس مضمون کو ایسے شماریاتی تھیوری اور فارمولا شامل کرنے کی ضرورت ہے جو کہ تعلیم کی "Field-based" سرگرمیوں کے لئے درکار ہوتی ہیں۔ عملی طور پر، تعلیم انفرادی اور گروہی زندگی دونوں عناصر کی نمائندگی کرتی ہے۔ لہٰذا تعلیمی سلیبس کو ہلکا معاشرتی رنگ دینا بھی ضروری ہے۔ یہ کثیر مضمونی اور مخالف نفسِ مضمون کو تدریسی طریقوں کا ایک پیچیدہ سیٹ درکار ہے اس امکان کے ساتھ کہ ان کا میلان فہم وفراست کی طرف ہوگا جو کہ تعلیمی بحث کے لئے درکار ہوتی ہے۔ ظاہر ہے اس طرح کی سرگرمی میں ایسی گوناگوں اپروچ کو مخصوص نوعیت کی تعلیم اساتذہ کی حکمت عملیوں کی ضرورت ہوتی ہے۔

تعلیمی نفس مضمون کا استاد بہت سارے مضامین میں برابر ماہر نہیں ہوسکتا اور ایک یقینی سطح پر اس میں تعلیم کی صلاحیت بھی ہونی چاہیے۔ اس طرح غیر تعلیمی تخصیص کار تعلیم کے مضمون کے ماہر کے لئے درکار ہے۔ ہمعصر مابعد جدید تناظرات میں، تعلیم کی معاشرتی سائنسی بنیادوں نے تعیم کے مضمون میں نصاب سازی پر ایک نئی نظر اور جائزہ کی ضرورت کو متعارف کرایا ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

Discourse Anal اور معاشرتی لسانیات والوں کی پیش کردہ پرکھ/بصیرت نے تعلیمی متن/عبارت میں تصورات اور مفہوم پر مرتکز ہونے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

Michel Foucaults کے power-knowledge تعلق پر نئی روشنی نے نصاب کی structuralist تھیوری کو ابتر کر دیا ہے۔ اگر علم کی تنظیم سچائی کی سیاسی میکانیت کے تابع ہے، نصابی متن یا عبارت میں سچائی کے دعوے اور تکنیک کی ویلیو پر تدریسی سلیبس اور تعلم کے طریقہ کا حصہ دار بننے کی منظوری کا دعوی نہیں کر سکتے گلوبل لیول پر، اس طرح کے مسائل کو دھکیل دیا گیا ہے جیسے جنسی تعصب، نسلیت، کثیر ثقافت اور ری پروڈکشن تھیوری۔ یہی وہ مسائل ہیں جو تعلیم میں جو نصابی پیکج کو بگاڑ دیتی ہیں اور بے اثر کر دیتی ہیں۔ حالیہ گلوبل ازم کی روشنی میں، تحقیق و مطالعہ کے موجودہ معاشرتی سائنسی تکنیک مسائل کا شکار ہو چکی ہیں اور ان پر نظر ثانی کی جا رہی ہے ان کو دوبارہ تشکیل دیا جا رہا ہے۔ تعلیم بطور ایک معاشرتی سائنس ان سے ماورا نہیں ہو سکتی۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تعلیم کی کثیر مضمونی بطور معاشرتی سائنس

Inter Disciplenarity of Education as a Social Sience

Covering more than one subject

تعلیم بذات خود ایک سے زیادہ مضامین پر مشتمل مضمون ہے۔ اور ایسا خاص طور پر معاشرتی سائنسوں کی دنیا میں ہوتا ہے کہ جب کوئی ایک فرد یہ دریافت کرتا ہے کہ انسان نے اپنے انفرادی اور معاشرتی مسئلوں کو ان لائنوں پر منقسم اور مرتب نہیں کیا جن کی بنیاد تعلیمی مضامین میں رکھی گئی۔ اگر معاشرتی سائنس حقیقی انسانی مسئلوں کی تفتیش میں متجسس ہیں تو پھر انہیں ان مسائل کی تفتیش کرنی ہوگی جن کا انسان کو روز تجربہ ہوتا ہے۔ اس فیلڈ میں کام کی تقسیم اور تخصیص بنیادی طور پر کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ جب تک کہ کوئی یہ محسوس نہیں کرتا کہ مختلف معاشرتی سائنسی مضامین کے نفس مضمون اور عنوانات ایک دوسرے پر منطبق ہیں۔

معاشرتی سائنسوں میں سے کوئی بھی مکمل طور پر انسانی محرکات، زبان، خاندان مختلف گروپس، مذہبی اداروں، سیاسی اور معاشی زندگی سے تعلق منقطع کرنا پسند نہیں کرے گی۔ مختلف معاشرتی سائنسی مضامین ایک جیسے مسائل یا ملتے جلتے انسانی مسائل کا مطالعہ کرتے ہیں۔ اور پھر نظریہ پیش کرتے ہیں۔ اگر ایسا ہی ہے تو پھر کوئی بھی معاشرتی سائنس تنہا اپنے متعلقہ مسائل حل نہیں کر سکتی۔ وہ مضامین جن کا تعلق انسانوں سے ہے، ان میں ایک موروثی خطرہ جو اکیلا کام میں درپیش ہوتا ہے وہ ہے ان کی تعممات اور تھیوریوں کی جوازیت کی قربانی دینی پڑتی ہے۔ آج کل معاشرتی سائنس میں تعممات اور نتائج کی جوازیت کو چیک کرنے کے لئے دستیاب بہترین ذرائع یہ ہیں کہ ان کی پیمائش کسی دوسرے معاشرتی سائنس کے ویسے ہی متعلقہ مسائل پر مبنی تعممات اور نتائج کے برخلاف کی جائے۔ چنانچہ کثیر مضمونی نوعیت میں اور معاشرتی سائنسوں کے نفس مضمون کی بناوٹ کے لحاظ سے موروثی ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معاشرتی اور طبعی دونوں سائنسوں میں، کسی مخصوص مضمون کا بنیادی مسئلہ (یعنی کثیر مضمونی) نتائج وتصورات کو متعین کرنا ہے جو وہ مضمون ضرور مستعار لیتا ہے اور یہ فیصلہ کرنا کہ کن معاملات میں اسے دوسرے مضامین کے ساتھ سمجھوتہ کرنا ہے تاکہ یہ اپنے پیروں پر کھڑا ہو سکے مضبوطی سے۔ان تمام شہادتوں سمیت جو اس کے ضابطے کی جوازیت کو یقینی بنانے کے لئے درکار ہیں۔وہ پیمائش جو سائنس کو دوسرے مضامین سے درکار ہے اور جس کے ساتھ یہ کام چلاتی ہے معاملہ کرتی ہے وہ اس کی اپنی ساخت کی بُنت کے لئے اجزاء فراہم کرتی ہے۔یہ محض تخفیف کا معاملہ نہیں ہے بلکہ مختلف مضامین کے مابین ایک مسلسل نقطۂ تعامل ہے تاکہ مسئلہ کا جامع فہم حاصل کیا جاسکے لہٰذا کوئی بھی معاشرتی مضمون ضابطہ کی جوازیت کا دعویٰ نہیں کرسکتا جو اس کی اپنی روایتی حدود کے اندر رہ کر تشکیل پائے بلکہ مضمون مخالف تبادلہ کے ذریعہ ٹھوس ضابطہ حاصل کرنا چاہیے۔

انسانی مسائل ان لائنوں پر مرتب یا منقسم نہیں کیے جاتے جو معاشرتی سائنسی مضامین کے مابین حدود و قیود، ساخت اور تقسیم کے ساتھ مطابقت رکھتی ہوں۔ ہر معاشرتی مضمون دوسرے کے بنیادی طریقوں پر انحصار کرتا ہے تاکہ اپنے مروجہ ضابطے کی جوازیت کو چیک کرسکے۔مثلاً سماجی طاقت بارے تحقیقی حاصلات و ضابطے، گروپوں کے مابین کشمکش یا لیڈر شپ جیسے کہ عمرانیات (Sociology) کے شعبے میں سکھائی جاتی ہے، نفسیات، علم بشریات، سیاسیات اور تاریخ مکمل طور پر مخالف یا علیحدہ نہیں ہوسکتے۔اگر ان میں سے کسی ایک مضمون کا بھی جوازیت کا دعویٰ ہے۔ان کے ضابطے اور تحقیقی نتائج کو شناخت کی ضرورت نہیں تاہم انہیں باہم موبوط اور تابندی ہونا چاہیے۔بصورت دیگر ان میں سے کچھ یا تو باطل ہوجاتے ہیں جیسا کہ عموماً ہوتا ہے۔ان کا تعلق مختلف مظاہر سے ہوتا ہے جنہیں غلطی سے ایک جیسے Labels مل جاتے ہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دوسری طرف جب مختلف معاشرتی مضامین سے حاصل کردہ نتائج و ضابطے ایک دوسرے کو تقویت اور مربوط کرنا شروع کرتے ہیں تو پھر جوازیت کی آزمائش اور دعوے سنجیدگی سے کیئے جاسکتے ہیں۔ تب ہمعصر انسانی مسائل میں ان کا اطلاق کے بارے میں سمجھ و لگن شروع ہو جاتی ہے۔ وہ مسائل جن کا تعلق کثیر مضمونی سے ہے جہاں جوازیت کے مسائل برتر اعلیٰ ہیں اور جہاں کثیر مضمونی تنگ نظری کی اصلاح کرنے والے بالآخر دریافت کئے جاتے ہیں۔ بلاشبہ یہ بات درست ہے کہ تخصیص کار، ادارہ سازی اور تقسیم کار شعبہ جاتی قواعد کے ذریعہ علم کے حصہ جات کا باعث بنتی ہیں۔ اس حصوں میں بٹے ہوئے علم کے وسیع میدان (Areas) کی یکساں تصویر حاصل کرنے کے لئے، جامع تجزیہ ضروری معلوم ہوتا ہے۔ وہ جو اس طرح کہ تجزیوں میں ملوث ہیں انہیں سائنسی تفتیش کی تکنیکوں کے روایتی طریقہ کار سے ہٹ کر چلنا چاہیے۔ ایسی ہی ایک کوشش غیر مضمونی رویہ کا اطلاق ہے اگرچہ اس اپروچ (پہنچ / رسائی) کی مضمونی رویوں کے علاوہ بھی ضرورت ہے پھر بھی ان سب سے ہٹ کر چلنے اور راستہ بنانے کی ضرورت ہے۔ ہمیں ایسے طریقہ تفتیش ایجاد کرنے چاہئیں جو روایتی طریقوں سے مختلف ہوں اور معمولی اور کثیر مضمونی تفتیش کے لئے مربوط دائرہ کار مہیا کریں مثلاً ممکن ہے کہ یہ کام جدید تبدیل شدہ مضمونی تحقیقی منصوبوں کے ذریعے کیا جاسکے۔

معاشرتی مضامین میں دوطرفہ تبادلہ:

اصطلاح کثیر مضمونی کا مطلب ہے کہ نئے تحقیقی میدان کی دریافت جو کہ نئے مضامین کے لئے راہ ہموار کریں گے۔ اس لئے یہ تمام مضمونی اعتراضات کو دور کریں گے علم کے نئے مضامین کے ظہور پر۔ اس طرح نئے علم کا ظہور اور اضافہ کا امکان یقینی ہے۔ علم کا مرکب پن معاشرتی سائنسی مضامین کے مابین ایسے ہی ایک نقطۂ تعامل کا متقاضی ہے۔

انسانی تعاملات کا تجزیہ کرنے کے لئے اسٹرکچر لیول تجزیہ کا معاشرتی لیول ہے جس میں گروپ، معاشرتی تنظیمیں، قرابتی نمونے یا ثقافتی نمونے (معاشرتی اقدار اور اصولوں پر

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مشتمل) تجزیے کی اکائی ہے۔رسمی نمونے اور ثقافتی نمونے دونوں انسانی افراد کے مابین تعامل کے پیداوار ہیں جو کہ معاشرتی اکائی کا حصہ ہیں اور جو زندگی کے اہم کاروبار میں مصروف کار ہیں اور کچھ بننے کی جدوجہد کررہے ہیں اور دوسروں کے ساتھ اپنا رتبہ بہتر بنانے کی کوشش کررہے ہیں۔افراد کے مابین ماضی اور حال میں تعامل ، انسانی تعلقات اور ان کی ثقافت کے نمونے تبدیلی کے ماتحت ہیں۔ نئے حالات (تکنیکی، معاشی، سیاسی، ثقافتی) کے تحت مزید تعاملات یا ان حالات کے تحت جو اخلاقی اقدار کے مابین کشمکش اور تناؤ کو جنم دیتے ہیں لیکن بالآخر تبدیلی کا نتیجہ مستقل انتشار یا بے ترتیبی نہیں ہے بلکہ نئے مستحکم نمونوں کی طرف رجحانات ہیں مثلاً نفسیات اور عمرانیات کو لیجئے جو کہ مضامینی تناظر میں سب سے زیادہ اکمل معاشرتی سائنس ہیں۔ دونوں لیولز پر واقعات مستقلاً منتقل ہوتے رہتے ہیں۔

کثیر مضمونی مطابقت دو کے مابین تعلق پر مشتمل ہوتی ہے۔ان دو تعاملات کے مابین تعاملات کا مطالعہ کرتی ہے۔مختلف حالات کے تحت ان کے نسبتی وزن کو دریافت کرتی ہے۔ معاشرتی مضامین کے لئے کثیر مضمونی مطابقت ایک ضروری امر ہے۔کیونکہ ان میں سے کوئی بھی اکائی بذات خود مکمل نہیں ہے۔نہ ان میں سے کوئی تجزیہ ایک محدود نظام کی نمائندگی کرتا ہے۔ درحقیقت نظریاتی ماڈل کی جوازیت کا آخری ٹیسٹ اور تجزیہ کے کس لیول پر تحقیقی نتائج ان کی مناسبت ہے اور دوسرے کسی لیول پر ان کی تائید ہے۔مطابقت کے لئے ایسی کوششیں مشترکہ مثالی نمونہ کی تشکیل کے لئے ضروری ہیں کونسی مضبوط بنیاد پر کوئی بھی مضمون تشکیل پاسکتا ہے بغیر یک مضمونی کے اجارہ دارانہ دعوؤں کے۔کثیر مضمونی کوششوں نے خاص طور پر، نئے نئے کثیر مضامین کی راہ ہموار کی ہے۔ چند مثالوں میں یہ کثیر مضامین باقاعدہ مضامین کی صورت اختیار کر گئے اپنے شعبوں، پیشہ ورانہ میگزین، ادبی وعلمی معاشروں قومی اور بین الاقوامی کانفرنسوں کے ساتھ۔ کچھ اور مثالوں میں، نئے مضامین حقیقی و اصلی مضامین کے چھوٹے ماتحت مضامین کی صورت اختیار کر گئے۔ بہت سے مسائل کا حل جو کسی معاشرے کو متاثر کرتے ہیں ان کا حل کثیر مضامین کے ذریعے تلاش کیا جاسکتا ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کثیر مضمونی تعلیم اور تعلیم بطور کثیر مضمون:

عموماً یہ تصور کیا جاتا ہے کہ تعلیم بطور ایک ادارہ کے کام کرتی ہے جو اپنے معاشرے کے افراد کی تربیت کرتی ہے تا کہ وہ مفید کام کر سکیں لیکن یہ سماجی کردار بھی ادا کرتی ہے۔ قابل قبول سماجی رویے بھی ہے اور بنیادی اقدار رویوں کو تقویت پہنچا کر کردار ادا کرتی ہے۔ ایک تعلیمی تجربہ کردار بھی ادا کرتا ہے۔ ایک ایسا نظام جو تخصیص کار اور پیشہ واریت کے ذریعے معروضی طور پر محفوظ کرتا ہے۔ اگر مضامین اور مخصوص مطالعہ یونیورسٹی کی پیداوار ہیں اور یونیورسٹیاں بدلے میں یقینی قسم کے معاشروں کی پیداوار ہیں۔ اور بہت سے مضامین کے تعلیمی مطالبہ کو ہمیں تعلقات مرکز نگاہ میں رکھنے چاہئیں۔ غیر مضمونی تعلیم سے درج ذیل مقاصد بھی حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

۱۔ تعلیم کی تکمیل:

کثیر مضامینی تعلیم طالب علم کے لئے مکمل تعلیمی تجربہ کی فی الحقیقت کوشش کرتی ہے۔ یہ طالب علم کی حوصلہ افزائی کرتی ہے کہ وہ انسانی علم کے مختلف حصوں کا ادراک بڑے اور مکمل دائرہ کار کے اندر رہ کر کرے جیسا کہ کوکلمینز (kockelmans) اسے بیان کرتا ہے کثیر مضامین میں سائنسی وحدت کی بحالی کی کوشش کرتی ہے۔

۲۔ آزادی تفتیش:

کثیر مضمونی تعلیم زیادہ آزادی تفتیش کے مواقع فراہم کرتی ہے بہ نسبت روایتی مضامین کی تعلیم کے کیونکہ طالب علم صرف ایک فیلڈ میں محدود نہیں ہے کسی بھی تصور مرکزی خیال یا مسائل کے تعاقب میں بلکہ بہت سے فیلڈ میں اس نے اپنا کام پھیلایا ہوا ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳۔ اختراعات:

کثیر مضمونی تعلیم کے بارے میں عموماً یہ تصور کیا جاتا ہے کہ وہ طلباء کو تنگ روایتی سوچ کے بندھنوں سے آزادی کے مواقع فراہم کرتی ہے اور حقیقی بصیرت اور تفکر حاصل کرنے کا موقع دیتی ہے روایتی طور پر زیادہ تر عقلی تفتیش اور تحقیق علیحدہ مضامین کی حدود میں منعقد کی جاتی ہے۔ مضامین کے نقطۂ انقطاع کی تلاش میں کم سے کم جدوجہد صرف کرتے ہیں۔ اسی لئے یہ بات قابل معیار معلوم ہوتی ہے کہ نئے علوم کے لئے زیادہ مواقع ہیں کہ وہ مربوط تفتیش سے نمودار ہو اور مضامین کے مابین تعلق قائم کرلے۔

کثیر مضامین کی تعلیم یہ مطالبہ کرتی ہے کہ وہ عقلی آزادی، اکملیت اور تخلیقیت کی روایتی انسانی اقدار کو کوئی شکل دی جائے۔ دوسری طرف خصوصی تعلیم، تعلیمی اور پیشہ ورانہ دونوں اس وقت کی ضرورت ہیں۔

کثیر مضامین تعلیم کی مختلف حصوں میں تقسیم کے خلاف مستقل مزاجی سے قائم ہے۔ ان میں سے ہر حصہ خودمختار اور تنگ نظر ماہرین کے گروپ کی زیر نگرانی ہے۔

تعلیم و تحقیق میں کثیر مضمونی کے حمایتی تخصیص کار کے خلاف نہیں ہیں۔ بے شک وہ تسلیم کرتے ہیں کہ ہمعصر علم کی پیچیدہ مشکل کو تخصیص کار کی ضرورت ہے بلکہ تجربہ کار کے خلاف ان کا اعتراض یہ ہے کہ یہ وسیع یکساں سوچ کے دائرہ کار سے علیحدہ ہے جس کی بنیاد اصلی انسانی تشویش سے ہے۔

کثیر مضامین تعلیم کی ضرورت یا طلب مستند انسانی تعلیم کی طلب پر مشتمل ہے۔ ایسی تعلیم جس کے وسیع تفکر کے دائرہ کار میں تجربہ کار اور ٹیکنیکی ماہرین شامل ہوں جو مربوط علم کی حوصلہ افزائی کرے اور انفرادی اختراعات اور آزادی تفتیش جس میں بہت زیادہ ہو۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تعلیم بطور سائنس

Education as Science

اب ہم ایجوکیشن کا مطالعہ بطور سائنس کریں گے کہ ایجوکیشن نے بھی سائنس کا روپ دھارلیا ہے۔ ایجوکیشن اور سائنس کا آپس میں چولی دامن کا ساتھ ہے۔ اور ایک دوسرے کے ساتھ گہرا تعلق ہے بلکہ ایجوکیشن نے سائنس کا روپ دھارلیا ہے۔ جیسے ہم مندرجہ ذیل نکات کی روشنی میں بیان کرتے ہیں۔

1. Experimental method of research in Education:

ایجوکیشن میں بھی تجرباتی طریقہ کے ذریعے ریسرچ کی جاتی ہے۔ ایجوکیشن میں بھی اس طرح ریسرچ کی جاتی ہے جس طرح سائنس کی ایجوکیشن میں بھی وہی ٹیسٹ انوالو ہیں جو کہ کسی اور دوسرے سائنسی مضمون میں ایجوکیشن نے بھی سائنس کا درجہ اختیار کرلیا ہے۔

جس طرح سائنس کے مضمون میں سب سے پہلے کوئی مسئلہ بیان کیا جاتا ہے۔ اس طرح ایجوکیشن میں بھی وہی طریقہ کار اختیار کیا جاتا ہے۔ پھر اپنے پاس سے مفروضات بیان کئے جاتے ہیں پھر اس کے متعلق اعداد وشمار اکٹھے کئے جاتے ہیں اور ان سب کا تجزیہ کیا جاتا ہے۔ پھر ان سے نتیجہ اخذ کیا جاتا ہے کہ ہم کس حد تک اور کہاں تک سچے ہیں اس طرح پھر بعد میں اگر نتیجہ اچھا ہو تو پھر اس کی (Specialization) کرتے ہیں۔

2. Systematic body of knowledge:

یہ علم حاصل کرنے کا ایک مسلسل عمل ہے۔ اس طرح سائنس میں ایک تسلسل ہے۔ ایجوکیشن نے بھی سائنس کا روپ دھارلیا ہے۔ ایجوکیشن کو بھی سائنس کا درجہ دیا گیا ہے۔ اس کی بڑی خصوصیت یہ ہے کہ اس کو جس ماحول میں اپنایا جائے اس ماحول میں ڈھل جاتی ہے۔ اس کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ یہ آئندہ نسلوں کو اپنی ثقافتی ورثہ منتقل کرتی ہے۔

"Transmission of the social heritage to other generation:"

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور دوسرا کام جو کہ نہایت اہم ہے جو کہ معاشرے کی تعمیر و تشکیل ہے۔ اور انسان کے موزوں رجحانات کی تربیت کرتی ہے یعنی انسان کے خیالات رجحانات کی تشفی و تشفی کرتی ہے۔ اور ان کی تربیت اور رہنمائی کرتی ہے اور تعلیمی و تجرباتی نفسیات کا مطالعہ کرتی ہے۔ اور بچوں کی استعداد کا مطالعہ نفسیاتی طریقے سے کرتی ہے کہ بچوں کو کیا اور کب اور کیوں پڑھانا ہے۔ اور یہ بچوں کے لئے ان کی استعداد کے مطابق نصاب تشکیل دیتی ہے اور اس طرح مدرسے کے نظم و نسق کا مطالعہ کرتی ہے اور بعد میں تعلیمی نتائج اخذ کرتی ہے۔

3. Teaching method adopted in scientific way:

ہم جانتے ہیں کہ ایجوکیشن نے سائنس کا روپ دھار لیا ہے۔ تعلیم کے اصول پوری دنیا میں لاگو کیے جاسکتے ہیں۔

"Teaching method in scientific way in the education well".

یعنی استاد کو اپنی تدریس میں سائنسی طرز اختیار کرنا چاہیے۔ اگر سائنسی طریقہ اختیار کرے گا تو تدریس زیادہ مؤثر اور دیرپا ہوگی جس طرح ایجوکیشن نے سائنس کا روپ دھار لیا ہے۔ اس میں دوسرے مضامین اور سائنس کے مضامین میں سائنسی طریقہ تدریس اختیار کرنا چاہیے۔

4. Inductian and deductian method of teaching / arguments

سائنس کی تدریس کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ اس میں استخراجی اور استقرائی طریقہ تدریس اختیار کرنا چاہیے۔

"Inductian and deductian method."

Inductian, Rull. یعنی استاد کو پہلے مثالیں دینی چاہئیں اور پھر دلائل دینے چاہئیں استاد کو اور پھر دلائل دینے چاہئیں۔ یہ تدریس زیادہ مؤثر اور دیرپا ہوتی ہے۔ جبکہ deductian Rull میں پہلے دلائل اور پھر مثالیں پیش کی جائیں یہ بھی تدریس کو مؤثر بنانے کا اہم طریقہ ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اگر ایک قابل استاد اپنی تدریس میں استخراجی اور استقرائی طریقہ تدریس اختیار کرے تو تدریس زیادہ مؤثر اور دیرپا ہو گی۔

5. Generalization:

Irrespective of any part of the world. Theory of herbert spencer.

Herbert Spencer کا کہنا ہے کہ لازمی طور پر دوسرے مضامین کی طرح ایجوکیشن نے بھی سائنس کا روپ دھار لیا ہے۔ آرٹس کا نہیں ایجوکیشن کا مضمون علیحدہ نہیں ہے۔ دنیا کے سارے مضامین ایجوکیشن کی شاخ ہیں جو سائنس سے تعلق رکھتے ہیں اس کے حامی بھی اس بات پر یقین رکھتے ہیں صرف سائنس ہی انسان کو خوشیوں سے مالا مال کر سکتی ہے۔ یہ سائنس نہ ہو تو دنیا پھیکی اور بے رنگ ہو جائے یہ ساری انجینئرنگ ٹیکنالوجی ساری ایجوکیشن اور سائنس کا روپ ہیں۔

مثال جن لوگوں کے گھر کا میڈیا سائنس سے روشناس ہو گا وہ سائنس میں ترقی کریں گے اور جن لوگوں کے گھر میڈیا سائنس سے روشناس نہیں ہو گا وہ جلد ترقی نہیں کریں گے۔

سائنسی رجحان

Scientific Tendency

ایجوکیشن میں Scientific Tendency (سائنسی رجحان) کا مطلب کسی چیز میں کسی وصف کا موجود ہونا سائنسی مضامین میں اسے ایک پر وقار اور بہت اہم جگہ کا مقام دینا ہے۔ اس رجحان کے پیروکار اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ سائنسی مضامین کا مطالعہ افراد کو کامیاب اور پر امن زندگی گذارنے کی طرف لے جاتی ہے اور اصولی، مشاہداتی، تجرباتی اور تحقیقاتی زندگی گزارنے کی ترغیب دیتی ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

According to Herbert Spenecer.ہربرٹ سپنسر کے نزدیک

In education. the meaning of scientific tendency is to include and give prominent place to scientific subject. the protagamists of this tendency believe that only by the study of scientific subjects an individual can lead a full and complete life

اور یہ سائنسی رجحان انسان کے اندر فنی سائنسی صنعتی اور ترقیاتی اور ایٹمی انقلاب لے آتا ہے۔ سائنسی مضامین اختیار کرنے سے انسان کے اندر تحقیق اور جستجو کا جذبہ پروان چڑھتا ہے اور اس میں ہر طرح کے رجحان پیدا ہوتے ہیں۔

"Technical Scientific industrial electronic Atomic revaluation"

1. Opposition to literary Education:

یہ سائنسی مضامین ادبی تعلیم کے مخالف ہیں۔ ادب سے مراد آرٹس کے مضامین کی تعلیم لی جاتی ہے مثلاً تاریخ،لسانیات،جغرافیہ،شہریت،فلسفہ،نفسیات وغیرہ سائنسی مضامین نے ادبی تعلیم کی سخت مخالفت کی ہے۔ ہمارا یہ خیال ہے کہ نصاب لوگوں کی خواہش کے مطابق بنایا جائے۔ جبکہ سائنس مضامین کے حامیوں کا یہ خیال ہے کہ اگر سائنسی مضمون اختیار کر لیا جائے تو بہت بہتر ہے۔ اگر اس کے برعکس اگر ادبی تعلیم کو شامل کر لیا تو لوگوں کا دماغ خراب ہو سکتا ہے۔ جبکہ ایسا ہرگز ہرگز نہ ہے۔ بلکہ دنیا میں خوشی محبت ادبی مضامین ہی سے ہے۔ جو انسان کی حقیقی روحانی خوشیوں کا سبب بنتے ہیں۔

2. Enphasis on Curriculum:

اس میں سائنس دانوں کا یہ کہنا ہے کہ نصاب ہمیشہ بچوں کی صلاحیت، قابلیت اور ذہنی استعداد کے مطابق ہونا چاہیے اور نصاب قدرتی بھی ہو اور سائنسی طریقہ کار کی بنیاد پر ہو اور اس کو مذہب کا قائل نہیں ہونا چاہیے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

☆ مگر ہم (مصنف) اس بات سے متفق نہیں ہیں۔ ہمارا اس بات پر مکمل یقین ہے کہ جہاں سائنس کا علم اختتام پذیر ہوتا ہے وہیں سے اسلام اور اُس کی تعلیمات کی حقانیت کا آغاز ہوتا ہے۔ اس لئے مذہب کی تعلیم حاصل کرنا ہر ایک شخص کے لئے لازمی وملزم ہے۔

3. Importance of science in curriculum:

اور نصاب بناتے وقت ہمیشہ سائنس کو زیادہ اہمیت دینی چاہیے اور بچوں کو مکمل طور پر سائنس کی طرف راغب ہونے کی کوشش کرنا چاہیے اور نصاب شروع سے ہی ایسا تشکیل دیا جائے جس کی بنیاد سائنسی طرز پر ہو نہ کہ آرٹس پر ہو۔

4. Freedom in selection of subjects:

ان کا یہ کہنا بھی ہے کہ طالب علموں کو مکمل آزادی دینی چاہیے کہ وہ اپنی رضامندی کے مطابق نصاب وغیرہ تشکیل دیں۔ امریکہ (USA) میں تقریباً ایک ہزار سے بھی زیادہ سائنسی مضامین ہیں وہاں پر طلباء کو مکمل آزادی ہے کہ وہ اپنی مرضی کے مطابق مضمون اختیار کریں۔ وہ عموماً سائنس کا مضمون اختیار کرتے ہیں۔

5. Need of love and sympathy:

ان کا یہ کہنا ہے کہ طالب علموں کے ساتھ مکمل ہمدردی سے پیش آنا چاہیے۔ ان کے ساتھ پیار ومحبت کا جذبہ روا رکھنا چاہیے۔ سختی نہیں کرنی چاہیے کیونکہ اس طرح بچے احساس کمتری کا شکار ہو جاتے ہیں ان کے ساتھ انتہائی محبت اور پیار سے پیش آنا چاہیے۔

6. Importance of inductive and deductive method:

سائنسی طریقہ تدریس میں استقرائی اور استخراجی طریقہ اپنانا چاہیے اور اس کو اہمیت دینی چاہیے کیونکہ اس کے ذریعے تدریس زیادہ مؤثر اور دیرپا ثابت ہوتی ہے اور طلبہ کو اس طریقہ تدریس کے ذریعے بہت جلدی سبق یاد ہو جاتا ہے۔ لہٰذا طریقہ تدریس میں ضروری ہے کہ استخراجی اور استقرائی طریقہ تدریس اختیار کرنا چاہیے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

7. Knowledge of nature through sciences.

اوراس طرح فطرت کا علم بھی سائنس کے ذریعے حاصل کرنا چاہیے اگر ہر چیز کا علم سائنس کے ذریعے سے حاصل کیا جائے گا تو تب دیرپا ہوگا اور بہت جلد سمجھ میں آ جائے گا اور طلبہ کو کسی قسم کا مسئلہ درپیش نہیں ہوگا۔ انہیں کسی قسم کی تحقیق کی ضرورت نہیں پڑے گی

8. Importance of concrete and direct objects:

پوری آزادانہ تعلیم ہی صرف شہریت کی تربیت اور پیشے کے انتخاب میں مدد کرسکتی ہے۔ دنیا سکڑ کر رہ گئی ہے۔ لوگ سمندر کی طرف رواں دواں ہیں جو کہ وہاں سے بہت سارے ذرائع تلاش کرنے کی طرف رواں دواں ہیں۔ لوگوں کے سامنے ہر وقت مقصد رکھا جائے آبادی اس قدر زیادہ ہے کہ لوگوں کے پاس وقت نہیں ہے۔

طالب علم کے اندر خوداعتمادی پیدا کی جائے (Indirect) طالب علم کی تربیت کی جائے بلکہ طالب علم کی تربیت کچھ اس طرح سے کی جائے کہ وہ صرف اپنے ساتھ مقصد رکھے۔ حتی کہ دل کی دھڑکن بھی سائنسی طریقہ کے مطابق ہونی چاہیے یہ اس وقت ہوگا جب سائنسی طریقہ میں بات ہوگی۔

9. Liberal Education:

آزاد تعلیم سے مراد ایسی تعلیم جو کہ شہریت اور پیشہ اپنانے میں بہت حد تک مدد دیتی ہے اور فرد کو مختلف حالات و واقعات کا سامنا کرنے کے لئے تیار کرتی ہے۔

"Liberal education is that which is essential for vocation and citizenship and prepares the individuals for various tasks and fantasias of life."

10. Development of scientific attitude:

دنیا سکڑ کر رہ گئی ہے حتی کہ ہر وقت سائنسی طریقہ کار اور ہر مقصد اور کام میں سائنسی طریقہ کار کو اختیار کرنا چاہیے۔ اپنے رویوں اور کردار کو بھی سائنسی طریقہ کار کے مطابق اپنانا چاہیے۔ سائنس دانوں کا یہ کہنا ہے کہ حتی کہ دل کی دھڑکن بھی سائنسی طرز کے مطابق ہونی چاہیے۔ اس سے مراد (Naturalistic) فطری ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

Educational news of spencer

1. Critism of literacy Education:

ادبی تعلیم کا مخالفت سے جائزہ لینا چاہیے یعنی کہ ادبی تعلیم نہیں ہونی چاہیے۔ سائنس ادبی تعلیم کی بڑی مخالف ہے۔ سائنس دانوں کا کہنا ہے کہ صرف سائنس ہی سائنس ہونی چاہیے ادبی تعلیم نہیں ہونی چاہیے۔

2. Emphasis on science Education:

سائنس کی تعلیم پر زیادہ سے زیادہ دباؤ ڈالنا چاہیے نہ کہ دوسرے مضامین پر۔ سائنس پر زیادہ سے زیادہ توجہ دینی چاہیے آرٹس کے مضامین پر نہیں لوگوں کو زیادہ سے زیادہ سائنس کی طرف راغب کرنا چاہیے۔

3. Five type of activities:

سائنس دانوں کے نزدیک طلباء میں سائنسی تعلیم کے ذریعے درج ذیل سرگرمیوں کو پروان چڑھایا جاسکتا ہے۔ مگر ہمارے خیال میں۔ مصنف کے نزدیک ادبی تعلیم کے بغیر نہ ممکن ہے۔ کیونکہ بچوں کو ادبی تعلیم دے گے تب حسب ذیل سرگرمیاں پروان چڑھیں گی۔

i. Direct minister to self preservation.

ا۔ بلاواسطہ خوداعتمادی یا حفاظتی ہو۔

ii. Indirect minister to self preservation.

۲۔ بالواسطہ خوداعتمادی یا خودحفاظتی ہو۔

iii. Having their end.

۳۔ اس کا اختتام ضرور ہو۔

iv. Having involved in maintainence of proper social and political relation.

۴۔ اور یہ کسی ضرور سیاسی، معاشرتی مناسب جماعت کے ساتھ تعلق رکھتی ہو۔

v. Those which make up leisure life devoted to the glorification of tasks and feeling.

۵۔ اس کے ساتھ ان کو تسلط کرنا چاہیے جو اسے خوشی دے سکیں اور زندگی کے اہم مقاصد سے خوشیاں سے واقف کرنا چاہیے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تعلیم بطور معاشرتی سائنس

Education as a Social Science

ایجوکیشن بطور معاشرتی سائنس سے مراد "وہ معاشرتی تعلیم ہے۔ جس کے ذریعے معاشرہ اور اس سے متعلقہ تمام امور کو سائنسی طریقہ کار سے سوچا اور سمجھا جاتا ہے"۔ جسے ماہرین تعلیم و ماہرین عمرانیات نے مختلف انداز سے بیان کیا ہے۔ جس کے اہم نکات درج ذیل ہیں۔

1. Study of man-in society, his behaviours, his ideas and institutian.

جس میں انسان کے کردار اور اُس کی سرگرمیاں، خیالات، رویے اور اُسکے معاشرتی اداروں کا مطالعہ کرتی ہے"۔

2. Relationship with the economy and social mobility.

ایجوکیشن سائنس سوسائٹی کے ساتھ تعلقات بڑھانے میں بہت حد تک مدد دیتی ہے اور افراد کو معاشرے کے ساتھ تعلقات بڑھانے کی طرف افراد کو راغب کرتی ہے۔

3. Relationship with man and social system.

معاشرتی سائنس افراد کو ایک دوسرے کے ساتھ مل جل کر رہنے کی ترغیب دیتی ہے اور انہیں سکھاتی ہے کہ وہ کس طرح ایک دوسرے کے ساتھ مل جل کر رہ سکتے ہیں۔

4. Relationship between education and social change.

معاشرتی سائنس تعلیم اور معاشرتی رویوں کی تبدیلیوں کے درمیان تعلق قائم کرتی ہے اور معاشرتی سائنس انسان کو تعلیم کی طرف زیادہ سے زیادہ رغبت دلاتی ہے۔

5. Row of school in complex process where values and attitudes are required.

معاشرتی سائنس سکول کے بچے کی شخصیت، کردار اور اُس کے اقدار میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ کیونکہ سکول ہی ایک ایسا ادارہ ہے جہاں پر بچے کی شخصیت پر گہرے سماجی اثرات مرتب ہوتے ہیں اور سکول بچے کی شخصیت پر گہری چھاپ لگاتا ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

6. Teacher is capable of thinking logically and rationally about whole range of social phenomena. that he incountes in his personal life.

معاشرتی سائنس کی بدولت استاد اپنے منطقی، خیالاتی، ذاتی رویوں میں تبدیلی لاتا ہے اور وہ اپنی ذاتی زندگی کا معاشرتی سائنس کے ذریعے محاسبہ کرتا رہتا ہے۔

7. Teacher has ability to sort out feets and value judgement. the respect of evidence. the capacity for making generalization.

معاشرتی سائنس کے ذریعے استاد میں حقیقتیں تلاش کرنے کی صلاحیت موجود ہے اور اقدار کو جج کرنے کی صلاحیت بھی موجود ہے اور اس میں وہ اپنے تجربات کے ذریعے کسی بھی واقعہ کو تخصیص اور تعیم کرنے کی صلاحیت موجود ہے۔

استاد ہمیں اس قابل بناتا ہے کہ وہ منطقی اور جذباتی طور پر اس قابل ہو کہ وہ جہاں کہیں جس ماحول میں زندگی گزارے بہتر طور پر کام سرانجام دے سکے۔

رسوم ورواج وہ ضرورتیں ہیں جو اصول وقوانین وضوابط ایک سوسائٹی میں رہنے والوں اور بسنے والوں کے ساتھ پیش آتے ہیں جنہیں ہم دوسروں کے ساتھ اپنے تجربات کی بنا پر share کرتے ہیں۔ اس بناء پر ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ ایجوکیشن کا بطور معاشرتی سائنس کے ساتھ بھی گہرا تعلق ہے۔ ایک سائنس اس وقت تک معرض وجود میں نہیں آسکتی جب تک معاشرہ کے ساتھ مل جل کر کام نہ کرے۔ معاشرہ کے لوگ اس میں بہت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

ایجوکیشن سکول اور معاشرہ و معاشرتی سائنس:

تعلیم سکول میں حاصل کی جاتی ہے اور چھوٹے بچوں کو گھر میں تربیت دی جاتی ہے لیکن اس سے استاد اور تعلیم کا مکمل لائحہ عمل سامنے آیا ہے۔ اس طرح سکول اور معاشرہ اور تعلیم کا آپس میں گہرا تعلق ہے اور ایک دوسرے کے ساتھ چولی دامن کا ساتھ ہے۔ اس لئے ماہرین عمرانیات کا یہ خیال ہے کہ Education is a social Science ہے۔ تعلیم کا حاصل کرنا ہر ایک کیلئے لازم ہے۔ کیونکہ دنیا میں جو کچھ ہے وہ طبعی اور معاشرتی سائنس ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تعلیم اور سماجی تبدیلی:

Social Mobility and Education

پی۔اے۔سوروکن (P.A. Sorokin) کے نزدیک تعلیم اور سماجی تبدیلی سے مراد یہ ہے۔

"By social mobility is meant any transmition of an individual from one portion to another in a consulted on of social group and status".

یعنی ایک انداز سے دوسرے انداز ایک سسٹم سے دوسرے سسٹم کی طرف جو اپنے آپ کو تبدیل کرے وہ تمام معاشرتی سماجی تبدیلی کے معنوں میں آتی ہے۔معاشرتی رویوں کے اندر آنے والی تبدیلی رویوں کے اعتبار سے رویوں کے اظہار۔عادات رسم ورواج میں جو تبدیلی آرہی ہے۔کمپیوٹر، انٹرنیٹ سسٹم، الیکٹرک میڈیا، ٹی وی، ریڈیو کے ذریعے ایک سوسائٹی میں جو معاشرتی تبدیلیاں آرہی ہیں دوسرے معاشرے میں منتقل ہورہی ہیں ایک معاشرے کے اقوال خیالات انداز واطوار وغیرہ تبدیل ہورہے ہیں۔

تاریخ انسانی اس بات پر شاہد ہے کہ ایتھنز اور اسپارٹا یونان کے بڑے شہر تھے اور ان دونوں کا آپس میں تہذیب تمدن کے عتبار سے ہر وقت مقابلہ لگا رہتا تھا۔ایتھنز کے لوگ تعلیم یافتہ اور سماجی تصورات کے حاملین تھے۔جبکہ اس کے مقابلے میں شہر سپارٹا کے رہنے والے جنگجو اور فوجی تھے۔کبھی ایتھنز والے ادبی اور علمی طاقت کے بل بوتے پر غالب آجاتے اور کبھی سپارٹا والے اپنی طاقت کے بل بوتے پر ایتھنز پر چھا جاتے اور ایک دوسرے کے معاشتی رویے بدل کر رکھ دیتے۔مگر با آخر علمی اور ادبی طاقت ہی غالب آتی تھی۔

جدید ماہرین تعلیم اور ماہرین عمرانیات اس بات پر متفق ہیں کہ سماجی تعلیم اور سماجی تبدیلی گفتگو کے ذریعے وتحریر کے ذریعے معاشرے کے لوگوں میں عزت واحترام پیدا کرنے کے لئے ہی ایک بہترین آلہ ہے۔کیونکہ ان لوگوں کے دلوں میں انسانیت کا احترام ہوتا ہے یہ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لوگوں کے دلوں میں گھر کر لیتے ہیں۔ جب بھی کسی قسم کے خیالات (convey) کرنا ہوں یا convert کرنے ہوں تو ہمیشہ انداز گفتگو سے اور ہمیشہ نرم سے مدلی لوگوں میں نرمی پیدا کی جاتی ہے۔ حکمرانی دل کی نہیں بلکہ خیالات سے پیدا ہوتی ہے۔ بعض اوقات کچھ لوگوں کے الفاظ میں اتنی کشش ہوتی ہے بعض لوگوں کی گفتگو اتنے نرم لہجے میں ہوتی ہے۔ اگر آواز کے اندر جوش و جذبہ اور کشش نہ ہو تو آدمی اس وقت تک کامیاب نہیں ہو سکتا۔ انسان کے اندر شعاعیں بولتی ہیں جو آنکھوں کے ذریعے معلوم ہوتی ہیں۔ کہ انسان کے دل کے اندر کتنا احترام ہے۔ مگر اس کے لئے بھی محنت اور ریاضت کی ضرورت ہے۔

Types of Social Mobility: سماجی تبدیلیوں کی اقسام:

1. Horizental social mobility:

"Transfer of profession or status when social status remain the same."

2. Vertical social mobility:

"The relation involved when social stratum is uplifted."

خوبیاں (Merits)

۱۔ فرد کی مکمل نشوونما	۲۔ اہلیت کی بنیاد پر سہولت
۳۔ اصول انصاف	۴۔ فطری ترقی اور نشوونما
۵۔ معاشرے کی ترقی	۶۔ خوشی اور فلاح
۷۔ پیشہ وارانہ تربیت	۸۔ بناوٹ کی ترقی

فرد کی مکمل نشوونما:

اس کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ اس سے فرد کی مکمل نشوونما ہوتی ہے اور فرد اپنے آپ کو ایک مکمل فرد سمجھنے کے قابل ہو جاتا ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اہلیت کی بناء پر سہولت:

دوسری خوبی یہ ہے کہ اسے اہلیت یا قابلیت کی بنیاد پر سہولت دی جاتی ہے اور اس میں اہلیت پیدا کرنے کا باعث بنتی ہے۔

عدل و انصاف:

تیسری خوبی اس کے اندر یہ ہے کہ اس میں اصول و انصاف پایا جاتا ہے۔اس سے انسان کے اندر یہ خوبی پیدا ہوتی ہے جو کہ ایک انسان کے لئے بہت فائدہ مند ہوتی ہے۔

فطری ترقی اور نشو ونما:

ان کی چوتھی خوبی یہ بھی ہے کہ فطری ترقی جب تک فرد کے اندر نہیں ہوگی اس وقت تک نشو ونما مکمل نہیں ہوتی اس لئے معاشرے کا ایک مکمل اور اہم فرد بننے کے لئے فطری ترقی اور نشو ونما ضروری ہے۔

معاشرے کی ترقی:

یہ معاشرے کی ترقی کی طرف خوب توجہ دیتی ہے اور لوگوں کو اس کی طرف راغب کرتی ہے

خوشی اور فلاح:

کوئی انسان اس وقت تک کامیابی اور خوشی حاصل نہیں کر سکتا جب تک اسے فلاح نہ ملے

پیشہ وارانہ تربیت:

اور یہ انسان کی پیشہ ورانہ تربیت کرتی ہے۔اور اس کو کسی مخصوص پیشہ کی جانب ترغیب دیتی ہے اور تربیت کرتی ہے۔

بناوٹ کی ترقی:

بناوٹ کی ترقی بھی بہت ضروری ہے۔بناوٹ کی ترقی بھی اس میں بہت ضروری ہے اور ملک کی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سکول اور معاشرہ
School and Society

سماجی یا معاشری تبدیلی میں سکول ایک اہم کردار ادا کرسکتا ہے جس کو ہم درج ذیل نکات کی روشنی میں دیکھ سکتے ہیں۔

ا۔معاشرتی ضرورتوں کی تکمیل:

سکول اور معاشرہ دونوں مل کر معاشرتی ضرورتوں کی تکمیل کرتے ہیں بلکہ انہیں پورا کرنے کی ہر ممکن کوشش کرتے ہیں۔

۲۔نونہالوں کی تربیت:

سکول کا اور معاشرہ کا سب سے اہم کام نونہالوں کی تربیت کرنا ہے اور ان کی زندگیوں کو مستقبل کے لئے سنوارنا ہے۔

۳۔سکول اور معاشرہ کا باہم مل جل کر کام کرنا:

سکول اور معاشرہ دونوں باہم مل کر معاشرے کی ضروریات کی تکمیل کرتے ہیں اور دونوں مل کر معاشرے کی ترقی کی راہ ہموار کرتے ہیں۔

۴۔تعلیمی عمل میں اہم کردار:

سکول اور معاشرہ تعلیمی عمل میں اہم کردار ادا کرتے ہیں یعنی پڑھنے پڑھانے اور سیکھنے سکھانے کے عمل میں سکول اور معاشرہ بہت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵۔ سکول	معاشرہ
انتظامیہ	شہری
صدر معلم	والدین
اساتذہ	طلباء

۶۔ تعلیمی عمل میں والدین کی شرکت:

تعلیمی میدان میں والدین کی شرکت بہت ضروری ہے۔ اگر اس میں والدین شرکت نہ کریں تو تعلیمی عمل بہت جلد مکمل نہیں ہوتا۔

۷۔ بچوں کی کارکردگی میں شرکت:

سکول اور معاشرہ بچوں کی کارکردگی میں بھی شرکت کرتا ہے اور بڑا ہی اہم کردار ادا کرتا ہے۔ بچوں کو نئے سے نئے کاموں کی طرف راغب کرتا ہے۔

۸۔ رپورٹس:

معاشرہ اور سکول بچے کی سالانہ رپورٹس بھی تیار کرتے ہیں اور اسے اس قابل بناتے ہیں کہ بچہ آگے چلنے کے قابل ہے یا نہیں۔

۹۔ اساتذہ اور والدین کی انجمن کا کردار:

سکول اور معاشرہ والدین اور اساتذہ کی انجمن میں بہت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

۱۰۔ سکول اور معاشرہ کے تعلقات:

سکول اور معاشرہ اور اس کے بچوں کے ساتھ افراد کے بہت گہرے اور ہر نوعیت کے تعلقات ہوتے ہیں۔ اور افراد کو ایک دوسرے کے ساتھ مل جل کر رہنے کی ترغیب دیتا ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تعلیم ایک فن ہے

Education is An Art

آرٹ وہ فن ہے یا سرگرمی ہے جس کے ذریعے سے کسی واضح اور مفید مقاصد کے تحت اشیاء، حالات اور واقعات میں تبدیلی کے اظہار میں استعمال ہوتا ہے۔

تعلیم وہ فن ہے کہ جس سے ان چیزوں کے بارے میں جاننا جو پیش آنے والے انداز میں ہوتے ہیں مثلاً حالات وواقعات کو سامنے رکھ کر ان کے بارے میں جاننا یا جاننے کی کوشش کرنا۔

ا۔ اشیاء

۲۔ حالات

۳۔ واقعات

تعلیم ایک ایسا فن ہے جو انسانی سرگرمیوں وتخلیقی صلاحیتیں اور دلچسپیاں کا مجموعہ ہے۔ جس سے انسان اپنے اندر کی صلاحیتوں کو نکھارتا ہے۔

قرآن مجید کے اندر اللہ رب العزت نے مختلف مثالوں کے ذریعے اپنی شہکار تخلیقات کا بڑی تفصیل سے ذکر کیا ہے مثلاً اونٹ کس طرح پیدا کیا؟۔ آسمان کو کس طرح سے بنایا؟ اور زمین کو کس طرح بچھایا؟ زمین، پانی، ہوا، آگ وغیرہ یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کے شاہکار ہیں۔ انسان اپنے رویوں، سوچوں اور اقدار کو کس کس انداز سے پیش کرتا ہے۔ کھانا تو ہر کوئی کھاتا ہے مگر کھانے کے طریقے ہر کسی کے مختلف ہیں۔ زندگی گزارنے کا ہر ایک کا طریقہ مختلف ہے۔ استاد کی ذات بذات خود ایک بہت بڑا شاہکار ہے جو اس فن سے پورا فائدہ نہیں اٹھاتا وہ کچھ نہیں جانتا مگر ایک ایجوکیشن ہیوہ سائنس یا فن ہے جو سب انسانوں کو زندگی گزارنے کا فن سکھاتی اور بہتر طریقہ کار بتاتی ہے۔ ایجوکیشن ہی انسان کو اچھے انداز گفتگو کے ذریعے بات چیت کرنا سکھاتی ہے۔ تعلیم اس عمل کو یعنی اس فن کو (appreciate) کرتی ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اشیاء:

وہ چیزیں جو طلبہ کے زمرے میں آتی ہیں ان کی کوشش کا انداز یا حاصل کرنے کا طریقہ بہت مختلف ہوتا ہے ایک علم جتنا اپنے فن میں با کمال ہوگا اتنا ہی لاجواب ہوگا اور اس طرح اشیاء یعنی انسان ایک اہم ذریعہ جس سے وہ چیزوں کے استعمال کا ڈھنگ جانتے ہوئے سلیقے اور شعار سے اپنے فن کا اظہار کرتا ہے۔

حالات:

فنکار کا اچھی کارکردگی کے لئے موزوں حالات کا ہونا بہت ضروری ہے۔ جب تک فلاسفر کے ظاہر اور باطن خوشگوار نہیں ہونگے اس وقت تک حالات خوشگوار نہیں ہونگے۔ اس لئے کسی کام کو کرنے سے پہلے حالات کا جائزہ لینا بہت ضروری ہے۔

واقعات:

Reality کے اندر رہتے ہوئے وہ حالات واقعات اور جن کو وہ اصل شواہد بیان کرتا ہے۔ جس طرح حالات واقعات کا سازگار ہونا بہت ضروری ہے۔ اس لئے اس میں معاشرے کے رجحانات وغیرہ کو بھی دیکھا جاتا ہے اور فطری خواہشات کو بھی دیکھا جاتا ہے۔ وہ طریقے اور اطوار ہمیں بتاتے ہیں کہ ہمیں گفتگو کس طرح کرنی ہے۔ ذہانت کیا ہے۔ modificaiton بھی کریں انسان روایات کا بانی بھی ہے اور محافظ بھی ہے۔ روایات کو آنے والی نسلوں میں کنٹرول کرتا ہے۔ اگر وہ طلبہ کو اچھی باتیں سکھائے گا تو طلبہ اسے آنے والی نسلوں تک منتقل کریں گے۔ استاد بھی ایک دنیا کا سب سے بڑا فنکار وہ ہے جو کہ طلبہ کو اپنے سانچے میں ڈھالنے کی کوشش کرتا ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خوبیاں:

تعلیم ایک ایسا فن ہے جب ہم مکمل طور پر اُس کے اصولوں کے مطابق اپنے آپ کو ڈال لیں گے تو علمی فن سے درج ذیل خوبیاں ہمارے سامنے آئیں گے۔

۱۔ استاد کا کام معاشرے کی تشکیل ہے۔

۲۔ استاد مواد کو طلبہ کے سانچے میں ڈھالتا ہے۔

۳۔ استاد کا کام عام پتھر سے مورتی بنانا ہے۔

۴۔ ثقافتی اقدار کے اندر موضوع تبدیلی لانا ہے۔

۵۔ ٹیکنالوجی میں تبدیلی

۶۔ نصاب میں تبدیلی

۷۔ زبان میں تبدیلی

۸۔ ظاہری خدوخال میں تبدیلی

انسانی رویوں کو تبدیل کرنے والی چیز کو ایجوکیشن کا نام دیتے ہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باب ہشتم

نصابِ ڈسپلن

Curriculum of the Discipline

"Each Society has its regime of truth; Its general politics of truth; that is the types of discourse which it accepts and makes function as truth the mechanisms and instances which enable one to distinguish true and false statements; the means by which each is sanctioned; the techniques and procedures accorded value in the acquisition of true; the status of those who are charged with saying what counts as true"

M.Foucault, "truth and power"

ایم فو کالٹ اپنی کتاب ''سچائی اور طاقت'' میں لکھتے ہیں۔ ''ہر معاشرہ کا اپنا سچائی کا طریق وڈھنگ اور نظام ہوتا ہے۔ اس کی سچائی کے عمومی اصول ہوتے ہیں۔ وہ اس کی گفتگو کے انداز ہی ہیں جو یہ قبول کرتا ہے اور اس اہم کام کو صحیح ثابت کرتا ہے۔ وہ میکانیت اور مثالیں جو ایک فرد کو صحیح اور غلط بیانات کے درمیان فرق کرنے کے قابل بناتے ہیں وہ ذرائع جن کے ذریعے ان سب کی تصدیق وتوثیق ہوتی ہے۔ سچائی کے حصول میں باہم موافق تکنیک اور طریقے ان کا رتبہ ومقام جن پر سچائی کا ذمہ لگایا گیا ہے''۔

تصورِ نصاب کو بطور موضوع بحث لینے سے پہلے اس سوال کا جواب دینا ضروری ہے کہ نصاب کیا ہے؟ لفظ نصاب ''currer'' "Carrer" سے اخذ کیا گیا ہے جو کہ ایک لاطینی زبان میں نصاب کے لئے ''Curriculum'' کا لفظ بڑے وسیع معنوں میں استعمال ہوا ہے۔ "Curriculum" کا مطلب ہے دوڑنے کا راستہ۔ ایک مقام سے دوسرے مقام تک ترقی کی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تحریک، سکول کالج یا یونیورسٹی کے مخصوص مطالعاتی کورس کے مطابق تدریسی رتعلّم کے مرحلے میں ایک مخصوص متعین شدہ راستہ، جس پر چلا جاتا ہے۔ نصاب سلیبس کے مجموعہ یا مضامین کی فہرست سے بھی بڑھ کر کوئی چیز ہے۔ یہ ایک "مکمل سیکھنے کا عمل ہے جس کی منصوبہ بندی کی جاتی ہے اور سکول کے ذریعے جس کی رہنمائی کی جاتی ہے چاہے یہ سکول کے اندر یا باہر منعقد ہو"۔

دوسرے الفاظ میں، اس کو اس تمام کام میں نمایاں ہونا چاہیے جس کی استاد منصوبہ بندی کرتا ہے اور اپنے طلباء کے ساتھ سرانجام دیتا ہے ہم نصابی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ سلیبس بھی چنانچہ نصاب کو بہ حیثیت مجموعی یوں تصور کیا جاسکتا ہے۔

"پہلے سے متعین کیے ہوئے تعلیم کے تجربات، مطلوبہ تعلیمی نتائج جو علم اور تجربہ کی منظم تعمیر نو کے لئے تشکیل دیئے جاتے ہیں جو سکول کی سرپرستی میں طلباء کی مسلسل اور ارادی نشوونما ذاتی اور سماجی قابلیت کے لئے وقوع پذیر ہوتے ہیں"۔

مزید برآں یہ بھی دلیل دی جاسکتی ہے کہ ہمیں نادیدہ نصاب سے بھی صرف نظر نہیں کرنا چاہیے وہ تعلیم جو متعین کیے ہوئے نصاب کے علاوہ ایک طرح کی ضمنی پیداوار ہے کہ ہمیں رسمی اور حقیقی نصاب میں اہم فرق منظم کرنا چاہیے جو سلیبس یا نصابی خاکہ کے برعکس سکھایا جائے۔ نصاب کی تعریف کا حقیقی مسئلہ صرف یہ نہیں ہے کہ علم کے کونسے حصے یا نصاب کے قابل قدر حصوں کو شامل کیا جائے بلکہ نصاب تو یہ ہے کہ تدریس کے لئے ہماری اپروچ (پہنچ) کونسی ہونی چاہیے کیا ہماری تشویش صرف یقینی علم، نقش مضمون یا مہارتوں کی ترسیل ہے متعینہ مقاصد کے حصول کے لئے یا نشوونما کے یقینی مراحل کی ترویج کے لئے۔ دوسرے الفاظ میں یہ نصاب صرف کسی ایک تعریف پر مشتمل نہیں ہے بلکہ یہ بہت زیادہ تعریفوں پر مشتمل ہے مزید برآں جو بھی تعریف ہم استعمال کرتے ہیں وہ نصابی منصوبہ بندی کے لئے ایک خاص رسائی کی طرف رہنمائی کرتی ہے کہ ہر تعریف اپنی ذاتی اور مختلف منصوبی نمونہ کی تشکیل سازی کرتی ہے اب کئی سالوں سے نصاب پر بحث صرف تعلیمی نظریات تک محدود نہیں رہی ہے بلکہ مضامین بمقابلہ کثیر مضامینی مطالعہ،

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

روایت بمقابلہ ترقی پسندیت یا مواد بمقابلہ مراحل۔ اس کے علاوہ یہ سیاسی نظریات کے مقابلے کے لئے اکھاڑہ بن چکا ہے جامعاتی بمقابلہ مساوات عامہ پیشہ ورانہ/آلاتی بمقابلہ آزادی پسند وغیرہ۔ بالخصوص قابل ذکر بات یہ ہے کہ نصاب پر کنٹرول حاصل کرنے کے لئے ایجنسیوں کا مقابلہ شروع ہو چکا ہے۔ خارجی سیاسی کنٹرول کے حامی اپنا دباؤ ڈال رہے ہیں۔ اس حقیقت کے خلاف کہ پچھلی ایک چوتھائی صدی کے تجربے نے یہ ثابت کر دیا ہے۔

"کہ واحد موثر نصاب وہ ہے جو طلباء کی تائید سے تشکیل دیا جائے اور اساتذہ کے فیصلوں اور روز بروز کے ان کی آراء کو مدنظر رکھ کر بنایا جائے"۔

نصاب بطور تصور علم واقدار اور ان کی ترسیل سے بہت مربوط ہے۔ تعلیم بنیادی طور پر علم کے ساتھ منسلک ہے اور تعلیم کا سب سے اہم کردار فہم وفراست کے تناظر میں مختلف علم کی حالتوں کی ترسیل ہے۔ تعلیم علم کی اقسام کے ساتھ ساتھ متناسب مطالعہ کے لئے طریقے اور تکنیک بھی فراہم کرتی ہے۔ مضامین تحصیل علم کی ضروریات کے مطابق تخلیق کیے جاتے ہیں اور معقول و مدلل حدود کے اندر رہ کر کام کرتے ہیں تاہم علم کی اقسام مختلف مضامین کی کثیر مضمونی اور مخالف مضمونی ضروریات کو متعین کرتی ہیں۔ اور ایسا علم کی ترسیل اور جامع فہم کو تصور میں رکھ کر کیا جاتا ہے۔

بنیادی طور پر جب کوئی بھی مضمون اختیار کیا جاتا ہے تو اس کے لئے کچھ اصول وضوابط وقوانین بنائے جاتے ہیں اور عموماً ایسے اصول اپنائے جاتے ہیں جن میں روز بروز تبدیلیاں وقوع پذیر ہوتی ہیں اور ایسے اصول اپنائے جائیں جن کو عوام کی اکثریت جانتی ہو۔ پھر کوئی نظم وضبط رائج ہوتا ہے اور جو لوگ اس کو اپناتے ہیں ان کو دو باتیں تسلیم کرنا پڑتی ہیں۔

1. Assumption 2. Hypothesis

Assumption .1

فرضیے سائنسی تحقیق میں مدد دیتے ہیں جس سے سائنسی اصول بنانے میں مدد ملتی ہے تعلیمی تحقیق سے بنتے ہیں۔

Assumption سے مراد ایسی فرض کی ہوئی بات لی جاتی ہے جو تقریباً درست ہوتی ہے اور تقریباً اس کو تمام لوگ تسلیم کرتے ہوں اس کی بھی دو اقسام ہیں۔

1. Basic Assumption 2. Secondary assumption

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بنیادی فرضیے : Basic Assumption

بنیادی فرضیے سے مراد اعتقادات لئے جاتے ہیں اور یہ مذہب سے متعلق ہوتے ہیں اوران کو لازمی طور پر درست تسلیم کرنا پڑتا ہے۔ یہ عام طور پر مذہبی اعتقادات سے وابستہ ہوتے ہیں دین مذہب سے زیادہ لگاؤ رکھنے والے لوگوں کو بنیادی فرضیے قرار دیا جاتا ہے۔

ثانوی فرضیے : Secondary Assumption

یہ ثانوی یا دوسرے درجے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کو بھی درست تسلیم کرنا پڑتا ہے چاہے وہ کسی مذہب سے تعلق رکھتے ہوں عام لوگوں سے مشابہ ہوں مثلاً حضرت عبدالقادر جیلانی صاحب خطبہ دیتے ہوئے اٹھے اور لوگوں نے کہا کہ آپ اس میں اضافہ نہیں کر سکتے آپ نے کہا کہ آپ کو چند دنوں بعد پتہ چل جائے گا۔ جب چند دنوں بعد لشکر آیا جس کو لشکرِ الجر کا نام دیتے ہیں نے شہادت دی کہ یہ صحیح کہتے ہیں۔ عقل تسلیم کرے یا نہ کرے ہم اسکو درست تسلیم کرتے ہیں۔ اس طرح سے اگر کوئی بات مان جائے تو اس کو Secondary Assumption کا نام دیتے ہیں۔

مفروضے: Hypothesis

اس سے مراد تیسرے درجے کے فرضیے ہیں جن کی درستگی ضروری نہیں ہے۔

(Hypo) کا مطلب (desthen) اور (theases) کا مطلب (ٹھوس) ہے اور ان کو ٹیسٹ سے گزارا جاتا ہے اور اس بات پر مبنی ہوتی ہیں کہ یہ ہوسکتا ہے کہ یہ صحیح ہوں اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ غلط ہوں۔

Definition of Theory:

(i) Theory is a set of assumption are generalization which is scoted by philosophy and scientific process.

نظریے سے مراد مفروضہ یا تحقیق کا سیٹ ہے۔ جس کو سائنٹیفک عمل اور فلاسفی کے عمل سے گزارا جائے اس کو نظریہ کا نام دیتے ہیں۔ جب بھی کوئی علم شروع ہوتا ہے اسے ان حقیقتوں

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے ضرور پالا پڑتا ہے۔ جسے ہم احسن انداز سے سمجھ سکتے ہیں۔ضرور کوئی ایسی بات ہوتی ہے جن میں کوئی نہ کوئی ترمیم کرنی ضروری ہوتی ہے۔اس میں سب سے پہلے مفروضے تیار ہوتے ہیں۔ لوگوں کے مسائل کو حل کرنے کے لئے مفروضے قائم کئے جاتے ہیں۔ان کو حل کرنے کے لئے (model)(paradiem) بنانا پڑتے ہیں۔جن کو بہت سارے لوگ تسلیم کرتے ہوں اور ان میں وقتاً فوقتاً تبدیلیاں آتی ہیں اور جب بہت سارے لوگ تسلیم کر لیں (نظریہ) کہلاتا ہے۔ مفروضوں کی بناء پر بہت سارے تجربات کرنے سے کوئی ٹھوس چیز سامنے آئے اس کو اصول کہتے ہیں (principles) مگر وقت کے ساتھ ساتھ تبدیل ہوتے ہیں۔

(Generalization) تعیم و تحقیق سے مراد عام کرنا ہے یعنی ان سے ایسا نتیجہ نکالنا جس سے مظاہر قدرت ظاہر ہوں اور ان کو کسی اور ماحول میں بھی اپنایا جائے اس کو (Generalization) کا نام دیتے ہیں۔جوں جوں اس تکون کی نیچے کی طرف آتے جائیں (les certain) ہوتے جائیں اور جوں جوں نیچے سے اوپر کی طرف چلے جائیں بہت زیادہ معلوماتی ہوتی چلی جاتی ہے۔

(ii) Paradiem is a way of conceptualising the study it represent the prospective of study toward the problem being solved.

نمونے کے طور پر کوئی بھی چیز بنانا یا کسی بھی ماڈل کا ڈھانچہ بنانا کہ یہ چیز کس طرح ہے اس کو (paradiem) کا نام دیتے ہیں۔

(iii) A set of assumption or generalization supported by related philosophical assumption and scintific principles and serving as a basis for projecting hypothesis are then subjected to scientific investigation. the finding of which are evaluated in order to validate new scientific principles and philosophical assumptions. a symbolic construction.

(i) A set of assumption or generalization

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(ii) supported by related philosophical assumption and scientific principles.
(iii) Serving as hypothesis formation.
(iv) suggest a course of action.
(v) investigated
(vi) validate new philosophical assumptian scientific principles caleed (symbolic construction)

جب بھی (theory) کا لفظ استعمال ہوگا تین الفاظ استعمال ہونگے ایجوکیشن theory مسائل سے متعلق ہے۔

Education theory meaning changing time to time.

(Education theory) جو کہ ایجوکیشن کے مسائل سے متعلق ہو۔ استاد اور طالب علم سے متعلق ہو۔ یہ خیالات فراہم کرتی ہو اور یہ سائنسی بنیاد پر ہو۔

Three different meaning of theory:

(i) It is most commonly used to refer to an enplanation of a group of related scientific phenomena. For example theory of radiation it devotes a set of interconnected hypothesis that have been framed. in order to describe and explain a particular series of natural phenomena

(ii) To refer to a body of doct rines a collection of (not description) predescription intend not to explain but to-guide action. For example marxist theory where the concern is to offer a celerent. body of opinion a philosopy.

(iii) Used in immediate) sense-picking out a related body of problems for examples theory of knowledge- we neither refer to an explainatory system nor any particular set of views. we are merely indicating the relatedness of certain kind of problems.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

i. descripion تجویز کرنا

ii. prescription اس کا مطلب بھی تجویز کرنا اور نسخہ بتانا

جیسے آجکل ڈاکٹر حضرات کوئی بھی نسخہ تجویز کر کے مریض کو اس پر عمل کرنے کے لئے بتاتے ہیں۔

iii. Solution of the problem. مسائل کا حل

Defination of Education theory

Education theory devotes a range of problems. those practical problem that teacher and other concerned with the practice of education need to give thought to and to make decissias about it need to after some set or sets of views that may help us to decide on the directions in which these decission are to take us and it must also contain a proper and rigorous. scientific basis to ensure that these desisian are theoretically samed and consistents with whatever evidence is available.

Requirement of Education theory

(i) It must offer support to the teacher he or she needs.

یہ استاد کی ضروریات کو پورا کرے اور اس کا بنیادی کام ہی یہی ہے کہ استاد کی رہنمائی کرے اور مدد کرے۔ اُستاد جس چیز کے متعلق پڑھا رہا ہے، وہ کوئی بھی تھیوری اپنائے تو اُس کی مدد ہی سے اپنا کام مکمل کرے گا۔

(ii) It must start and end with the problems that the practice of education must throws up.

یہ تعلیمی مسائل سے شروع ہو اور تعلیمی مسائل پر ہی ختم ہو۔

(iii) It must be rooted in the school and the classown.

اس کی بنیادیں اور جڑیں سکول اور کلاس روم سے شروع ہونی چاہئیں باہر کے ماحول سے نہیں۔

(iv) It must have a direct particular relevance to all aspects of teacher work.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تھیوری ٹیچر ورک سے متعلق ہوگی، کیونکہ اُستاد کا ایک ایک لفظ تھیوری سے نکلتا ہے۔ اور اس میں استاد کے تمام مکالموں سے عملی طور پر نسبت پائی جاتی ہے۔

(v) Education approach must not learn too. Heavily on other disciplines or body of knowledge. which have been devised for other purpose.

اسے دوسروں پر انحصار نہیں کرنا چاہیے اور نہ ہی دوسروں کا دست نگر بننا چاہیے اس کو fullflash ہونا چاہیے کسی دوسری شے کی طرف جھکاؤ نہیں ہونا چاہیے جتنا کہ ایجوکیشن نے اپنے آپ کو دوسروں کے ساتھ Relate کر رکھا ہے کہ کبھی کبھی تو خود اس کا وجود خطرہ میں محسوس ہوتا ہے۔ اس کے اپنے مقاصد اور مواد ہو، تا کہ اس کی اپنی شناخت برقرار رہے۔

6. Education can stand in its own right. as rigorous. body of theoretical knowledge. that a teacher respect and profit from in the practice of their profession.

اسکو اپنے حق پر کھڑے ہونا چاہیے Theoritically علم ایسا ہونا چاہیے تا کہ استاد اس پیشے سے خاطر خواہ فائدہ اٹھا سکے لیکن فی الحال ایسا نہیں ہے۔ اس لئے اپنا حق استعمال کرنا چاہئے اور اپنا حق برقرار رکھنا چاہئے اور اس کا اپنا نظریاتی علم ہونا چاہئے۔ اس کے دو فائدے ہوں گے۔ اُستاد کی عزت ہوگی اور پیشہ کے لحاظ سے بھی عزت ہوگی۔

Logical Analysis

سب سے پہلے ایجوکیشن میں بنیادی کام ٹیچنگ کا ہے۔

The whole practice in education is teaching.

ٹیچنگ کے لئے بنیادی کام خیالات کا ہے یعنی اس میں خیالات ہونے چاہئیں وہ ٹیچر بہت اچھا خیال کیا جاتا ہے جس کے باقاعدہ خیالات ہوں اور خیالات میں بنیادی کام logic کا ہے اور logic میں بنیادی کام arguments کا ہے۔ اور وہ استاد کامیاب ہوتا ہے۔ جس کے باقاعدہ arguments ہوتے ہیں وہ استاد کامیاب نہیں ہوتا جس کے پاس

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طلباء کو اپنا لیکچر deliver کرنے کے لئے دلائل نہیں ہوتے اور وہ صحیح بات اپنے طلباء کو convey نہیں کرسکتا۔ استاد الفاظ کا جادوگر ہوتا ہے۔ جس کے پاس دلائل ہونگے خیالات ہونگے اور دوسروں تک بھی صحیح طریقے سے convey کرسکے گا۔ اور اس میں پاکیزہ الفاظ پائے جاتے ہوں گے۔

The teacher must be logically in his deliverence of thought.

1. In logical analysis, reality casist of what is knewable. what is varified by experience?

استاد کو چاہیے کہ وہ جو چیز پڑھائے جس کو شاگرد آسانی سے سمجھ سکے جس کے پاس logic ہو (knewable) ہو۔ یعنی جاننے کے قابل ہو الفاظ تلوار سے زیادہ تیز ضرب لگاتے ہیں۔

What is verified by experience?

جو الفاظ استاد کے تجربہ سے حاصل ہوگا وہ زیادہ knewable ہوگا وہ زیادہ مؤثر ہوگا استاد کو ایسے الفاظ استعمال کرنے چاہئیں جو کلاس میں بیٹھے ہر طرح کے طلبہ کو آسانی سے سمجھ میں آجائیں experience کو active کا نام بھی دیتے ہیں۔ کسی چیز کو بار بار کرنے کو experience کا نام دیتے ہیں۔

2. Man is distinct from other representative of the animals because of the degree to which he is able to learn.

انسان دوسروں سے ممتاز کیوں ہے۔ اس کی بنیادی دو وجوہات ہیں ا۔ جو کوئی بولے وہ سیکھ لیتا ہے اور سمجھ لیتا ہے۔ مفاہمت اور بلاغت کے ساتھ بول سکتا ہے۔ دوسری مخلوق کو یہ صلاحیت حاصل نہیں ہے۔ صرف اور صرف انسان کو اس خداداد صلاحیت سے نوازا گیا ہے جس کی وجہ سے وہ تمام مخلوق سے بہتر مخلوق ہے۔ اور اسے اشرف المخلوقات کا درجہ دیا گیا ہے۔

3. The complexity of this learning is evident in man's ingenious employment of symbolic behaviour in language and other media.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

انسان جب بھی کوئی چیز کوئی مظاہرِ قدرت دیکھتا ہے وہ صرف اور صرف اس کا علامات دیکھتا ہے۔ جتنے بھی انسان کے ذہن کے اندر عضوے ہیں، یہ brain دماغ میں ہوتے ہیں۔ یہ Symbol اس میں جاتا ہے پھر دماغ میں ان کو معنی دیتا ہے۔ سب سے اچھا اور ذہین طالب علم وہ ہے جو کہ ان علامات کو معنی دے۔ اصل میں کسی کو عقل اور دلائل کے لحاظ سے پرکھنا یا جانچنا اس کو منطق کا نام دیتے ہیں، Analysis کا مطلب تجزیہ کرنا ہے۔

Symbol .... Analysis .... Logic .... Mind .... Brain.... Behaviour ..... Opinion .... Language .... Media

Mind جتنا زیادہ Logical Analysis کرے گا اتنی زیادہ intension ہوگی، جو کچھ پڑھا جائے اس کو knowable ہونا چاہئے۔

Media: Carrier of message called media. The use of language serves to represent express and appeal to the thought of the individual and to other human beings.

استاد کو Analysis کرنے میں ایسی زبان استعمال کرنی چاہیے جو طلباء کو آسانی سے سمجھ آ سکے اور متاثر کرے۔ طالب علموں کے خیالات اور دوسری انسانی خواہشات کا بھی احترام کرے اور اگر کسی کو دلائل کی بناء پر بات سمجھائیں اس کو Logic کا نام دیتے ہیں۔ اب غلطیوں اور کوششوں کا خاتمہ ہو چکا ہے۔ ایجوکیشن کا بنیادی کام ٹیچنگ ہے۔ جو عقل پر منحصر ہوتی ہے۔ استاد کو چاہئے کہ وہ پاکیزہ الفاظ کا استعمال کرے اور استاد جب طلبہ کو پڑھائے تو Analysis logic knowable کے مطابق تعلیم دے۔

ہر بول تیرا حالی دل سے ٹکرا کر گزرتا ہے

جو بات دل سے ٹکرا کر گزرے گی تو وہ بات حقیقت ہوگی۔ اور وہ knowable بھی ہوگی۔ mind کا کام صرف Lcgical analysis کرنا ہے۔ استاد کے پاس الفاظ طالب علموں کے لئے امانت ہیں۔ یہ زبان ہی ہے جو انسان کا پتہ دیتی ہے۔ Apeal کا لفظ متاثر

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ زبان ہی کے ذریعے انسان اپنے خیالات اور اندرونی خوبیوں کا اظہار کرتا ہے۔

5. Man has capacity to engaged in critical reflection.

جب انسان بولتا ہے تو استاد اسے تولتا ہے کہ اسے کوئی experience of thought ہے۔ اس کے Critical reflections کے ذریعے اس بات کا پتہ چلتا ہے کہ آیا بات سمجھ آئی ہے یا نہیں۔ Critical سے مراد تنقیدی اور تنقیدی سے مراد تول کر دیکھنا کہ اچھی ہے یا بُری۔ Reflection کا مطلب عکس ہے۔ اس سے مراد ہر شخص کسی چیز کے رخ کا تجزیہ کر کے اس کا عکس دیکھتا ہے۔

6. Symbols--- Assigmeaning to symbol --- guided by reason --- interpretation of the message.

mind اس کو معنی دیتے ہیں۔ ہر شخص میں استطاعت ہوتی ہے۔ کوئی بھی چیز جو انسان میں داخل ہوتی ہے اور ہمیشہ یہ باتیں knowable ہونی چاہئیں جو تجربات کے ذریعے حاصل ہوتی ہیں۔

7. Knowable things throng experience --- that varifies the truth that is apprehended.

ہر وہ چیز جو احاطہ ادراک میں آئے خیال میں آئے، گمان میں آئے اسے apprehension کا نام دیتے ہیں۔ اگر انسان اسے قبول کرے اور impress کرے تو اس کو comprehension کا نام دیتے ہیں۔ اور جاننے والی چیزیں حاصل کرنے کی کوشش تجربات کے ذریعے سچائی کے ذریعے۔

8. Open mindedness, objectivity, critical thinking and critical reflection --- necessary for correct thinking.

اور صحیح درست سوچ اور خیالات کے لئے ضروری ہے کہ کھلا ذہن ہو۔ تعصب سے ہٹ کر پسند و ناپسند کو بغیر مدنظر رکھے۔ سب سے پہلی بات جو احاطہ علم میں آتی ہے وہ object کے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ذریعے Critical thinking خیالات کے ذریعے اچھے بُرے سیاسی حالات کے مطابق اگر کوئی اس کے معیار پر پورا اُترے تو اسے Critical reflection کا نام دیتے ہیں۔ یہ thinking درستی کے لئے کمزوری ہے۔ correct thinking کرتا ہے۔

9. Aim of logical analysis theory is to refine and clearify meanings with analysing language so that we actual says what we mean to say.

اس theory کا مقصد ہی یہی ہے کہ انسان اپنی زبان کو خوب سے خوب تر بنائے۔ اس کا مطلب ہے کہ الفاظ منطق کا مجموعہ ہوں اور مفہوم کو واضح کریں اور زبان کے ذریعے تجزیہ کرے۔ ہمیں یہی بیان کرنا چاہئے کہ ہم کیا کرنا چاہتے ہیں۔

10. The real task of this theory in our profession is to help the teacher or administrator to learn how to express ourselves accurately and therefore meaningfully.

اس theory کو بیان کرنے کا اصل مقصد استاد کی اس پیشے کے بارے میں رہنمائی اور مدد کرنا ہے۔ اور ایک انتظامیہ کے لئے کہ وہ کیسے ہمارے مسائل کو حل کرے۔

11. Logical analysis provides a kind of intellectual courtesy. It forces us to discipline our efforts at communication.

یہ Logically ہمارے ذہانت کی ایک قسم کو مہیا کرتے ہیں۔ انسان کو ذہن کے ساتھ احتیاط سے کام کرنے کا درس دیتی ہے اور ہمارے تاثرات کو دوسروں تک منتقل کرتی ہے۔

12. The purpose of education. is to promote the intelligence, intellectual and social development of the individual.

اور ایجوکیشن کا مقصد ہماری ذہانت کو ترقی یافتہ بنانا ہے اور فرد کی معاشرتی، ذہنی نشو ونما کو بہتر بنانا ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

13. **Empirical Analysis:** some meaning of the symbol pass through non-experiment are offered in poetic and emotional approach Deweys use of terms such as "democracy growth, interests and experience" has caused much debated among philosopher of education.

اس theory میں دو باتیں: ایک استاد کے لئے اور ایک شاگرد کے لئے ضروری ہیں۔وہ کامیاب ہوتا ہے جو زیادہ سے زیادہ تجربہ کار ہو۔استاد کا علم کتابی علم نہ ہو بلکہ تجربات سے گزرا ہوا ہو اور اسے مظاہر قدرت کا پہلے سے ہی اندازہ ہو۔جان ڈیوی نے بہت زیادہ الفاظ استعمال کئے ہیں۔اس کا کہنا ہے کہ کوئی قوم جمہوریت کو تول نہیں سکی۔اس کی رو سے اس کا احترام کرنا چاہیے۔یہی وجہ ہے کہ تعلیمی ماحول سمجھ میں نہیں آ رہا۔جب ہم Empirical تجربات کریں گے تو ساری باتیں سمجھ میں آ جائیں گی۔

14. G.E.Moore کا کہنا ہے کہ استاد زبان کا تجزیہ کر کے حرکت میں لاتا ہے۔علم صرف اور صرف استاد سکھاتا ہے۔استاد کا کوئی نعم البدل نہیں ہے۔لوگ استاد سے چھٹکارا حاصل کرنا چاہتے ہیں کہ وہ خیالات کو analysis کر سکیں۔

15. وہ تمام عبارتیں درست ہوتی ہیں جو کہ تجربات سے گزرتی ہیں۔استاد ان کو منطقی تجزیے کے ذریعے حاصل کرتا ہے۔جبکہ استاد کو تنقیدی جائزے کے ذریعے تجربات سکھائے جاتے ہیں اور تمام قسم کے تصورات تجربات سے ہی حاصل ہوتے ہیں۔قابلیت اور کامیابی انسان کو بظاہر قدرت کے تجربات سے ہی حاصل ہوتی ہے۔اور تمام قسم کے مظاہرات کے ذریعے چیک کیا جاتا ہے۔

16. یہ بہت ساری فلاسفیوں کو ترغیب دیتی ہے۔فلاسفی میں یہ بھی ممکن ہے کہ استاد جب تجربات کرے یا بات کرے تو اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ empirical ہونی چاہئے۔بہت ساری فلاسفی لفاظی بے ترتیبی اور بغیر مضمون کے ہے۔اس کا کسی چیز کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

جس کو ہم تجربات کے ذریعے جانچتے۔

Implication for today classroom teacher practice

(۱) تجزیاتی فلاسفی بہت اہم کردار ادا کرتی ہے۔ آج کل استاد کے کمرہ جماعت کے مسائل کو حل کرنے میں اور بہت حد تک استاد کی زبان یعنی الفاظ صحیح طور پر ادا کرنے میں اور کسی چیز کو متعارف کروانے میں بہت اہم کردار ادا کرتی ہے۔

(۲) اصطلاحات اتنی پیچیدہ ہیں کہ ہر بات کے دو معنی کھلتے ہیں۔ اگر منطق کے ذریعے بات کرنا ہوگی پھر طالب علم سمجھ سکے گا ورنہ نہیں۔ زبان انسان کو بہت ساری معلومات فراہم کرتی ہے۔

(۳) اور فلاسفی والے تجزیئے شاگردوں یعنی طلباء کی بہت حد تک مدد کرتے ہیں اور متعارف کرواتے ہیں۔ سچائی کی طرف مقابلہ کرنا سکھاتے ہیں۔ پیغامات جو کہ media کی طرف سے آتے ہیں اور جن کا انسان کو پتہ نہیں ہوتا۔

Media is the carrier of message.

(۴) کمرہ جماعت کی گفتگو ایک وسیع جگہ ہے۔ اور تجرباتی فلاسفی استاد کی مدد کرتی ہے کہ وہ اپنے پیغامات، خیالات طلباء تک کس طرح پہنچائے۔ یہاں پر استاد اور شاگرد ایک دوسرے کے ماحول کو بہت حد تک خوشگوار بنا سکتے ہیں۔

(۵) یہ بہت حد تک کلاس روم میں استاد کو درپیش مسائل کو حل کرنے کے لئے مدد دیتی ہے۔ استاد کی بات کو تسلسل دیتی ہے۔ اس کی باتوں کو طلباء تک Convey کرنے، Clear کرنے میں بہت حد تک مدد دیتی ہے۔

(۶) سائنس کا طریقہ تجزیہ شدہ ہونا چاہئے۔ اور یہ طریقہ صرف نمونہ جات کو ٹیسٹ کرنے کے لئے تجربات میں ان کی تصدیق کرتا ہے۔ حقیقتوں کو پرکھنے میں سائنسی طریقہ کار پوری دنیا میں استعمال ہوتا ہے۔ اور یہ فطرت یا قدرت کا ایک چھوٹا سا حصہ نہیں ہے بلکہ پوری زندگی ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(۷) اور یہ ہمیں بتاتی ہے کہ کلاس روم میں استاد کو سائنسی ایجادات کے لئے سائنسی طریقہ کار کو اختیار کرنا چاہیے۔ مثلاً ایٹم بم وغیرہ کے لئے اور ہمیں یہ بات یاد نہیں کرنی چاہیے کہ اس کو کیسے عمل میں لانا ہے اور اپنے سیاسی معاشرتی اقتصادی مسائل کو کیسے حل کرنا ہے۔

(۸) استاد کو کلاس روم میں تدریس کے دوران استخرائی اور استقرائی طریقہ کار استعمال کرنا چاہیے، دلائل دینے چاہئیں بہتر سے بہتر خیالات سے واقف ہونا چاہیے اور طلبہ تک بات کو بھی دلائل اور خیالات کے ذریعے Convey کرے۔ جس استاد کے پاس خیالات دلائل ہوں گے وہ بہتر استاد ہوگا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باب چہاردہم

تعلیمی تحقیق بطور ڈسپلن

Educational Research as Discipline

G.w.Leibniz کہتا ہے:

''سچائی دو قسم کی ہوتی ہے۔ دلیل کی سچائی اور حقیقت کی سچائی''۔

Karl Popper کہتا ہے

''سائنس شاید واحد انسانی سرگرمی ہے جس میں غلطیوں پر منظّم انداز میں تنقید کی جاتی ہے اور بروقت اصلاح کی جاتی ہے۔''

Albert Einstein کہتا ہے

''حقائق کا مجموعہ نہیں بلکہ جرات مندانہ انداز ے ہی ہماری مزید رہنمائی کر سکتے ہیں''

Herbert Feigl کہتا ہے:

''تعلیم تحقیقی بیماری ہے اس چیز کی جس کا اسکو علاج ہونا چاہیے''۔

روشن خیال دور نے علم کی دنیا میں ابھرنے والے کچھ نمایاں رجحانات کو ظاہر کر دیا۔ ان میں سے کچھ کا تعلق علم دنیا کی یکساں خصوصیت سے تھا۔ اور کس طرح اس علم کی دنیا کو دکھایا جاسکتا ہے۔ گزرتے وقت کے ساتھ طبعی سائنسی نمونہ نے معاشرتی حقیقت کو جذب کر لیا۔ اسی لئے روشن خیال علماء نے چند بنیادی نوعیت کے سوالوں کے جوابات دیئے۔ کیا ہمارے علم کی معاشرتی دنیا آزادانہ طور پر قائم ہے؟ کیا ہماری دنیا کے علم کو ایک مخصوص نقطۂ نظر سے تعمیر کرنا چاہیے؟ علم کی دنیا میں یقینی ہونا کہاں تک ممکن ہے؟ وجودی سائنسوں کی کامیابی سے جنم لینے والے ان تمام سوالوں نے 20 ویں صدی کی معاشرتی تحقیق کے عمل کو متاثر کیا ہے اور اس کی نئی شکل وضع کی ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تحقیق بالعموم ایک منظّم تفتیش ہے جس میں سخت محنت شامل ہوتی ہے اور اس میں کچھ یقینی اصول وطریقۂ کار بھی استعمال ہوتے ہیں۔ معاشرتی تحقیق کو اسی لئے معلومات کا تجزیہ یا مجموعہ کہا جاتا ہے تاکہ اس کو بہتر انداز میں سمجھا اور واضح کیا جا سکے یعنی معاشرتی دنیا کو سمجھا جا سکے تعلیمی تحقیق بھی اسی طرز کی ہوتی ہے اور بالعموم اسی معاشرتی تحقیق کی طرز پر معلومات اکٹھی کی جاتی ہیں اور تعلیمی دنیا کے بارے میں معلومات کو اکٹھا اور تجزیہ کیا جاتا ہے۔ تحقیق سے توقع کی جاتی ہے کہ یہ معلومات کے مجموعہ کے لئے منظّم پہنچ کی حوصلہ افزائی کرے گی۔ اور مزید برآں ممکن ہے کہ شہادتوں کا احترام پیدا کرنے میں مدد کرے جو اس کے بدلے میں مزید تنقیدی رائے بنانے میں مدد کرے گی۔

وجوبی روایات میں، تحقیق کو بالعموم ''خالص بنیادی، اطلاقی یا عملی گردانا جاتا ہے۔ اطلاقی اور تحقیق میں ایک فرق رتمیز پیدا کی جاتی ہے۔ خالص تحقیق کا تعلق بنیادی طور پر عملی مسائل کے فہم اور تشریح سے نہیں ہے بلکہ ایک تعلیمی مضمون کے مخصوص دائرہ کار کے اندر علم کی حدود کو بڑھا یا ترقی دینا ہے۔ اطلاقی تحقیق (جیسا کہ لرننگ تھیوری میں واضح کی گئی ہے) بہت سارے علاقوں میں قابل اطلاق ہے۔ اطلاقی تحقیق میں بہت ساری مثالوں سے تعمیمات اخذ کی جاتی ہیں اور معلومات ثانوی ذرائع جیسے کہ کتابیں، آرٹیکل اور مشق سے حاصل کی جاتی ہیں۔ عملی تحقیق اس کے برعکس، ایک چھان بین ہے اور حالیہ تشویش کے خاص موضوع پر کی جاتی ہے اس کا مقصد مخصوص حالات میں تبدیلی لانا ہے۔

معاشرتی سائنسی تحقیق کے نمونے:

کئی سالوں پر محیط معاشرتی سائنسی تحقیق نے بنیادی یقینی اصول بنا لئے ہیں اور جو تحقیق ماڈل کی تشکیل کے لئے بنیادیں فراہم کرتے ہیں۔ یہ تحقیقی ماڈلز ریسرچ کے لئے بطور نمونہ کام کرتے ہیں۔ یہ تحقیقی ماڈلز تعلیم کے مضمون میں بھی استعمال ہوتے ہیں۔ یہ تحقیقی ماڈلز تعلیم سے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مضمون میں بھی استعمال ہوتے ہیں اور جو کسی بھی تحقیقی سرگرمی کے لئے بنیاد فراہم کرتے ہیں۔ تاہم، معاشرتی دنیا کی تحقیق کے لئے مناسب ترین ماڈلز اور تکنیک کے انتخاب پر بہت زیادہ تنازعات ہیں۔ Positivistic trents وجوبی رجحانات کی برتری نے تحقیق میں منظّم کھوج کی سائنسی کھوج کے ساتھ مقابلہ رہمسری کی ہے جو کہ طبیعات، کیمیا اور ریاضی وغیرہ میں عیاں ہے۔ The positives وجوبیت پسند یہ دلیل دیتے ہیں کہ معاشرتی تحقیق کو فطری اور طبعی سائنسوں کے طریقہ کار اور مراحل استعمال کرنے چاہئیں۔ اس کے متضاد تصورات یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ معاشرتی دنیا کی نوعیت ایسی ہے کہ اسی تحقیق کو طبعی دنیا کی کھوج سے مختلف ہونا چاہیے۔ Interpretative اپروچ (تشریحی رسائی) واقعات کے مفہوم اور تشریح دریافت کرنے پر زور دیتی ہے۔ اسی کے مطابق معاشرتی تحقیق کے دو مختلف نمونے ظاہر ہوئے ہیں۔

(i) Positivistic Scientific Model
(ii) The interpretative, enthnographic model.

معاشرتی سائنسی تحقیق روایات پہلے پہل نفسیات، عمرانیات اور علم بشریات میں استعمال ہوئیں۔ اور اب تعلیم کے مضمون میں اپنے راستے دریافت کر لئے ہیں۔ یہ صورت حال کے عین مطابق تھا۔ تعلیمی سرگرمی اور عمل دونوں آلات، تکنیک اور حتیٰ کہ معاشرتی سائنسز کے نفس مضمون پر انحصار کرتے ہیں۔ چنانچہ تعلیم میں تناظراتی تحقیق کو معاشرتی تحقیق کے پیچیدہ موضوعات سے واقف ہونے کی ضرورت ہے۔ اس میں واحد تفریق یہ ہے کہ کوئی فرد کیوں تحقیق کرنا چاہتا ہے۔ اس کے ساتھ آغاز کرتے ہوئے تاہم سکول کی تحقیق پر مبنی پس منظر کو سائنسی ضرور ہونا چاہیے۔ حقیقی وجہ اختلاف کسی مخصوص معاشرتی تحقیق کا استعمال، اس کے آلات اور تکنیک اور تحقیق کے مخصوص نمونے کا استعمال ہے۔ مسئلہ کو اس طرح سلجھایا جاتا ہے کہ جس میں ہم معاشرتی دنیا کے علم کو منظر عام پر لا سکتے ہیں۔ اور اس علم کو ڈلیور کرنے کے لئے مناسب طریقہ کار اور مراحل بھی تخلیق کر سکتے ہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معاشرتی سائنسی تحقیق علم کے بارے فلسفیانہ بحث کے ساتھ منسلک ہے مثلاً علم کی نوعیت سے متعلق، مسائل علم کے مختلف ذرائع وغیرہ ان طریقوں سے بنیادی ہیں جن کے لئے تحقیق منعقد کی جاتی ہے۔ علم کو مشاہدے، دلائل، بحث کے تجزیئے وغیرہ کے ذریعے سے سمجھا جاسکتا ہے۔ یہ علم کی نوعیت ہی ہے جو طریقہ کو متعین کرے گی جس میں علم کے حصے کا تجزیہ کیا جائے گا۔ ان فلسفیانہ موضوعات کا مختلف مسائل میں ترجمہ کیا جاسکتا ہے۔

۱۔ علم کی تفتیش پر معاشرتی حقیقت کے بارے میں مختلف اقوال کا اثر۔

۲۔ سچائی کے دعوے کس طرح قائم کئے جاتے ہیں۔

۳۔ ان اقوال کی سچائی معاشرتی دنیا کے بارے میں کہ جس طرح وہ مواد کو اکٹھا کرنے کے طریقہ کار کو متاثر کرتے ہیں۔

وہ انداز جس میں معاشرتی سائنس دان ان بنیادی مسائل کو ٹریٹ کرتے ہیں۔ اس کا نتیجہ مختلف منطقی تجزیوں، نمونوں اور دنیا کی کھوج کے لئے تکنیک کی تخلیق کی صورت میں نکلا ہے۔ بالآخران مختلف ایروچز کی بنیاد مختلف مفروضوں پر ہے۔(1)

یہ مفروضات درج ذیل ہیں:

۱۔ مابعدالطبیعاتی	۲۔ علمیاتی
۳۔ طریقہ جاتی نتائج	۴۔ موادا کٹھا کرنے کی تکنیک
۵۔ مواد کے تجزیہ کی تکنیک	

ان مفروضوں کی چھان پھٹک معاشرتی سائنسی محقق کے لئے نتائج کو واضح کرتی ہے۔ یہ تفتیشی تکنیک اور نمونوں کے استعمال کی ضرورت کو صحیح ثابت کرتی ہے جو مخصوص مفروضوں کی

1. Hitchcock's Hughes: "Research and the Teacher" (A Qualitative introduction to school based Research) Routledge, London, New York (1989). (pp-14-15)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نوعیت و مطالبات کی طرف مائل ہوں۔ ایک طرف تو یہ مابعد الطبیعاتی اور علمیاتی مفروضوں پر گہری نظر ڈالنے کی ضرورت کو واضح کرتے ہیں یہ فیصلہ کرنے سے پہلے کہ آیا تحقیق کی توضیحی روجوبی روایات یا مثبت روایات کی پیروی کی جائے۔ یہاں تک کہ سب سے بڑھ کر اہم یہ حقیقت ہے کہ تعلیمی منظرنامہ کے تحت علمیاتی اور مابعد الطبیعاتی مفروضے ممکن ہیں تحقیق کا موضوع ہوں۔ اس سے فلسفیانہ تجزیہ اور بحث کے تجربے کی تیسری روایت کو ملوث کرنے کی ضرورت پیدا ہوتی ہے تاکہ تعلیمی نوعیت کے مسائل کی تحقیق کی جا سکے۔

سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ہم بلاشرکت غیرے کیوں معاشرتی سائنسی تحقیق میں بالعموم مثبت تحقیقی نمونے پر اتنا زور دیتے ہیں۔ انیسویں صدی کے آخر میں اور اس کے بعد فطری اور طبعی سائنسوں نے جو سائنسی نمونے استعمال کئے تھے وہ معاشرتی دنیا کی کھوج کے لئے مناسب ترین نمونے کے طور پر قبول کئے گئے۔

Auguste Comte اور Emile Durkheim عمرانیات میں اس کے حصول میں آلاتی تھے۔ Comte کے معاملے میں حقیقت کا واحد ذریعہ ہمارے حیاتی تجربات تھے۔ بصارت اور سماعت کے ذریعے مشاہدہ اور تجربہ کے موثر طور پر تحقیق میں ہر طرح کے اندازے غلط ثابت کردیئے لہٰذا Comte کے لئے عمرانیات معاشرتی طبعیات میں بدل گئی۔ Durkheim کے معاشرتی طریقوں کے قوانین غیر معتصب مفروضیت پر مرکوز تھے۔ اس کے نزدیک معاشرتی دنیا افراد کے لئے خارجی دنیا تھی اور جو آزادانہ طور پر قائم تھی۔ یہی تصور toto کے معاشرے میں بھی رائج تھا۔ اس معاشرتی استقلال نے معاشرہ کو بطور حیاتیاتی وجود کے لیا جو بہت سے اداروں کا بنا ہوا تھا جیسے خاندان تعلیم یا معیشت۔ یہ باضابطہ فریم ورک مواد کے اکٹھا کرنے اور توضیح کے معروضی طریقوں پر مرکوز تھا۔

Durkheim, Comte اور بہت سے دوسروں نے تجرباتی سائنسی طریقہ دریافت کیا۔ جس نے تمام معاشرتی سائنسوں کے لئے نمونہ کی حیثیت اختیار کرلی۔ تعلیم بھی کوئی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ماوراء نہ تھی۔ اس سے بہت سی تکنیک اور طریقوں کی تشکیل کی راہ ہموار ہوئی جنھیں تعلیمی تحقیق اور معاشرتی سائنس کی بہت سی کتابوں میں حریت کہا گیا ہے۔ وجودیت پسندی نے انسانی افعال سے متعلق بہت سے مفروضے قائم کیے۔ اس نے انسانی افعال کو قابل پیش گوئی اور اپنی پیداواریت کے لئے خارجی واندرونی قابل پیمائش عوامل کے تابع تصور کیا۔ علیت کا تصور جیسا کہ معاشرتی سائنس میں استعمال ہوا ہے۔ اس تصور نے انسانی اعمال کو شناخت شدہ، مشاہدہ کیے ہوئے اور پیش گوئی کیے ہوئے کے طور پر سمجھنے کی کوشش کی۔ اس سے فطری اور معاشرتی دنیا میں کوئی فرق باقی نہیں بچتا۔

لہٰذا استخراجی دلائل کے اصول اور قابل یقین معیشیت سائنسی طریقہ کی پہچان بن گئی جو کہ تعلیمی تحقیق میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ اسی لئے بیسویں صدی کے معاشرتی سائنس دان عموماً مقداری تحقیق کو ترجیح دیتے ہیں اور اس کے ساتھ بہت بڑی مقدار میں مواد کو جمع کرنا اور نمونے پسند کرنا اور مراحل کو ٹیسٹ کرنا بھی شامل ہے۔ یہ فرضی، استخراجی طریقہ معاشرتی منظر نامہ یک طرفہ تصویر دیتا ہے۔ معروضی معاشرتی سائنسی تحقیق میں یہ اپروچ تعلیمات کو بڑے پیمانے پر یکساں طور سے استعمال کرنے کی ضرورت پر زور دیتی ہے۔

نتیجہ کے طور پر خود بینی کے عادی، حیاتیاتی انفرادی اور چھوٹے پیمانے کے مطالعہ کو دوسرے درجے میں منتقل کر دیا گیا لیکن وجوبی تحقیق روایت طبعی سائنس اور معاشرتی سائنس کے نفس مضمون کے مابین بنیادی فرق سے دست بردار ہونے میں ناکام ہوگئی ہے۔ اسی لئے تحقیق کو توضیحاتی قسم نے میکانکی اور وجودی زاویوں کو انسانی انتخاب اور انفرادی تنوع (معاشرتی افعال میں) کے ذریعے متوازن کرنے کی کوشش کی۔ یہ دلیل دی گئی کہ معاشرتی دنیا ایک معنی خیز دنیا ہے جس میں افراد مسلسل اپنی زندگی کی تعمیر نو کرتے رہتے ہیں۔ ان افعال میں پائی جانے والی ترتیب اور نمونہ افراد کے ذریعے تخلیق پاتے ہیں جو تصورات، تشبیہات قوانین اور تشریحات کو اپنے منفرد انداز میں استعمال کرتے ہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لٰہذا افعال کے پہلے سے قیاس کئے ہوئے اصول نہ تو مجموعہ کے لئے زیادہ فائدہ مند ثابت ہوتے ہیں اور نہ ایسے مواد کے تجزیے اور ٹیسٹ کے لئے۔ کسی واقعہ کے مشاہدے سے پہلے کی درجہ بندی گمراہ کن بھی ہوسکتی ہے اور غلط نتائج دیتے ہیں۔ لٰہذا مقداری طریقہ کی متعدد قیمت جو کہ معاشرتی سائنسی تحقیق میں مستعمل ہے کو گھن لگ جاتا ہے۔

آسان وضاحت اور معروضیت جو کہ مقداری مواد کی پیمائش تعیم کے آئیڈیل ہوتے ہیں انہیں غلط مواد کی قیمت پر ترجیح نہیں دی جاسکتی۔ نسبتی مطالعہ میں موجود مقدار مواد، معاشرتی رویے، ساختہ سوالنامے اور شماریات معاشرتی سائنسی تحقیق میں محدود قدر کے حامل ہیں۔ ایسی تحقیق کی تجدیدات اور مسائل نے بے شک حالیہ سالوں میں اسے سب سے متنازعہ مسئلہ بنا دیا ہے۔ قابل پیمائش مواد کی کھوج بیانیہ تناظر کو عموماً فراموش کردیتی ہے۔ جس سے تمام مواد ملتا ہے۔

چنانچہ معاشرتی منظرنامہ کے باہم تعاملاتی حالات پر توجہ مرکوز کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ تاریخی اور ثقافتی تناظر، تصورات کی تشکیل اور معاشرتی بحث کی پیداواریت پر توجہ دینے کی بھی ضرورت ہے۔ اس لئے خود بینی کی عادت؛ حیاتیاتی، معروضی، لسانی اور بیانیہ تحقیق کے تصوراتی پہلو کے استعمال کی ضرورت بالکل درست اور ٹھیک ہے جن کا مقصد معاشرتی حالات کے اندر رہ کر حقیقی مواد کا حصول ہے تاکہ باہر رہ کر معاشرتی تحقیق کے علم الاقوام کے نمونہ میں ہمعصر دلچسپی حالیہ بے اطمینانی کی واحد مثال ہے۔ یہ بے اطمینانی وجوبی تحقیقی ماڈل کی وجہ سے ہے۔ تشریحی تحقیق انسانوں پر توجہ مرکوز کرتی ہے بطور منعکس، شعوری، جذبات، زبان، تصورات اور حرکات وسکنات والی مخلوق صرف ارادیت انسانی افعال کے متحرک اور موضوعی پہلو کو سمجھ سکتی ہے۔ یہ انسانوں کی پسند/انتخاب، تبدیلی، ضروریات، ادراک اور بلند نظری کو ظاہر کرتی ہے لیکن زبان اور مفہوم کا مسئلہ اولین اہمیت کا حامل ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لہٰذا تشریحی تحقیق افراد کے اپنے تاثرات کو براہ راست سمجھتی ہے۔ یہ سوچ سمجھے کھلے ساختہ ہیں اور اپنی سمت تبدیل کرنے کو ہمیشہ تیار رہتے ہیں اور مواد کے مختلف ذرائع استعمال کرنے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں یہ ایک پیچیدہ عمل جس طرح معاشرتی دنیا پیچیدہ ہے۔ یہ انفرادی واقعات سے عمومی حالات کی طرف رخ موڑتی ہے۔ مشمولاتی ذرائع مشاہدات استعمال کرتے ہوئے۔ یہ محقق کی انفرادی شمولیت کو برابر اہمیت دیتی ہے اور فرد کے مخصوص تناظرات کو بھی۔ لہٰذا یہ صرف تاریخی نوعیت کے تحقیقی ماڈل کی طرف رہنمائی نہیں کرتی بلکہ معاشرتی، لسانی فلسفیانہ تجزیہ اور بحث و مباحثہ بطور تحقیق کے تکنیک کو بھی شامل کرتی ہے۔ علامتی تعامل (Blumer 1969) نے افراد کی اس صلاحیت کو نمایاں کردیا کہ وہ اپنے آپ کو دوسروں کی جگہ پر تصور کرنے لگے اور اشیاء کو اس برتر نقطہ سے دیکھنے لگے۔ یہ منظریاتی رسائی (Weber's verstehen) اور علم الاقوام ایک فطری پیدائش تھے۔ جنہوں نے روزہ مرہ دنیا کو سمجھنے کے لئے خیالات اور تصورات کے دائرہ کار اور ڈھانچے کو سمجھنے کی کوشش کی۔ زبان کا استعمال وہ بنیادی آلہ ہے جس کے ذریعے ہم تعمیر اور تعمیر نو کرتے ہیں اور اپنی معاشرتی دنیا کو سمجھتے ہیں۔ حالیہ سالوں میں ان نئے رجحانات نے تعلیم کے تنقیدی مقاصد کے لئے بہت جدوجہد کی ہے۔

(Hargreaves.1967, Lacey 1970and Frech 1984)

اس میں کوئی شک نہیں کہ معاشرتی تحقیق کے لئے علم الاقوام اپروچ نے تعلیمی تحقیق میں حالیہ سالوں کو مزید قوت دے دی ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تعلیمی تحقیق

تعلیم بطور مضمون کے موجودہ حالت کو مدنظر رکھتے ہوئے، تحقیق کی اہمیت پر نئے علم کو منظر عام پر لانے کے لئے بطور آلہ کے بہت زیادہ نمایاں نہیں کی جاسکتی۔ اس کی معاشرتی سائنسی بنیاد، دوسرے مضامین، نفسیات، فلسفہ کی ضرورت تاکہ تعلیم کو نا صرف نظریاتی بنیادیں مہیا کی جاسکیں بلکہ نفسِ مضمون میں بھی سہولت ممکن ہو اس مخصوص منظر نامہ سے تعلیمی تصورات اور اصطلاحات کی پیچیدگی میں اضافہ ہوا ہے۔ تعلیم کے مضامینی پیچیدگی پر مطالبہ کرتی ہے کہ مزید تحریفی تھیوری کا ماڈل تعلیمی منظر نامہ کے فہم اور وضاحت کے لئے بنایا جائے۔ اسی طرح تعلیمی تحقیق کو ایک پیچیدہ نا قابل فہم بے ضرورت لفاظی سے مغلوب سرگرمی کا بھی سامنا کرنا پڑتا ہے۔

Downey اور kelly نے اسے "stratospheric" "زمین کی وہ سطح جو اصل سطح زمین سے کچھ نیچے واقع ہے" گہرے بادلوں سمیت stratospheric قرار دیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تعلیم میں بہت سی ترقی بلکہ زیادہ تر ترقی کی بنیاد تحقیق کے حاصلات پر نہیں ہے بلکہ ایک یا دوسرے نظریے پر ہے (چاہے وہ سیاسی ہوں یا تعلیمی)

تعلیمی منظر نامہ کی یہ خوبی پاکستانی تجربہ پر زیادہ موزوں طریقے سے قابل استعمال ہے جس کے مضمون کی سچائی کا کوئی دعویٰ نہیں ہے۔ چاہے وہ تعلیم ہی کیوں نہ بن جائے۔ اس طرح کی تحقیق تعلیم کے نوخیز مضمون کے ساتھ ساتھ اس فیلڈ میں کام کرنے والے تعلیمی پیشہ ور کیلئے بھی شامل کار اور سودمند ہے۔ بہت سی اختراع کردہ مداخلت جیسے (ملی جلی قابلیت کے گروپس، کمپری ہنسو سیکنڈری سکول، نصابی ڈیزائن وغیرہ) اور سیاحت کی تبدیلیوں نے نتیجے کے طور پر ایسی غیر ہموار تحقیق متعارف کروائی جو تعلیمی نشوونما میں رکاوٹ ڈالتی ہے۔ ایسی تحقیق کے حاصلات کی ان کی مشتبہ جوازیت کے ذریعے نشاندہی ہوتی ہے اور نتیجہ کے طور پر حقیقی پریکٹس کے عمل میں گمرائی/رکاوٹ ڈالتے ہیں۔ لہٰذا یہ مشق تعلیمی پالیسی کی تخلیق، منصوبہ سازی اور انتظام میں کم

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اہمیت کے حامل ہیں۔

روایتی تحقیقی ماڈل میں بہت سی خامیاں ہوتی ہیں جو کہ درج ذیل ہیں

ا۔تعلیم کی وجودی قسم کا تسلط تعلیمی مسائل کے یک طرفہ فہم کی رہنمائی کرتا ہے۔

۲۔مقاصد، اقدار اور انجام سے متعلق بنیادی سوالوں کے تسلی بخش جواب دینا ناممکن ہے۔

۳۔عمومی سچائی کی قابل سوال جوازیت جو کہ ممکن ہے محقق کے تعصب کا نتیجہ ہو اور پیچیدہ جوابات کی نوعیت کو مشتبہ بناتے ہیں جو کہ کسی خارجی اپروچ کے ذریعے منتخب کیے جاتے ہیں۔

۴۔لہٰذا ایسے نتائج کی قبل از قیاس جوازیت مشکوک ہوتی ہے۔

۵۔تعلیم کے عمل کے لئے اس طرح کی تحقیق خارجی نوعیت کی ہے اور شامل کنندہ کو بطور فاعل یا مفعول کے ٹریٹ کرتی ہے۔

بلاشبہ یہ ایک حقیقت ہے کہ صرف وجودی سائنسی تحقیقی ماڈل ہی ہمیں آدھا سچ مہیا کر سکتا ہے۔اور اس چیز کو بھی محسوس کیا جائے کہ بقیہ آدھا ممکن ہے زیادہ اہمیت کا حامل ہوتا ہم سب سے اہم حقیقت یہ ہے کہ مختلف Social Sciences کے مختلف تناظرات کو تصور میں رکھنا چاہیے۔

نفسیات کے لئے سمجھنے والے مناسب تحقیقی نمونے ممکن ہے تعلیم کے لئے مناسب نہ ہوں۔لہٰذا اس مسئلہ کو گہری اور عمدہ اپروچ کی ضرورت ہے۔تعلیمی تحقیقی نمونے کو طلباء اور اساتذہ کے فائدہ مند کردار کو ذہن میں ضرور رکھنا چاہیے۔تاہم اس سے بھی اہم تعلیم کے مضمون کی دوغلی اور کثیر مضمونی نوعیت ہے تعلیم کے صرف ایک پہلو / جہت کو اہمیت دے کر اور بقیہ کو نظر انداز کرنا گمراہ کن ہو سکتا ہے۔تعلیمی تحقیق میں بحث کیے جانے والے متعلقہ (شعبے) کا سوال بھی اہمیت کا حامل ہے اور مخالف مضمونی تحقیقی ماڈل کی ضرورت کو نمایاں کرتا ہے۔یہاں تک کہ تعلیمی برتری کے تناظر کو قائم رکھنے کے لئے غالب ضرورت کو بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔لہٰذا تھیوری، ماڈل کی ضرورت کی طرح، ایک نیا تعلیمی تحقیقی ماڈل بھی وقت کی ضرورت ہے۔

ان تعلیمی مسائل کے مطالعے کی کوششیں جو کہ بنیادی مضامین کی وسعت میں شامل

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں، مشکلات سے بھرپور ہیں۔ جب ہم تعلیمی منظرنامہ کو بطور نفسیاتی یا معاشرتی لیتے ہیں تو ہمارا تعلیمی پریکٹس کا تصور ایک بیرونی فرد کے جیسا ہوتا ہے زیادہ تر ابتدائی تحقیق تعلیمی ہرگز نہیں ہے بلکہ اپنی رخ رسمت میں نفسیاتی ہے۔ تعلیمی تحقیق جیسا کہ (مثال کے طور پر بچوں کی ذہنی نشو ونما یا لرننگ تھیوری پر مرکوز) تعلیم کو بطور عملی نفسیات کے لیتی ہے۔ تعلیم کے لئے ایسی اپروچ بالکل یک طرفہ ہے۔ اس میں تناظرات کا توازن اور ایسے توازن کے لئے بنیاد کی کمی ہے چونکہ تعلیم ایک پیچیدہ مضمون ہے۔ ایسے تعلیمی مسائل جن کو نصاب، تھیوری اور تعلیم میں تحقیق وغیرہ کو الہاموں کے باوجود سمجھا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ پوری ایجوکیشن میں واضح نظریاتی بنیاد کی بھی کمی ہے۔ تعلیمی تحقیق فطری طور پر بیرونی تناظرات کا شکار بنتی ہے۔

اوصافی تحقیقی نمونہ......ایک نقطۂ تغیر

معاشرتی سائنس میں تحقیق کی روایتی رسائی، ذرائع میں پائی جانے والی خامیاں اور نامعقولیت نے بالعموم اور تعلیم میں بالخصوص ہمیں نقطۂ تغیر پر لا کھڑا کیا ہے۔ مقداری مطالعات سے دوری اس احساس کا نتیجہ ہے کہ تحقیق میں اوصافی پہلو کے بغیر، تعلیمی پریکٹس میں اصلی اصلاح ممکن نہیں ہے۔ یہ اس حقیقت کی پہچان ہے کہ تعلیمی منظرنامہ کی پیچیدگی تحقیق کے لئے گہری اور ہمہ جہتی رسائی کا مطالعہ کرتی ہے۔ تعلیم میں مسائل کی اہمیت اور وضاحت کے لئے فوکس کا دائرہ محدود کرنے کا مطلب بنیادی مواد کی وسعت نہیں ہے جیسے کہ علم الانسانی معاشرتی سائنسی تحقیق میں ہوتا ہے۔ تھیوری میں تصوراتی تجزیہ عمومی اصولوں کے قیام کے لئے ہمیشہ سے ایک قابل قبول طریقہ رہا ہے۔ اب اس کی مکمل حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے کہ اعلیٰ درجے میں تمام قسم کی پریکٹس نظریاتی بنیادوں سے منسلک ہو اور تھیوری اصل میں تصوراتی شے ہے لہٰذا عملی مسائل کے جامع فہم کے لئے، انہیں وسیع نظریاتی تناظر میں دیکھنا ضروری ہے اور عقلی بنیادوں پر جانچا جائے اور آخر میں اس کی تصورکشی کی جائے۔ عملی مشاہدے اور شماریاتی تجزیے محض اہم مسائل کو جنم دے سکتے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں اور عقلی تصوراتی سوچ و بچار کے لئے شواہد مہیا کر سکتے ہیں اور تعلیم کے شعبے میں پالیسی کی رہنمائی، منصوبہ سازی اور اس کے نفاذ کے لئے معنی خیز حل تلاش نہیں کر سکتی۔ اس سے حقائق کی توضیح سے پرے ہٹ کر فلسفیانہ تجزیوں کی تشریح کے لئے تعلیمی تحقیق کی ضرورت پیش آتی ہے۔ قدر کے شعبے میں، وجودی سائنسی تحقیق کی مبہم نوعیت، عمومی سچائی تحقیقی حاصلات کی قیاسی جوازیت اور محقق نامناسب کردار کے مسئلے کو صرف اس صورت میں حل کیا جاسکتا ہے۔ اگر اوصاف کے تحقیقی نمونے کی مکمل صلاحیت کو آزمایا جائے۔ یہ تمام مسائل تعلیمی تحقیق کے قدیم تصورات کے خصائص بیان کرتے ہیں۔ اور ساتھ ساتھ تعلیمی تھیوری کی بھی جو دوسرے مضامین سے مدد لینے کیلئے بھی نظر دوڑاتی ہے اور ابتدائی معاشرتی طریقہ کار کی فرضی، استخراجی وجوبی اپروچز کو اختیار کرنے کی بھی کوشش کرتی ہے۔ اسی طرح، تعمیمات اور پیش گوئی کے مسائل کو بھی باہم منسلک فریم ورک کے ذریعے نہیں سلجھایا جاسکتا وہ فریم ورک جو قدرتی سائنسوں کے طریقہ کار کے خطوط پر استوار کیا گیا ہو۔ اگر ہم Popper (1957) کے سائنسی طریقہ کے تصور کو قبول کرلیں جو کہ جانچ پڑتال کی نسبت غلط بیانی ہے تو ہماری مشکلات مزید پختہ ہو جاتی ہیں کیونکہ ہمارے پاس کوئی عمومی بیان بالیقین نہیں ہے کہ جس کی حدود تلاش نہیں کیے جاسکتے۔ تاہم تعلیم میں کچھ محقق ابھی بھی ان سچائیوں کو تلاش کر رہے ہیں۔

اس حقیقت میں کوئی بشر نہیں کہ تعلیم کی اصل ریسرچ انجام، مقاصد اور اقدار میں پوشیدہ ہے۔ یہ بھی سچ ہے کہ انسانی سیاق وسباق رتناظر میں جیسا کہ تعلیمی منظر نامہ میں، حقیقت اور قدر کے مابین تعلق کو کسی بھی قیمت پر ترک کیا جاسکتا ہے۔ اس تناظر میں، بلوم Bloom اور اس کے پیروکاروں کی عقلی ایمانداری میں اہم بات یہ ہے کہ جب وہ قدر کے غیر جانبدار ہونے کی بات کرتے ہیں تو تعلیم میں کوئی بھی نقاد، اساتذہ، والدین اور طلباء مسئلے کی قیمت بارے آنکھیں بند نہیں کر سکتا۔ تعلیم کا تدریس اور تعلیم سے ہر جہت میں کوئی نہ کوئی حوالہ موجود ہے۔ یہ دونوں آپس میں باہم مربوط اور ناقابل تقسیم ہیں۔ یہ ممکن نہیں ہے کہ تعلیم میں معاشرتی سائنس دانوں کو قابل مقدار عنصر کے بارے میں تحقیق کی اجازت دے دی جائے اور فلسفیوں کو اس کے اوصافی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پہلو پر غور وفکر کی اجازت دی جائے۔مزید برآں کوئی بھی فرد ما حاصل کو نظر انداز نہیں کر سکتا۔ وہ تحقیقی اپروچ میں بھی کامل پورے ہو سکتے ہیں۔ یہاں بھی ایک اوصافی تجزیاتی اپروچ برتنے میں سہل ہے کیونکہ نمایاں ہوتے مفروضے، جاری تجزیے اور بناوٹی تشریح محقق کو مفروضے اور اصول جانچنے کی آزادی دیتی ہے۔ تعلیم میں یقینی عناصر (جیسے فنڈز طبعی سہولتیں وغیرہ) ممکن ہیں سائنسی تحقیق کے لئے موزوں ہوں قابل قدر مسائل کو وجودیت سے بچ نکلنا اور سائنسی پیش گوئی کو فریب دینا چاہیئے۔ یہی وجہ ہے کہ یہ کہا جاتا ہے تعلیم سائنس نہیں ہے یہ ایک آرٹ ہے اور اس کا اسی طرح جائزہ لیا جانا چاہیے۔(1)

قابل قدر مسئلہ کو ایک معلوم شدہ قانونی زاویہ رحکمیہ زاویہ تک محدود کیا جا سکتا ہے جو کہ ایک صاحب بصیرت پیشہ ور کا اختیار ہے جو کہ دراصل ایک آرٹسٹ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ کیوں نصاب اور تدریسی طریقہ کار جیسے اہم معاملوں میں غیر ساختہ اپروچ اور ملا جلا طریقہ وسعت حاصل کرتے جا رہے ہیں تو تعلیمی تحقیق ان سے ماسوا کیسے ہو سکتی ہے۔ حقیقی تعلیمی تحقیق کے ماڈل کی حالیہ پریشانی رتشویش نے دوبارہ نئی دلچسپی ظاہر کی ہے درج ذیل نکات میں:

۱۔انفرادی حالات کی مخصوصیت اور انوکھے پن پر تیز فوکس کا مطالعہ احوال۔

۲۔تعلیم بطور ایک فیلڈ کے انسانیت کی حدود میں شامل ہے۔

۳۔تحقیق کے انعقاد میں پیشہ وروں کا اہم کردار۔

۴۔سکول پر مبنی تحقیق تھیوری اور پریکٹس کے مابین نئے تعلق کے تناظر میں۔

۵۔ایکشن تحقیق کا تصور بطور معاشرتی حالات کے مطالعہ بمعہ ایکشن کے معیار کی اصلاح کے تصور کے ساتھ۔(2)

فوکالٹ (Foucault)، (1977)، ایلینٹ (Elliot) کے نزدیک ہمعصر مابعد جدید معاشرتی تجزیہ کی توجہ بھی اوصافی تعلیمی تحقیق پر مرکوز ہے اور یقینی پن، وضاحت، تعلیمات اور

1. Downey and Kelly, "Theory and Practice of Education" (3rd Ed.) pcp Education Series London, 1987. (p.249) (P. 12)
2. do ....

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طریقہ کار کے وجوبی آئیڈیلز پر تنقید ہے۔ جیسا کہ اوپر بحث کی جا چکی ہے کہ اوصافی تحقیق میں دلچسپی تحقیقی آلات کی جوازیت از سرنو جائزہ کیس ہسٹری کی جوازیت اور حیاتیاتی طریقے محقق اور عنوان کے مابین تعلق اور تفکر پسند تحریر وغیرہ کی طرف رہنمائی کرتی ہے۔ جیسا کہ مابعد جدیدیت والے اسے ٹیکنالوجی کی پیش گوئی کے قابل سمجھتے ہیں یا تجزیاتی آلات کا مفید سیٹ جو کہ تعلیمی تحقیق کی اصل نوعیت کو بگاڑ دیتے ہیں۔ Derrida کا تجزیاتی عمل حتیٰ کہ مفروضوں کے بارے میں بھی استفسار کرتا ہے جو کہ کوئی بھی مضمون صریحی طور پر لیتا ہے۔

1976ء و مابعد جدید او بتابیت کی طریقہ کار کی امید بہتر جانچ پڑتال کے ideal کو reject کرتی ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ مسئلے کی واضح تشکیل اور زیادہ اچھے نتائج بھی۔ جیسا کہ تعلیمی تحقیق کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ معاشرتی حالات کو خراب کرتی ہے یہ کڑی درجہ بندی اور فریبی طریقہ کار بھی تخلیق کرتی ہے۔ لیکن تجزیہ پسند حتیٰ کہ اوصافی تحقیق کو بھی مسترد کرتے ہیں جیسے نسوانی علم الانسانی بطور ایک تباہ کاری اور تحقیق کو علمیاتی مضرات سے بچانے کے لئے ایک کمیشن کی تجویز دیتے ہیں۔ (1)

جو کچھ تجزیہ پسند چاہتے ہیں وہ یہ ہے کہ انسانی عامل بابت بعد کے مثبت ارادوں اور یقینی کے روشن آئیڈیل کے مابین ایک ابتداء تخلیق کی جائے۔

"ایک طریقہ کار جس میں ہمیشہ تمام رکنیت میں سے کچھ افراد کو شمار کیا جاتا ہے (ہر فرد کو شمار کرنے کے عمل میں)

اس توڑ پھوڑ کے بعد وہ یہ امید کرتے ہیں کہ انہوں نے سچائی اور فکشن، فطرت اور ثقافت، مستند اور تصنع کے مابین فرق میں خلل ڈال دیا ہے۔ انسانی افعال میں نمونے اور باقاعدگیاں اور معاشرتی افعال میں اسٹرکچر کو بغیر کسی تصنع کو دیکھنے کے بعد یہی آزاد آزادی ہے کہ مابعد جدیدیت کے لوگ اصلی معاشرتی منظر نامہ تک رہنمائی کی کوشش کرتے ہیں۔

اس انجام کو پانے کے لئے زبان میں علامات اور اشاروں کے کردار کو سمجھا ہے۔ معاشرتی مباحثہ کیونکہ یہ معاشرتی پریکٹس کو ظاہر کرتا ہے اور کس طرح معقول پریکٹس تحقیق کے

---

1. Stronach and Maclure, "Educational Researcher and one", The Post Modern Embrace". Pen unviversity Press Philadelphia (1977), P.4.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

زیادہ اچھے فہم سے متعلقہ ہے۔ یہی وہ تناظر ہے جس میں موجودہ دور مابعد جدیدیت والے تعلیمی تحقیق کے مسئلے کو بنظر غائر دیکھتے ہیں۔

معاشرتی اور تعلیمی تحقیق میں حالیہ رجحانات ان درج ذیل درجات کی دوبارہ تفکر پر آ کر باہم مل جاتے ہیں مثلاً مصروفیت، مقداریت تعممات، قابل پیش گوئی، باقاعدگی وغیرہ اس کا مطلب میکانکی اور حقائق پر مبنی تحقیق کو مکمل طور پر ترک کرنا نہیں ہے۔

جو چیز درکار ہے وہ یہ ہے کہ ایسی تحقیقی طریقہ کار کی تجدیدات کو جاننا، نئے امکانات کے لئے راستہ کھلا رکھنا، لچکدار رہنا اور تحقیق کے ذریعے جامع فہم و فراست کی خاطر ہمیشہ نئی بصیرت کو شامل کئے رکھنے کے لئے تیار ہونا۔ اس کا یہ بھی مطلب ہے کہ ایسی تحقیق کے حاصلات کو ہمیشہ طائرانہ ہونا چاہیے۔ تحقیق میں فرق ضرور قائم کیا جانا چاہیے۔

ایجاد اور دریافت کے تناظر میں اور جانچ پڑتال اور تصدیق کے لئے اور اس میں تصوراتی تحقیق کی ضرورت بھی پوشیدہ ہے۔

ایسے بہت سے عملی کردار ہیں جو کہ تصورات انتشار جس نے تعلیمی ادب کو گھیرے میں لیا ہوا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ تعلیمی گفت وشنید نے عام انسان اور پیشہ ور دونوں کو مسحور کر رکھا ہے۔ تصورات کی وضاحت موجودہ تعلیمی مباحثہ کی اشد ضرورت ہے تاکہ تعلیمی پالیسی اور پریکٹس کو واضح طور پر تشکیل دیا جا سکے اور لاگو کیا جا سکے۔

دوسرے نمبر پر یہ کہ تعلیم بطور مضمون کو اس کے نظریاتی تناظر میں علیحدہ کرنے کی ضرورت ہے اور تشریحات اور رہنمائی کی غرض سے بنیادی اصولوں کی تشکیل بھی ضروری ہے۔ یہ تصوراتی تحقیق ہی ہے جو کہ اس مقصد کے لئے موزوں ہے۔ آزادانہ تصوراتی تحقیق کی سب سے اہم ضرورت اس لئے بھی ہے کہ تعلیم کی معاشرتی سائنسی اساس اور معاشرتی منظر نامہ جو تعلیمی سرگرمی میں ملوث ہے اس کے ساتھ deal کے لئے بھی تصوراتی تحقیق ضروری ہے تصوراتی میں تحقیق ایک جدید نمونہ ہے جو کہ معاشرتی تحقیق کے لئے موزوں ہے۔ اس لئے نہیں کہ یہ تعلیمی منظرنامہ کی کثیر مضمونی نوعیت کے ساتھ زیادہ اچھے طریقے سے deal کر سکتی ہے بلکہ اس لئے کہ یہ مختلف تحقیقاتی نمونوں کی تخلیق کی طرف رہنمائی کرے گی جن میں سے یہ ایک مخصوص تناظر، سیاق وسباق میں صحیح طرح سے موزوں ہوگا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

BIBLIOGRAPHY

1- A.S. Horn, Oxford Dictionary, 6th Edition, Sally Wehmeier

2- Ahier and Esland, Education Training and Future work, Routledge, Londons N.Y

3- Alan Michel Foucalt, "The will to truth", tavir stuck pub. London and New York.

4- Ball J.B, (Ed) "Foucaul to and Education" (1990),

5- Basri,Eshrat Hussain, "Taleem aur Maghrabi Fikr" (Urdu), Multan.

6- Bourdien, Langhage and Symbol power polity press cambridge (1992),

7- Bowles and Gintis Brameld, Theodore, "Education as Power".

8- Carter Victor Good, "Dictionary of Education", Mc Graw-Hill Book Company.

9- Dampier William Cecil, 1961 "A History of Science and its relation with Philosophy and Religion", 4th Edition, Cambridge University Press, New York.

10- Downey and Kelly, "Theory and Practice of Education" Education Series London

11- Foucault, "Discipline and punish; the Birth of the prison" London.

12- Foucault, "The Archaelogy of knowledge" Harper and Row. New York.1972.

13- Frederick Eby, "The Development of Modern Education", Prentice Hall of India Delhi

14-Halis & Morlin, "philosophy of Social Science." Cambridge university press, Delhi

15- Herold loukes John, Wilson & Barbara Cowell, "Education: An Introduction",

16-Holis Morlin, The philosophy of social science, cambridge university press Dehli

17- J.C. Aggerwal, "Theory & Practice",

18- J.W. Tibble, "An Introduction to the Study of Education",

19- John U. Michaelis, Ruth H. Grossman, Hoyd F.Scott, "New Design for the Elementary School Curriculum", New York, McGraw-Hill Book Company.

20- Kirger Joseph, Encyclopaedia of Education (Discipline), New York.

21- Koclemans, Joseph J. "Inter disciplinarity is Higher Education", Pennsylvania.

22-Narendera Vaidya, Shipra Vaidya, "Encyclopedia of Educational Foundations and Development"

23- Peters R.S "Ethics and Education" George Allen and Unwin Ltd. London, 1966.

24- Saxema Swroop, "Philosophical & Sociological Foundations of Education", London.

25- Stronach and Maclure, "Educational Researcher and one", The Post Modern Embrace". Pen unviversity Press Philadelphia (1977).

26- Van Dijk, T, "Discourse as structure and process" sage, London 1997.

27- Walton and J.Ruethe J.(Edu) "The Discipline of Education" Madison.

28- Winch, The idea of a social science and 'its relation to Philosophy", London.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

all l

cc.

uth

itle.

Dat

LIBRARY

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

عشرت حسین بصری

تاریخ پیدائش : 23 مارچ 1960ء (بصیرہ ضلع مظفر گڑھ)

مصروفیت : تدریس و تعلم

سکونت : الماس ہاؤس، سادات کالونی بوسن روڈ ملتان

تعلیم : ایم ۔ اے (اسلامیات، سیاسیات)، ایم ۔ ایڈ، ایل ایل بی

تصانیف : تدریس اسلامیات

: تعلیم اور مغربی فکر

: تعلیم بطور ڈسپلن (نظریہ و عمل)

: فاؤنڈیشن آف ایجوکیشن

: مغربی مفکرین کے تعلیمی افکار

زیر اشاعت : اسلام اور بہائیت کا تقابلی مطالعہ

: اسلامی ریاست میں غیر مسلموں کے حقوق (تاریخ کے تناظر میں)

: حقیقتِ مذاہب اور اسلام

: فلسفہ بہائیت اور اس کا ارتقاء

: یادِ عشرت

370 ع 510 ت
25788-EU-64

جناح بک س